فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ

مجموعہ وظائف

مع

دلائل الخیرات شریف

ترجمہ و اضافات

فقیر پیر محمد کرم شاہ من علماء الازہر الشریف
سجادہ نشین آستانہ عالیہ امیر السالکین حضرت پیر امیر شاہ صاحب چشتی نظامی بھیرہ ضلع سرگودھا

ناشر
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
داتا گنج بخش روڈ
لاہور، پاکستان

نام کتاب ——— مجموعہ وظائف مع دلائل الخیرات

مؤلف ——— پیر محمد کرم شاہ صاحب سجادہ نشین بھیرہ

خطاطی ——— خوشی محمد ناصر قادری

ضخامت ——— ۴۴۴ صفحات

بار ——— اول

تاریخ اشاعت ——— رمضان المبارک ۱۴۰۵ھ / جون ۱۹۸۵ء

مطبوعہ ——— حامد جمیل پرنٹرز ریٹی گن روڈ۔ لاہور

ہدیہ ———

ناشر ——— ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ لاہور ۲

فہرست

عنوان	صفحہ

صفحہ	عنوان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

ذکرِ الٰہی زندگی کی جان ہے۔ وہ زندہ انسان جو ذکرِ الٰہی سے غافل اور محروم ہے اگرچہ عام دیکھنے والوں کی نظروں میں تو اسے زندہ شمار کیا جاتا ہے لیکن درحقیقت وہ مُردہ ہے۔ بے جان ہے اور زندگی کی برکتوں سے یکسر محروم ہے۔ حیاتِ انسانی کی وُہی گھڑیاں سرمدی اور ابدی ہیں جو اپنے خالقِ کریم کی یاد اور محبت میں بسر ہوتی ہیں۔ زندگی کے وُہ لمحے جب انسان ذکرِ الٰہی سے محروم ہوتا ہے وُہ فانی ہیں۔ لاحاصل ہیں اور ایسی زندگی بسر کرنے والے کو بجز حسرت و ندامت اور کچھ نہیں ملتا۔

یہ لطیفہ غیبی جس کو قلب کہتے ہیں جو مملکتِ جسم کا سلطان اور فرمانروا ہوتا ہے جب تک اسے لذتِ ذکرِ الٰہی نصیب نہیں ہوتی وُہ افسردہ و پژمردہ رہتا ہے۔ حوادثاتِ دہر کے طوفان تنکوں کی طرح اسے اڑاتے رہتے ہیں۔ نہ اسے کہیں قرار نصیب ہوتا ہے اور نہ سکون میسر آتا ہے وُہ ایک ایسی پتنگ ہے جس کی ڈور کٹ گئی ہے۔ اور جب کشورِ جسم کے سلطان کی پژمردگی، بے چینی اور اضطراب کا یہ حال ہو تو جسم کی دوسری قوتیں ظاہری اور باطنی، ان میں سکون و اطمینان کیونکر پایا جا سکتا ہے زندگی کے سارے ماہ و سال فکری پراگندگی اور ذہنی بے چینی کا مرکز بنے رہتے ہیں۔ نہ وہ اپنی منزل کا صحیح تعین کر سکتا ہے اور نہ وُہ یکسوئی اور دلجمعی کے ساتھ اپنی خداداد قوتوں کو بروئے کار لا کر اپنی منزلِ حیات کی طرف پیش قدمی کر سکتا ہے۔ ساری عمر بھٹکتے بھٹکتے اور ٹھوکریں کھاتے بیت جاتی ہے اور جب اس کی زندگی کا چراغ بجھتا ہے تو ناکامی، نامرادی اور حسرت و یاس کے کانٹوں کے بغیر اس کے دامن میں کچھ بھی تو نہیں ہوتا۔

انسان کی زندگی کی منزل کا تعین اور اس کی طرف یکسوئی کے ساتھ رواں دواں رہنے کا عزم صرف انہیں نصیب ہوتا ہے جن کے دل میں محبوبِ حقیقی کے عشق کی آگ بھڑک رہی ہوتی ہے

اور ذکرِ الٰہی کی شمع ہاتھ میں پکڑ کر وہ جادۂ عشق و محبت پر گامزن رہتا ہے۔ اسی لئے قرآن کریم میں بار بار مختلف اسلوبوں سے انسان کو ذکرِ الٰہی کی ترغیب دی گئی ہے اور غفلت کے سراب میں ٹھوکریں کھاتے رہنے سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اسی طرح سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ارشاداتِ طیبات سے اپنے غلاموں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کی سعی جمیل فرمائی ہے۔ اور بڑے شوق آفرین اندازِ بیان سے اللہ تعالیٰ کے بندوں کے دلوں میں اپنے رب کریم کی یاد کا ذوق و شوق پیدا فرمایا ہے۔

پہلے آپ بے شمار آیاتِ قرآنی میں سے چند آیاتِ کریمہ ملاحظہ فرمائیں۔ اس کے بعد حکمتِ نبوت کے سدا بہار گلزار کے رنگین اور مہکتے ہوئے چند پھول پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

ارشادِ خداوندی ہے :-

۱۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۔ تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔ تم میری نعمتوں کا شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو۔

کتنی پیاری آیت ہے۔ رب کریم اپنے بندے کو فرما رہا ہے کہ اگر تم مجھے یاد کرو گے تو میں تمہیں یاد کروں گا۔ اور بندے کی اس سے بڑی خوش قسمتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کا خدا اسے یاد کرے۔

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

"مجھے پتہ چل جاتا ہے جب میرا خدا مجھے یاد کرتا ہے۔" لوگ یہ سن کر گھبرا گئے۔ انہوں نے پوچھا آپ کو کیسے پتہ چل جاتا ہے۔ آپ نے جواب دیا جب میں اس کو یاد کرتا ہوں وہ مجھے یاد کرتا ہے۔

اس آیت کے پڑھنے اور اس میں غور کرنے سے ذکرِ الٰہی کا شوق خود بخود پیدا ہو جاتا ہے لیکن صرف اسی پر اکتفا نہیں بلکہ ذکر کرنے والے کے ساتھ وعدہ جود و کرم بھی ہے۔ اُدْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۔ تم مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ جس سائل کو یہ یقین ہو کہ جس دروازے پر وہ دامنِ سوال پھیلا رہا ہے وہ کریم ہے اور وہ اپنے سائل کو کبھی خالی واپس نہیں کرتا تو خود سوچئے اس سائل کے ذوق و شوق کا کیا عالم ہو گا۔ صرف ایک آدھ بار

ذکر کرنے کو کافی نہیں سمجھا گیا بلکہ کثرتِ ذکر کی بار بار تاکید کی گئی ہے تاکہ بندہ کا کوئی سانس اور کوئی لمحہ اپنے خالق کریم کی یاد کے بغیر نہ گزرے۔ کہیں فرمایا اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا۔ اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کیا کرو۔ کہیں فرمایا اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ۔ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کو ہر حالت میں یاد کرتے ہیں کھڑے ہو کر بھی، بیٹھے ہوئے بھی اور اپنے پہلوؤں پر لیٹے ہوئے بھی۔ پھر فرمایا۔ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ۔ جب تم نماز ادا کر چکو تو پھر بھی اللہ کا ذکر کرو کھڑے ہو کر، بیٹھ کر اور لیٹے ہوئے یعنی نماز ادا کرنے کے بعد یہ نہ سمجھو کہ اب مزید ذکر کی ضرورت نہیں اتنا ذکر ہی کافی ہے جو اثنائے نماز کیا گیا ہے۔ فرمایا نماز کے بعد بھی ذکر کی شمع کو روشن رکھو اور جس حالت میں ہو ذکرِ الٰہی میں مشغول رہو۔

الغرض قرآن کریم میں بکثرت ایسی آیات ہیں جن میں یہ تاکید کی گئی ہے کہ صبح و شام ذکر کرو، رات اور دن میں ذکر کرو۔ سورج کے طلوع ہونے سے پہلے ذکر کرو، سورج کے غروب ہونے سے پہلے ذکر کرو، سورج ڈھلے تو ذکر کرو جب رات کے وقت ساری دنیا میٹھی نیند کے مزے لوٹ رہی ہو تم جاگو اور اپنے معبودِ برحق کی یاد میں محو ہو جاؤ کسی عارفِ ربانی نے خوب کہا ہے ؎

اوقات جاں بود کہ بایار بسر شد باقی ہمہ بے حاصلی و بے خبری بود

زندگی کے قیمتی لمحے تو وہی تھے جو محبوبِ حقیقی کی یاد میں بسر ہوئے۔ اس کے علاوہ جو کچھ کیا وہ لاحاصل تھا، بے مقصد تھا، بے خبری تھا اور نادانی تھا۔

ذکرِ الٰہی کی اہمیت قرآنی تعلیمات کو شارح قرآن کریم حضور نبی رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے جان پرور ارشادات سے بھی واضح فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا:-

۱۔ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَالشَّجَرَةِ الْخَضْرَاءِ فِيْ وَسَطِ الْهَشِيْمِ۔

اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا غافلوں میں اس طرح ہے جس طرح سوکھی گھاس میں ہرا بھرا درخت۔

دوسرا ارشاد گرامی ہے:-

۲۔ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَالْمُقَاتِلِ بَيْنَ الْفَارِّيْنَ۔

غافلوں میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے میدانِ جہاد سے بھاگنے والوں میں راہِ حق میں جنگ و قتال کرنے والا مجاہد۔

ایک حدیث قدسی سماعت فرمائیں :-

۳۔ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اَنَا مَعَ عَبْدِیْ مَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ شَفَتَاہُ بِیْ۔

حضور نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں میں اپنے بندے کے پاس ہوتا ہوں جب تک وہ میرا ذکر کرتا ہے اور میرے ذکر سے اس کے دونوں ہونٹ حرکت کرتے رہتے ہیں۔

۴۔ حضرت معاذ بن جبل نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے کچھ نصیحت فرمایئے۔ حضور نے فرمایا اپنے مقدور بھر اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور حجر و شجر کے پاس اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرو۔ اگر کوئی برا کام کر بیٹھو تو فوراً اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں از سرِ نو توبہ کرو۔ پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ توبہ اور علانیہ گناہ کی علانیہ توبہ۔

۵۔ حضرت معاذ بن جبل کہتے ہیں آخری بار جب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جدا ہوا وہ یہ ہے کہ میں نے آپ سے دریافت کیا کہ کون سا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پیارا ہے۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ تمہیں اس حالت میں موت آئے کہ تمہاری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر ہو۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُکَ رَطْبٌ بِذِکْرِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ۔

۶۔ فضیلتِ ذکر کے بارے میں آخر میں ایک اور پیاری حدیث غور سے سنیئے :-

قَالَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ مَنْ شَغَلَہٗ ذِکْرِیْ عَنْ مَسْئَلَتِیْ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ۔

جس شخص کو کثرتِ ذکر کے باعث سوال کرنے کی ہی فرصت نہ ملے میں اس کو بن مانگے وہ نعمتیں عطا فرماتا ہوں جو مانگنے والوں کی مانگی ہوئی نعمتوں سے افضل و اعلیٰ ہوتی ہیں۔

اہلِ ذکر کی شان اور مقامِ رفیع کا تو کیا کہنا وہ مجلسِ ذکر جس میں وہ بیٹھ کر اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اس کی شان ہی ہمارے تصور کی حد سے بالاتر ہے۔

۱۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْ بِھِمُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَةُ وَذَکَرَھُمُ اللّٰہُ فِیْمَنْ عِنْدَہٗ۔

جس مجلس میں کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں نورانی فرشتے اُن کو چاروں طرف سے
گھیر لیتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ان پر چھا جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو یاد فرماتا ہے ان اہل مجلس
کے درمیان جو اُس کے حریم قرب میں حاضر ہوتے ہیں۔

۲۔ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ قَوْمٍ اجْتَمَعُوْا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ تَعَالٰی
لَا یُرِیْدُوْنَ بِذٰلِکَ اِلَّا وَجْھَہٗ اِلَّا نَادَاھُمْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ قُوْمُوْا مَغْفُوْرًا لَّکُمْ قَدْ
بُدِّلَتْ لَکُمْ سَیِّاٰتُکُمْ حَسَنَاتٍ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے ایک جگہ
جمع ہوتے ہیں اور اس سے ان کا مقصد رضائے الٰہی کے بغیر اور کچھ نہیں ہوتا تو ان
لوگوں کو آسمان سے ایک ندا کرنے والا ندا کرتا ہے۔ اٹھو! تمہارے سارے گناہ بخش
دیئے گئے ہیں اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

۳۔ اہل ذکر کی مجلسوں کی بارگاہِ الٰہی میں بڑی عزت و شان ہے۔ اس سلسلہ کی آخری حدیث
حضرت ابوہریرہ اور ابوسعید خدری سے منقول ہے جسے امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی
اپنی صحیح میں روایت کیا ہے اُس کو پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مَلَآئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ
فَضْلًا عَنْ کُتَّابِ النَّاسِ فَاِذَا وَجَدُوْا اَقْوَامًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ تَنَادَوْا ھَلُمُّوْا
اِلٰی بُغْیَتِکُمْ فَیَجِیْئُوْنَ فَیَحُفُّوْنَ بِھِمْ اِلَی السَّمَآءِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی
اَیَّ شَیْءٍ تَرَکْتُمْ عِبَادِیْ یَصْنَعُوْنَہٗ فَیَقُوْلُوْنَ تَرَکْنَاھُمْ یَحْمَدُوْنَکَ وَیُمَجِّدُوْنَکَ
وَیَذْکُرُوْنَکَ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَھَلْ رَاَوْنِیْ فَیَقُوْلُوْنَ لَا۔ فَیَقُوْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ
کَیْفَ لَوْ رَاَوْنِیْ فَیَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْکَ لَکَانُوْا اَشَدَّ تَسْبِیْحًا وَتَحْمِیْدًا وَتَمْجِیْدًا فَیَقُوْلُ لَھُمْ
مِنْ اَیِّ شَیْءٍ یَتَعَوَّذُوْنَ فَیَقُوْلُوْنَ مِنَ النَّارِ فَیَقُوْلُ تَعَالٰی وَھَلْ رَاَوْھَا فَیَقُوْلُوْنَ لَا۔
فَیَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ فَکَیْفَ لَوْ رَاَوْھَا فَیَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْھَا لَکَانُوْا اَشَدَّ ھَرَبًا مِّنْھَا
وَاَشَدَّ نُفُوْرًا فَیَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ وَاَیَّ شَیْءٍ یَطْلُبُوْنَ فَیَقُوْلُوْنَ الْجَنَّۃَ فَیَقُوْلُ تَعَالٰی
وَھَلْ رَاَوْھَا فَیَقُوْلُوْنَ لَا فَیَقُوْلُ تَعَالٰی فَکَیْفَ لَوْ رَاَوْھَا فَیَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْھَا لَکَانُوْا اَشَدَّ عَلَیْھَا حِرْصًا

فَیَقُوْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ إِنِّیْ أُشْهِدُكُمْ أَنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَیَقُوْلُوْنَ كَانَ فِیْهِمْ فُلَانٌ لَمْ یُرِدْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ هُمُ الْقَوْمُ لَا یَشْقٰی جَلِیْسُهُمْ۔

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے بعض فرشتے ہیں جو زمین میں گشت کے لیے مقرر ہیں جب وہ کسی قوم کو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں ادھر آؤ یہ ہے تمہارا مقصود پس سب آجاتے ہیں اور آسمان تک خلا کو بھر دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے میرے بندوں کو کیا کرتے ہوئے تم نے چھوڑا۔ وہ فرشتے عرض کرتے ہیں ہم نے انہیں چھوڑا اس حال میں کہ وہ تیری حمد کر رہے تھے تیری بڑائی بیان کر رہے تھے اور تیری پاکی بیان کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سے دریافت کرتا ہے کہ انہوں نے مجھے دیکھا ہے۔ فرشتے جواب دیتے ہیں نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ تجھے دیکھ لیتے تو وہ تیری تسبیح تحمید اور تمجید پر اور زیادہ حریص ہوتے پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے کیا وہ کسی چیز سے پناہ مانگ رہے تھے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں الٰہی وہ آگ کے عذاب سے پناہ مانگ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے آتش جہنم کو دیکھا ہے فرشتے کہتے ہیں نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی۔ فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو وہ اس سے اور زیادہ دور بھاگتے پھر اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کوئی چیز طلب بھی کر رہے تھے فرشتے کہتے ہیں کہ جنت۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے اس کو دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں نہیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ان کی کیا کیفیت ہوتی اگر وہ جنت کو دیکھ لیتے۔ فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اس کو دیکھ لیتے تو اس کے حصول کے لیے اور زیادہ خواہش کا اظہار کرتے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے فرشتو! میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اس محفل میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو اس مقصد کے لیے وہاں نہیں آیا تھا بلکہ اسے کوئی اور حاجت تھی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا ذکر کرنے والے بندے وہ لوگ ہیں کہ جن کے پاس بیٹھنے والا بدبخت نہیں رہتا۔ یعنی وہ آدمی اگرچہ میرے ذکر کے لیے اس محفل میں شریک نہیں ہوا تھا لیکن اہل ذکر کی ہم نشینی تو اسے نصیب ہوئی تھی جو ایسے لوگوں کے پاس بیٹھ جائے اس کی شقاوت سعادت سے بدل جاتی ہے۔

ذکرِ الٰہی وہ صیقل ہے جس سے دل کا زنگار دور ہوتا ہے جس سے غفلت کی مدہوشی کافور ہوتی ہے اور نفسِ انسانی اخلاقِ رذیلہ سے نجات حاصل کر کے اخلاقِ حسنہ سے مزین و آراستہ ہوتا ہے اور انسانیت کے اعلیٰ وارفع مقام پر اس کو رسائی نصیب ہوتی ہے اس لئے صوفیاء کرام خود بھی اور اپنے متوسلین کو بھی ذکرِ الٰہی کی طرف متوجہ کرتے رہتے ہیں اس لئے مختلف قسم کے اوراد و وظائف انہوں نے طالبانِ حق کے لئے مدون و مرتب کر دیئے ہیں جو قرآن و سنت سے ماخوذ ہیں۔ تاکہ آسانی کے ساتھ وہ ان پر عمل پیرا ہو سکیں حضور نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس و اطہر پر درود پاک بھی ذکرِ الٰہی کی اعلیٰ ترین قسم ہے۔ کیونکہ ارشادِ ربانی ہے اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا یعنی یہ وہ ذکر ہے جس کو صرف خاکی انسان ہی انجام نہیں دیتے بلکہ نوری فرشتے بھی اس سے سعادت حاصل کرتے ہیں اور خود خداوند کریم بھی اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہے۔ اس لئے دیگر اذکار کے علاوہ درود پاک بھی اولیاء کاملین اور ان کے مخلص متبعین کا شعار رہا ہے اور درود پاک کے فضائل و برکات سے احادیث کی کتب بھری پڑی ہیں جن میں سے چند احادیث دلائل الخیرات شریف کی ابتداء میں حضرت مصنف نے ذکر کر دی ہیں۔ دلائل الخیرات درود پاک کے ان تمام صیغوں پر مشتمل ہے جو مختلف اسناد سے مروی ہیں اور اس کو اتنا قبول عام نصیب ہوا ہے کہ تمام سلاسل تصوف میں اس کی تلاوت کی جاتی ہے اور اس کو باعثِ سعادت و نجات تصور کیا جاتا ہے۔

برصغیر ہند و پاک کے چاروں مشہور سلسلوں چشتیہ، قادریہ، سہروردیہ اور نقشبندیہ میں اس وظیفہ کو پابندی سے پڑھا جاتا ہے۔ اور جن اہلِ دل حضرات نے اس کو اپنا معمول بنایا ہے انہیں ان برکات کا ذاتی مشاہدہ ہے جو اس کے طفیل بارگاہِ الٰہی سے انہیں ارزانی ہوتی ہیں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، آپ کے مشائخ، آباء و اجداد اور آپ کے متوسلین اس کے عامل تھے۔ آج جب کہ مادی لذتوں کی کشش نے اور زر و سیم کی ہوس نے ہر شخص کو اتنا مشغول کر دیا ہے کہ اسے ذکرِ الٰہی کے لئے نہ وقت ملتا ہے اور نہ اس کا شوق اس کے دل میں پیدا ہوتا ہے ضروری ہے کہ مشائخ عظام اور اولیاء کرام کے وظائف و معمولات کو بڑی اعلیٰ کتابت اور دلکش طباعت کے ساتھ قوم کے نوجوانوں کی خدمت میں پیش کیا جائے تاکہ وہ اپنی زندگی کے اولین مقصد کے حصول کی طرف بھی متوجہ ہوں۔

اس لئے ادارہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز نے دلائل الخیرات اور مجلہ سلاسل تصوف کے دیگر اوراد کو بڑے عمدہ طریقہ سے طبع کرانے کا اہتمام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس ادارہ کو خدمتِ دین کی بیش از بیش توفیقات سے بہرہ ور فرمائے۔

آج کل بعض اہلِ ظاہر جو کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آپ کو اہلِ علم وفضل میں شمار کرتے ہیں ہر جگہ یہ کہتے ہوئے سنائی دیتے ہیں کہ یہ اوراد و وظائف بدعتِ سیئہ ہیں۔ قرآن کریم کی تلاوت سے روکنے کا باعث ہیں مسلمانوں کو چاہیئے کہ ان کو اپنے معمولات میں ہرگز داخل نہ کریں۔

آج کل لوگ ویسے بھی خواہشاتِ نفسانی کے اسیر اور لذاتِ دُنیا کے گرویدہ ہونے کے باعث ذکرِ الٰہی سے محروم ہیں۔ ان مدعیانِ علم وفضل کی ان باتوں نے انہیں ذکرِ الٰہی کے شوق سے یکسر محروم کر دیا ہے۔ اب انہیں اس محرومی پر احساسِ زیاں بھی نہیں رہا۔ ان حضرات کے ان ارشادات نے انہیں مطمئن کر دیا ہے کہ غفلت کی میٹھی نیند کے جو مزے یہ لوٹ رہے ہیں اسی میں ان کی خیر ہے اسی میں ان کی بھلائی ہے۔

حالانکہ اگر یہ صاحبان بزرگانِ دین کے ان وظائف و اوراد کا بنظرِ غائر مطالعہ کریں تو انہیں اس نتیجہ پر پہنچنے میں ذرا دقت نہ ہو کہ قرآن کریم کی بے شمار آیات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان گنت ارشادات جن میں ذکرِ الٰہی کی تلقین کی گئی ہے اور جو وقت اپنے معبودِ برحق کی تحمید و تمجید کی ترغیب دی گئی ہے درحقیقت یہ اوراد و ادعیہ ان امر کی حسین تعمیل ہیں۔ اور یہ رب العالمین کے ان عاشقانِ باصفا کی کیف انگیز اور شوق آگیں عبارات ہیں جن میں انہوں نے اپنے پاک دلوں میں امڈ کر آنے والی کیفیاتِ محبت کو اپنی پاک زبانوں سے الفاظ کا زیبا لباس پہنایا ہے۔ آپ ان اوراد میں ایک جملہ کی بھی نشان دہی نہیں کر سکتے جس میں توحیدِ ذاتی اور توحیدِ صفاتی کو بکمال بلاغت وفصاحت بیان نہ کیا گیا ہو۔ یہ دلوں سے نکلے ہوئے ایسے اثر آفرین جملے ہیں کہ غافل سے غافل دل بھی ان کی تلاوت کے بعد لذتِ ذکر سے سرشار ہو جاتا ہے اور اپنے معبودِ برحق کی یاد میں یوں کھو جاتا ہے کہ دُنیا و مافیہا سے بے نیازی کی کیفیت اس پر طاری ہو جاتی ہے جو اوراد ذکرِ الٰہی سے عبارت ہوں اور ذکر بھی وہ جو عشق و محبت کے رنگ میں رنگا ہوا ہو۔ اس کے بارے میں لوگوں کے دلوں میں غلط فہمیاں پیدا کرنا اور شک و شبہ کی تخم ریزی کرنا دین کی کوئی خدمت نہیں۔

عہدِ حاضر کے مدعیانِ علم و دانش کو ان کے حال پر رہنے دیجئے۔ ذرا زمرۂ عُلما کے ان اہلِ تحقیق اسلافِ صالحین کی سیرتوں کا مطالعہ کیجئے۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ عمر بھر اولیا۔ کرام کے مرتب کردہ اوراد و وظائف کو پابندی سے پڑھتے رہے اور ان کی برکات و فیوضات سے اپنے دلوں کو وادیٔ ایمن بناتے رہے اور اپنے ہم نشینوں کے سینوں میں عشقِ الٰہی کی آگ بھڑکاتے رہے۔

حضرت خواجۂ خواجگان شمس العارفین شمس الحق والدین سیالوی قدس سرہ العزیز کے وجودِ مسعود سے طریقت و معرفت کے گلشن میں بہار آگئی۔ قریہ قریہ، بستی بستی ذکرِ الٰہی کی محفلیں منعقد ہونے لگیں۔ ہر سُو، ہر سمت اللہ ہو کی دلنواز اور رُوح پرور صدائیں بلند ہونے لگیں۔ دلوں کے بجھے ہوئے چراغ پھر روشن ہو گئے۔ ٹھٹھرے ہوئے احساسات کو فطرتِ سیماب ارزانی ہوئی جو بھی اس بندۂ حق کے رُوئے زیبا کی زیارت کرتا محبتِ الٰہی کی دولت سے اس کا دامن معمور ہو جاتا۔ آپ کے فرزند ارجمند ثانی ذی شان حضرت خواجہ محمد دین قدس سرہ العزیز جو حضرت شمس العارفین کے وصال کے بعد آستانۂ عالیہ سیال شریف کے پہلے سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ آپ نے آنجناب کی اجازت و ایما سے ۱۳۹۱ھ میں سالکانِ راہِ حقیقت و طالبانِ گوہرِ معرفت کی راہ نمائی اور آسانی کے لیے مجموعہ وظائف ترتیب دیا۔ جسے حضرت علامہ مولٰنا احمد دین صاحب ڈنگوال جو اعلیٰ حضرت کے خلیفہ مجاز تھے نے کمال محبت کے ساتھ طبع کرایا حضرت خواجہ شمس العارفین رحمۃ اللہ علیہ کو آپ کے شیخ کامل پیر پٹھان حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ نے چاروں سلسلوں کی اجازت دی تھی اس لیے حضرت خواجہ شمس العارفین کی اجازت سے جو مجموعہ اوراد و وظائف مرتب ہوا اس میں فقط سلسلہ چشتیہ کے معمولات پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس میں چاروں سلاسل تصوف کے اہم معمولات کو یکجا کر دیا گیا ہے۔

یہ مجموعہ وظائف جو اب آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے اس میں حضرت قبلہ ثانی صاحب کے شائع کردہ مجموعہ وظائف کی پیروی کی گئی ہے تاکہ بعینہٖ وہی چیز، اسی ترتیب کے ساتھ شائقین تک پہنچے جو حضرت خواجہ شمس العارفین کی اجازت سے آپ کے فرزند ارجمند نے مرتب کی تھی۔

حضرت مولٰنا احمد دین صاحب کا مجموعہ وظائف غیر مترجم تھا۔ بعد میں اس کے جو ایڈیشن شائع ہوئے وہ اگرچہ مترجم تھے لیکن عربی متن غلطیوں سے بھرا ہوا تھا۔ اور ترجمہ بھی کیف و سرور سے

یکسر خالی تھا۔ یہ مجموعہ مترجم ہے اور اس کے ترجمہ میں کوشش کی گئی ہے کہ ترجمہ پڑھتے ہوئے قاری کو وہی کیف و سرور میسر آئے جو اصل متن کی تلاوت سے اہل علم کو نصیب ہوتا ہے۔ نیز پوری کوشش کی گئی ہے کہ عربی متن کتابت کی غلطیوں سے مبرا ہو۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ بیکس پناہ میں یہ فقیر سراپا تقصیر بصد عجز و نیاز ملتجی ہے کہ وہ رحیم و کریم اپنے اس عاجز بندے کی اس کوشش کو شرف قبول بخشے۔ ان اوراد کے پڑھنے والوں کو انہیں برکتوں اور سعادتوں سے بہرہ ور کرے جو اہل دل کا مقدر ہیں اور ادارہ ضیاء القرآن پبلیکشنز کو بھی بزرگان دین کی تعلیمات دل آویز، دل افروز اور دلربا انداز میں قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔

اس مجموعہ وظائف میں ترجمہ کے علاوہ قارئین کے فائدہ کے لیے چند چیزوں کا اضافہ کیا گیا ہے حصن حصین سے چند ایسی دعائیں نقل کی گئی ہیں جن کی ہر شخص کو اکثر ضرورت ہوتی ہے۔ یہ وہ دعائیں ہیں جو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو تعلیم فرمائیں۔ جن کی برکات اور اثرات محتاج بیان نہیں۔ نیز مشائخ سلسلہ چشتیہ کے حالات بڑے اختصار کے ساتھ بیان کر دیئے ہیں۔ بعض مقامات پر جہاں جگہ تھی اولیاء کاملین کے دل میں اتر جانے والے ارشادات کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَهُوَ وَلِيُّ التَّوْفِيْقِ۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیک وانی من المسلمین بجاہ حبیبک الکریم شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین الی یوم الدین۔

المترجم والمرتب

الملتمس بذیل حبیبہ الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

محمد کرم شاہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ امیریہ چشتیہ نظامیہ

بھیرہ۔ ضلع سرگودھا

۶۔ رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ

۶۔ جون ۱۹۸۴ء

ترتیبِ ادائے وظائف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ (یعنی تعریف کرتے ہیں ہم اللہ کی اور درود بھیجتے ہیں اس کے رسول بزرگ پر)

امابعد خادم الصلحاء والفقراء احقر عباد اللہ الصمد بندہ منشی شیخ الٰہی بخش التماس مے نماید کہ برائے سہولت و آسانی سالکان و وظیفہ خوانان و طالبان خاندان چشتیہ طریقہ خواندن مجموعہ وظائف بعد دلائل الخیرات کہ از زبان فیض ترجمان قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین شمس الحق والدین خواجہ خواجگان خواجہ شمس الدین قدس سرہ سیالوی منقول ست درج ذیل کردہ شود تا طالبان راہ حق برین منوال عمل نمودہ فائز المرام شوند و این احقر العباد را بدعائے خیر یاد فرمائند باید کہ چوں از خواب بیدار شود بطریق مسنون وضو ساختہ دوگانہ تحیۃ الوضوء بگزارد و در رکعت اول بعد سورۃ فاتحہ آیت وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا (یعنی اگر وہ لوگ جب ظلم کرتے اپنے نفس پر آتے تیرے پاس بخشش مانگتے اللہ سے اور بخشش مانگتا واسطے ان کے رسول البتہ پاتے اللہ کو بخشنے والا مہربان) و در رکعت دوم بعد سورۃ فاتحہ آیت وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (یعنی جو کوئی برا عمل کرے یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش مانگے پائے گا اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا) بعد ازاں دوازدہ رکعت نماز تہجد بگزارد بشش سلام و در رکعت اول بعد از سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی تا خالدون و در ثانی آمن الرسول تا آخر سورہ و در ثالث سورۃ اخلاص یک بار و در رابع دو بار علی ہذا القیاس سورۃ اخلاص یک بار در ہر رکعت زیادہ نمودہ تا در رکعت اخیرہ دوبار خواندہ تمام کند و بعد از سلام این دعا بخواند اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّسَارِيْ نُوْرًا وَّفَوْقِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَمَامِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّعَصَبِيْ نُوْرًا وَّلَحْمِيْ نُوْرًا وَّدَمِيْ نُوْرًا وَّشَعْرِيْ نُوْرًا وَّبَشَرِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا (یعنی اے بار خدایا کر تو دل میرے میں نور اور آنکھ میری میں نور اور کان میرے میں نور اور دائیں میرے نور اور بائیں میرے نور

اور اوپر میرے نور اور نیچے میرے نور اور آگے میرے نور اور پیچھے میرے نور اور کر دے تو واسطے میرے
نور اور زبان میری میں نور اور پٹھے میرے میں نور اور گوشت میرے میں نور اور خون میرے میں نور اور
میرے بالوں میں نور اور میرے چمڑے میں نور اور کر دے بیچ نفس میرے کے نور اور بڑا کر دے مجھے نور
سے اے بار خدایا دے تو مجھ کو نور) بعد ازاں بر مصلے نشستہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ
اِلَیْہِ یعنی بخشش مانگتا ہوں میں اللہ سے ہر گناہ سے اور توبہ کرتا ہوں میں طرف اس کے ہزار بار بخواند و اگر
نتواند یا صد بار بخواند بعد ازاں تا صبح صادق در ذکر پاس انفاس یا وقوفِ قلبی مشغول شود و چوں وقت نماز
بامداد در آید نماز بجماعت بگذارد و بعد از سلام آیۃ الکرسی یک بار سُبْحَانَ اللّٰهِ سی و سہ بار و اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
سی و سہ بار اَللّٰهُ اَکْبَرُ سی و چہار بار و یک بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ
وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بخواند و ہشتاد بار اسم یَا وَدُوْدُ بخواند و دست دعا بجناب مجیب الدعوات بر آوردہ
عافیتِ دارین بخواہد و بعد ازاں مسبعات عشر قبل از طلوع آفتاب تمام کند. بعد ازاں اسماء الحسنٰی بر دو قسم
متصل بجوں هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ تا آخر متصل بجوں یَا اَللّٰهُ یَا رَبُّ یَا رَحْمٰنُ تا
آخر یک بار بخواند بعد ازاں دعائے کبیر یک بار بخواند و یک منزل بسوع شریف بخواند و شروع منزل
یک شنبہ کند بعد ازاں یک بار درود مستغاث بخواند طریقہ زکوٰتش این است روز چہار شنبہ شروع کند۔
اوّل روز یک بار بخواند دوم بار دو بار ہمیں طریق تا روز یازدہم یازدہ بار بخواند بروز دوازدہم دہ بار سیزدہم
نُہ بار بخواند تا روز بیست ویکم یک بار بخواند بعد ازاں قبل از نماز فجر یا بعد آں وظیفہ روزمرہ یک بار مقرر سازد
و باید کہ در مدتِ زکوٰۃ صائم باشد و از اشیاء جلالی مثل گوشت و پیاز و سیر و مانند ایں ہا پرہیز کند و جماع نکند
و بوقتِ خواندن نزد خود خوشبو دارد و جامہ سفید پوشد و جائے خواندن مقرر سازد و باید کہ اوّل زکوٰۃ و بعد
بعد ازاں قدرے طعام پختہ بارواح جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و بارواح خواجگان چشتیہ نظامیہ
رضی اللہ عنہم خصوصًا بارواح شیخ خود برساند و دعاء عافیتِ دارین بطلبد بعد ازاں درود کبریت احمر یک بار
بخواند و اگر تواند سہ بار بعد نماز فجر و ظہر و عشاء تمام کند طریقہ زکوٰۃ او این است اوّل دہن خود حسب ارشاد
رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم طَہِّرُوْا اَفْوَاهَکُمْ بِالسِّوَاکِ (یعنی پاک کرو اپنے مونہوں کو ساتھ مسواک کے
پاک و صاف نماید و وضو بطریق مسنون ساختہ غسل کند و دستار بقدر پنج دست بر سر بندد و چادر دو گزی
یا یک گزی بر بدن پیچد و جا نماز بقدر سہ دست در زیر خود اندازد و ایں ہر سہ پارچہ غیر مستعمل باشد و نیز

خواندن مکان علیحدہ باشد و باید کہ بعد از نصف ماہِ شعبان شروع کردہ تا آخر رمضان شریف تمام کند و
روزہ در ایام زکوٰۃ از شرائط مؤکدہ است باید کہ قبل از شروع دوگانۂ تحیۃ الوضو بگذارد و در ہر رکعت بعد از
فاتحہ اخلاص سہ بار بخواند و بعد از سلام فاتحہ یک بار و اخلاص ہفت بار خواند ثواب او بجناب رسالت پناہ
صلی اللہ علیہ وسلم و بحضور حضرت غوث الاعظم رساند و بحضور مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و بہ نیت مجتبائی
شروع کند یازدہ یازدہ بار تا چہل و یک روز بخواند و در سہ محل سجدہ کند اول چوں بکلمہ صَلٰوۃً تَمْلَاُ
الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ برسد ایں دعا سر در سجدہ نہادہ بخواند صَلٰوۃً تَسْتَجِیْبُ بِہَا دُعَآءَنَا وَتُزَکِّیْ بِہَا
نُفُوْسَنَا وَتُحْیِیْ بِہَا قُلُوْبَنَا محل دوم وَتُحِلُّ بِہَا الْعُقَدَ وَتُفَرِّجُ بِہَا الْکُرَبَ محل سوم وَتُجْرِیْ بِہَا
لُطْفَکَ فِیْ اَمْرِیْ وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِیْنَ چوں یازدہ بار تمام کند بجناب مجیب الدعوات دست دعا
برداشتہ بگوید خداوندا از برکت ایں درود شریف پیرویٔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم روزی کن
و محبت او نصیب گرداں و مشاہدۂ ذاتِ خود مشرف گرداں بعد از فراغت دستار و چادر و جائے نماز
دراں حجرہ یا مکانے دیگر محفوظ دارد و از اشیائے جلالی مثل گوشت ماہی وغیرہ و سیر و پیاز و عدس پرہیز
کند و بعد از زکوٰۃ حلوائے یا شیرینی بر درویشاں تقسیم کند و ہمیں طریق زکوٰۃ ثانی بیست و یک بار وظیفہ روز خود
ساختہ تمام کند و زکوٰۃ ثالث مع شرائط مذکور چہل و یک بار وظیفہ ہر روز تا چہل و یک روز تمام کنند
بعد ازاں سلسلۂ چشتیہ نظامیہ بخواند چوں آفتاب نیزہ یا دو نیزہ بلند شود نماز اشراق دوازدہ رکعت بگذارد
بعد ازاں صلوٰۃ العاشقین چار رکعت بخواند۔ در رکعتِ اول بعد از فاتحہ یَا اَللّٰہُ صد بار و در دوم یَا رَحْمٰنُ
صد بار و در سوم یَا رَحِیْمُ صد بار و در چہارم درود صد بار و بعد از سلام ایں دعا بخواند اَللّٰھُمَّ زِدْ نُوْرَنَا
وَزِدْ سُرُوْرَنَا وَزِدْ خُشُوْعَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ
ذَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَمَلَنَا یَا مَوْلٰنَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ و بعد از نوافل دلائل الخیرات
بخواند بطریق اسمائے سیدنا و نبینا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم شروع کند و بعد ہر اسم مبارک درود شریف صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم بخواند چنانچہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم احمد صلی اللہ علیہ وسلم علیٰ ہذا القیاس اسمائے سامات تا ختم حزب روزمرہ بخواند و بعد ازاں حزب
اول و حزب خامس روز جمعہ بخواند و باقی احزاب تا آخر کتاب بطریق مرقوم تمام کند یعنی حزب ثانی روز
شنبہ و حزب ثالث در روز یک شنبہ علیٰ ہذا القیاس تا آخر کتاب بخواند و احادیث کہ قبل از اسماء شریف
مرقوم اند آں را ہم گاہے گاہے خواندہ باشد تا فضائل درود شریف و ازدیاد رغبت درود خوانی معلوم

شود و چوں حزب ششم روز جمعه تا آخر کتاب ختم کند پس معاً حزب اول و حزب خامس بخواند باز بطریق مذکور
تمام کند۔ بعد ازاں بتلاوت قرآن مجید مشغول شود و پنج رُبع منزل روز مرّہ مقرر سازد و تا در بیست و چهار
روز ختم شود بعد ازاں بمطالعه کتب سلوک یا توحید مشغول شود تا یک نیم سپاره بخواند و وقت نصف النهار
حسب الارشاد سید المختار ﷺ قِیْلُوْا فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ لَا یَقِیْلُ و قدرے قیلوله کند بعد ازاں چوں از خواب بیدار شود
وضو کند و نماز ظهر بجماعت بگزارنید و ختم خواجگان چشتیه نظامیه بخواند بایں ترتیب اول پانزده بار درود
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بعد ازاں سه صد و شصت بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنْهُ اِلَّا اِلَیْهِ بخواند بعد ازاں اَلَمْ نَشْرَحْ سه صد و شصت بار باز
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ الخ سه صد و شصت بار یازده بار درود مذکور بخواند و ثواب آں بجناب باری تعالے
جل جلاله گذرانید و بارواح جناب رسالت مآب رسول مقبول صلی الله علیه وآله وسلم برساند بعدهٗ بارواح
پیران خود و بارواح پنج خانواده چشتیه و بارواح جمیع اہل سلسله خود اسم باسم برساند و برائے خواندن ختم شریف
یک صد و بیست بادام مقرر سازد و بعد ازاں بمطالعه کتب اہل عرفان و ترجمه قرآن مجید مشغول شود و چوں وقت
نماز عصر در آید چهار رکعت سنت عصر بگزارد و در رکعت اول بعد از فاتحه سورۂ عصر چهار بار و در ثانی سه بار
و در ثالث دو بار و در رابع یک بار بخواند و بعد از سلام دعا سنت عصر که دریں کتاب مرقوم است بخواند بعد
ازاں چهار رکعت فرض گذارنید و مسبعات عشر قبل از غروب آفتاب بخواند بعد ازاں در ذکر پاس انفاس یا
وقوف قلبی مشغول شود و چوں وقت نماز مغرب بیاید نماز بگزارد و بعد ازاں صلوٰة اوابین شش رکعت به سه
سلام در هر رکعت بعد از فاتحه سه بار اخلاص بخواند بعد ازاں دو رکعت حفظ الایمان در رکعت اول بعد از فاتحه
اخلاص هفت بار و فلق یک بار و دوم اخلاص هفت بار و سورۂ ناس یک بار بخواند و بعد از سلام سر در سجده
نهاده سه بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ بگوید و بعد از سجده دست برداشته بگوید خداوندا بحرمت
احمد مجتبے محمد مصطفے صلی الله علیه وسلم بحرمت جمیع خواجگان چشت اہل بہشت از سلب ایمان و از هر علت و
قلت و ذلت در حفظ خود مرا محفوظ دار۔ آمین یا رب العالمین۔

ز نورِ شمس سلیمان ، عیاں[1] محمد الدین[2]

پیر مهر علی شاه صاحب گولڑه شریف والے ۞ پیر حیدر شاه صاحب جلالپوری

ترتیبِ ادائے وظائف (ترجمہ اُردو)

خاندانِ طریقہ چشتیہ کے سالکین اور وظیفہ خواں کی سہولت اور آسانی کے لئے ادائے وظائف کی وہ ترتیب پیش کی جاتی ہے جو بزبانِ فیض ترجمان قدوۃ السالکین، زُبدۃ العارفین شمس الحق والدین خواجہ خواجگان، خواجہ شمس الدین سیالوی قدس اللہ سرہٗ سے منقول ہے تاکہ طالبانِ راہِ حق اس طریقہ پر عمل کر کے منزلِ مقصود تک رسائی حاصل کریں اور اس احقر العباد کو اپنی دُعائے خیر میں یاد فرمائیں۔

حضرت شمس العارفین رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ جب طالبِ راہِ حق نیند سے بیدار ہو تو مسنون طریقہ پر وضو کرے اور دوگانہ نفل تحیۃ الوضو ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد یہ آیت پڑھے

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۔ (النساء، آیت ۶۴)

(ترجمہ) اگر وہ لوگ جنھوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا وہ آپ کی خدمتِ عالی میں حاضر ہوں اور اللہ تعالےٰ سے مغفرت طلب کریں اور رسول اکرم بھی اُن کی مغفرت کے لئے التجا کرے تو وہ لوگ یقیناً اللہ تعالےٰ کو توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا پائیں گے۔

دُوسری رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد یہ آیت پڑھے۔

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔

(ترجمہ) جو کوئی بُرا عمل کرے یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش مانگے پائے گا اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا)

اس کے بعد نمازِ تہجد بارہ رکعت چھ سلاموں کے ساتھ ادا کرے۔ ہر بار دو نفل کی نیت باندھے پہلی رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی تا خٰلدون پڑھے۔ دُوسری رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد اٰمن الرسول تا آخر سُورت تلاوت کرے۔ تیسری رکعت میں سُورۃ اخلاص ایک بار چوتھی میں دو بار ہر رکعت میں ایک ایک بار سُورۃ اخلاص کا اضافہ کرتا جائے۔ بعد نمازِ تہجد یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ

يَسَارِي نُورًا وَفَوْقِي نُورًا وَتَحْتِي نُورًا وَأَمَامِي نُورًا وَخَلْفِي نُورًا وَاجْعَلْ لِي نُورًا وَفِي لِسَانِي نُورًا وَعَصَبِي نُورًا وَلَحْمِي نُورًا وَدَمِي نُورًا وَشَعْرِي نُورًا وَبَشَرِي نُورًا وَاجْعَلْ فِي نَفْسِي نُورًا وَأَعْظِمْ لِي نُورًا اللّٰهُمَّ أَعْطِنِي نُورًا۔

ترجمہ: اے اللہ میرے دل میں نور بھر دے، میری آنکھوں میں نور بھر دے، میرے کانوں میں نور بھر دے، میرے دائیں طرف نور کر دے، میری بائیں طرف نور کر دے، میرے اوپر نور کر دے، میرے نیچے نور کر دے، میرے آگے نور کر دے، میرے پیچھے نور کر دے، میرے لئے نور ہی نور کر دے، میری زبان میں نور کر دے، میرے پٹھوں میں نور کر دے، میرے گوشت میں نور کر دے، میرے خون میں نور کر دے، میرے بالوں میں نور کر دے، میری جلد میں نور کر دے، میرے نفس میں نور کر دے، میرے لئے نور کو عظیم بنا دے، اے اللہ! مجھے نور عطا فرما دے۔

اس کے بعد مصلّٰی پر بیٹھے بیٹھے ایک ہزار مرتبہ یہ استغفار پڑھے یا پانچ سو مرتبہ۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ۔

ترجمہ: میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے جو میرا رب ہے ہر گناہ سے اور میں صدقِ دل سے اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

اس کے بعد صبح صادق تک ذکر پاس انفاس یا وقوفِ قلبی میں مشغول رہے اور جب نمازِ صبح کا وقت ہو جائے تو نماز باجماعت ادا کرے۔ اور سلام کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار، سبحان اللہ تینتیس بار، الحمد للہ تینتیس بار، اللہ اکبر چونتیس بار اور ایک بار لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔ اور اسی مرتبہ یَا وَدُودُ پڑھے۔ پھر مجیب الدعوات کی بارگاہ میں دستِ دعا دراز کرے اور دارین کی عافیت کے لئے التجا کرے۔ اس کے بعد طلوعِ آفتاب سے پہلے مسبعات عشر پڑھے۔ اس کے بعد اسمائے حسنیٰ کی تلاوت کرے۔ اور ان اسماء کے پڑھنے کے دو طریقے ہیں متصل جیسے هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ تا آخر۔ غیر متصل جیسے يَا اللّٰهُ يَا رَبُّ يَا رَحْمٰنُ تا آخر۔ اس کے بعد ایک مرتبہ دعائے کبیر پڑھے۔ پھر اسبوع شریف کی ایک منزل پڑھے۔ اور اس منزل کی ابتدا اوراد سے کرے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ درود مستغاث شریف پڑھے۔

درود مستغاث کی زکوٰۃ کا طریقہ

بُدھ کے روز شروع کرے پہلے دن ایک مرتبہ۔ دُوسرے دن دو مرتبہ۔ اسی طرح گیارہ دن تک ایک بار کا اضافہ کرتا جائے یعنی گیارھویں دن گیارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک ایک مرتبہ کم کرنا شروع کردے۔ بارھویں دن دس مرتبہ۔ تیرھویں دن نو بار۔ یہاں تک کہ اکیس دن پڑھے اکیسویں دن ایک بار پڑھ کر ختم کرے۔ اس کے بعد نماز فجر سے پہلے یا بعد ایک مرتبہ وظیفہ رکھے۔

شرائطِ زکوٰۃ

زکوٰۃ کے دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہے اور اشیاء جلالی مثل گوشت پیاز لہسن مصالحہ سے پرہیز ضروری ہے۔ مباشرت سے بھی پرہیز کرے پڑھتے وقت اپنے پاس خوشبو رکھے اور سفید لباس پہنے اور پڑھنے کی جگہ متعین کردے چاہیئے کہ پہلے زکوٰۃ دے۔ اس کے بعد کچھ کھانا پکائے اور اس کا ثواب رُوحِ مبارک جنابِ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں پیش کرے۔ اور خواجگانِ چشتیہ نظامیہ کی اَرواحِ مطہرہ و خصوصاً اپنے شیخ طریقت کی رُوح کو اس کا ثواب پہنچائے اور دونوں جہان کی عافیت کی دُعا مانگے۔

اس کے بعد درود کبریتِ احمر شریف ایک بار پڑھے۔ اگر ہو سکے تو تین بار نمازِ فجر، ظہر اور عشاء کے بعد ایک ایک بار پڑھے۔

درود کبریتِ احمر شریف کی زکوٰۃ کا طریقہ

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے حسبِ ارشاد رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طَیِّبُوْا اَفْوَاهَکُمْ بِالسِّوَاکِ کہ اپنے مونہوں کو مسواک سے پاک کرو مسواک کے بعد مسنون طریقہ سے وضو کرے۔ پھر غسل کرے اور دستار بقدر پانچ ہاتھ سر پر باندھے اور چادر دو بری یا ایک بری کے ساتھ اپنے

بدن کو لپیٹے اور جا۔نماز بقدر تین ہاتھ اپنے نیچے بچھائے۔ یہ تینوں کپڑے غیر مستعمل ہونے چاہئیں اور پڑھنے کے لئے الگ مکان ہونا چاہئے اور چاہیئے کہ ماہ شعبان کے نصف کے بعد شروع کرے تاکہ آخر رمضان شریف میں مکمل ہو جائے۔ اور اس کی شرائط زکوٰۃ میں سے ان ایام میں روزہ ضروری ہے شروع کرنے سے پہلے دو نفل تحیۃ الوضو پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین بار پڑھے سلام کے بعد سورۃ فاتحہ ایک بار، سورۃ اخلاص سات بار پڑھے اور اس کا ثواب بارگاہ رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بحضور حضرت غوث الاعظم پہنچائے۔ اور یہ خیال کرے کہ وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہے یا مجلس نبوی میں حاضر ہے زکوٰۃ شروع کرے۔ اور نیت یہ ہو کہ محبت الٰہی اسے مرحمت فرمائی جائے۔ گیارہ گیارہ مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھے اور تین مقامات پر سجدہ کرے۔

۱۔ جب اس فقرہ پر پہنچے صلوٰۃ تملاء الارض والسماء تو اگلی دُعا سربسجود ہو کر پڑھے دُعا یہ ہے۔ صلوٰۃ تستجیب بھا دعاءنا وتزکی بھا نفوسنا وتحیی بھا قلوبنا پھر سجدے سے سر اُٹھالے۔

۲۔ سجدہ کی دُوسری جگہ۔ وتحل بھا العقد وتفرج بھا الکرب۔

۳۔ سجدہ کی تیسری جگہ وتجری بھا الطف فی امری وامور المسلمین اجمعین گیارہ مرتبہ پورا کرکے دعاؤں کو قبول کرنے والے پروردگار کی بارگاہ میں دستِ دُعا پھیلا کر یہ عرض کرے۔ اے میرے خدا مجھے اس دُرود شریف کی برکت سے رسُول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی نصیب فرما۔ اور حضور کی محبت عطا فرما۔ اور اپنی ذات کے مشاہدہ سے مشرف فرما۔ فراغت کے بعد دستار چادر جائے نماز اس حجرہ میں یا دوسری جگہ محفوظ کرے۔

غیر جلالی اشیاء سے پرہیز کرے جیسے گوشت مچھلی وغیرہ لہسن پیاز مسُور کی دال اور زکوٰۃ سے فارغ ہونے کے بعد حلوا یا شیرینی درویشوں میں تقسیم کرے۔

دُوسری زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اکیس اکیس مرتبہ ہر روز مندرجہ بالا شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے پڑھے۔ تیسرا طریقہ زکوٰۃ کا یہ ہے کہ اکتالیس مرتبہ مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے پڑھے ان زکوٰتوں میں سے ہر ایک کی مدت اکتالیس دن ہے۔

دُرود مستغاث اور دُرود کبریت احمر کی زکوٰۃ کا طریقہ بیان کرنے کے بعد پھر روزمرہ کے اوراد

وظائف کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

اس کے بعد سلسلہ چشتیہ نظامیہ پڑھے جب آفتاب ایک نیزہ یا دو نیزہ بلند ہو جائے تو نماز اشراق بارہ رکعت پڑھے اس کے بعد صلوٰۃ العاشقین چار رکعت پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد یَا اَللّٰہُ سو بار۔ دوسری میں یَا رَحْمٰنُ سو بار۔ تیسری میں یَا رَحِیْمُ سو بار۔ چوتھی میں درود شریف سو بار پڑھے سلام کے بعد یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَزِدْ سُرُوْرَنَا وَزِدْ حُضُوْرَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ ذَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَقْلَنَا یَا مَوْلٰنَا بِحَقِّکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

ان نوافل کے بعد دلائل الخیرات پڑھے۔ اور جس طرح پہلے بتایا جا چکا ہے۔ ہر منزل سے پہلے اسماء الحسنٰی اور اسماء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مذکورہ طریقہ کے مطابق پڑھے۔ اور وہ احادیث جو فضائل درود شریف میں لکھی گئی ہیں کبھی کبھی ان کا مطالعہ کرے۔ اس کے بعد قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول ہو جائے اور سوا پارہ ہر روز منزل پڑھا کرے۔ تاکہ چوبیس دنوں میں قرآن کریم ختم ہو جائے اس کے بعد علم سلوک اور علم توحید کی کتابوں کے مطالعہ میں مشغول ہو جائے اور نصف پارہ پڑھے اور دوپہر کے وقت حسب ارشاد سید المختار قِیْلُوْا فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَقِیْلُ قیلولہ کیا کرو کیونکہ شیطان قیلولہ نہیں کرتا جب نیند سے بیدار ہو وضو کرے اور نماز ظہر جماعت کے ساتھ ادا کرے۔ پھر ختم خواجگان چشتیہ نظامیہ اس طریقہ سے پڑھے۔ پہلے پندرہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ اس کے بعد تین صد ساٹھ مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ اس کے بعد سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ تین صد ساٹھ بار پڑھے۔ پھر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ الخ تین سو ساٹھ بار پڑھے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ مذکورہ درود شریف پڑھے اور اس کا ثواب بارگاہ الٰہی میں پیش کرنے کے بعد جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو پہنچائے اس کے بعد اپنے پیرو مرشد کی روح کو پہنچائے۔ پھر سلسلہ چشتیہ کے پانچ خانوادوں کی ارواح کو پہنچائے۔ پھر تمام اہل سلسلہ کی ارواح کو نام بنام ثواب پہنچائے۔ ختم شریف پڑھنے کے لئے ایک سو بیس (یا) تین سو ساٹھ بادام مقرر کرے۔ اس کے بعد اہل عرفان کی کتابوں اور قرآن کریم کے ترجمہ کے مطالعہ میں مشغول ہو جائے اور جب نماز عصر کا وقت ہو جائے تو چار رکعت سنت عصر ادا

کرے پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سُورۂ عصر چار بار اور دُوسری رکعت میں تین بار تیسری رکعت میں دو بار اور چوتھی رکعت میں ایک بار پڑھے اور سنتِ عصر کے سلام کے بعد وُہ دُعا پڑھے جو اس کتاب میں مرقوم ہے۔ اس کے بعد چار رکعت نماز فرض ادا کرے مسبعاتِ عشر سُورج کے غروب ہونے سے پہلے پڑھے۔ اس کے بعد ذکر پاس انفاس یا وقوفِ قلبی میں مشغول ہو جائے اور جب نمازِ مغرب کا وقت ہو نماز ادا کرے۔ اور اس کے بعد چھ رکعت نفل اوابین تین سلاموں کے ساتھ ادا کرے۔ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد دو رکعت حفظ الایمان پڑھے۔ پہلی رکعت میں سُورۂ اخلاص سات مرتبہ اور سورۂ فلق ایک بار اور دُوسری رکعت میں سُورۂ اخلاص سات بار اور سُورۂ ناس ایک بار پڑھے۔ سلام کے بعد سر سجدہ میں رکھے اور تین بار یہ کہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ۔ پھر سجدہ سے سر اُٹھائے اور دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھا کر یہ کہے۔ خُداوندا بحرمتِ احمدِ مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و بحرمتِ جمیع خواجگانِ چشت اہلِ بہشت از سلبِ ایمان واز ہر علت و قلت و ذلت در حفظِ خود مرا محفوظ دار آمین یا رب العٰلمین

زِ نُورِ شمسِ سُلیمان
عیاں محمد الدین

اسماء اللہ الحسنیٰ

اللہ تعالیٰ کے اچھے نام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ		الرَّحْمٰنُ جل جلالہ	الرَّحِیْمُ جل جلالہ
وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں		بہت ہی مہربان	ہمیشہ رحم فرمانے والا
اَلْمَلِكُ جل جلالہ	اَلْقُدُّوْسُ جل جلالہ	اَلسَّلَامُ جل جلالہ	اَلْمُؤْمِنُ جل جلالہ
بادشاہ حقیقی	ہر عیب سے پاک	سلامت رکھنے والا	امن دینے والا
اَلْمُهَيْمِنُ جل جلالہ	اَلْعَزِيْزُ جل جلالہ	اَلْجَبَّارُ جل جلالہ	اَلْمُتَكَبِّرُ جل جلالہ
نگہبان	سب سے غالب	ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والا	متکبر
اَلْخَالِقُ جل جلالہ	اَلْبَارِئُ جل جلالہ	اَلْمُصَوِّرُ جل جلالہ	اَلْغَفَّارُ جل جلالہ
پیدا کرنے والا	پیدا کرنے والا	تصویر بنانے والا	بخشنے والا
اَلْقَهَّارُ جل جلالہ	اَلْوَهَّابُ جل جلالہ	اَلرَّزَّاقُ جل جلالہ	اَلْفَتَّاحُ جل جلالہ
سب سے طاقتور	بے حساب دینے والا	رزق دینے والا	کھولنے والا
اَلْعَلِيْمُ جل جلالہ	اَلْقَابِضُ جل جلالہ	اَلْبَاسِطُ جل جلالہ	اَلْخَافِضُ جل جلالہ
سب کچھ جاننے والا	بند کرنے والا	کشادہ کرنے والا	پست کرنے والا

اَلرَّافِعُ جل جلالہ	اَلْمُعِزُّ جل جلالہ	اَلْمُذِلُّ جل جلالہ	اَلسَّمِیْعُ جل جلالہ
بلند کرنے والا	عزت دینے والا	ذلیل کرنے والا	خوب سننے والا
اَلْبَصِیْرُ جل جلالہ	اَلْحَکَمُ جل جلالہ	اَلْعَدْلُ جل جلالہ	اَللَّطِیْفُ جل جلالہ
خوب دیکھنے والا	فیصلہ کرنے والا	عدل کرنے والا	بڑا مہربان
اَلْخَبِیْرُ جل جلالہ	اَلْحَلِیْمُ جل جلالہ	اَلْعَظِیْمُ جل جلالہ	اَلْغَفُوْرُ جل جلالہ
ہر چیز سے خبردار	بردبار	بہت بڑا	بہت بخشنے والا
اَلشَّکُوْرُ جل جلالہ	اَلْعَلِیُّ جل جلالہ	اَلْکَبِیْرُ جل جلالہ	اَلْحَفِیْظُ جل جلالہ
بڑا قدردان	بلند مرتبہ	سب سے بڑا	سب کا محافظ
اَلْمُقِیْتُ جل جلالہ	اَلْحَسِیْبُ جل جلالہ	اَلْجَلِیْلُ جل جلالہ	اَلْکَرِیْمُ جل جلالہ
قوت دینے والا	کفایت کرنے والا	بزرگ	کرم کرنے والا
اَلرَّقِیْبُ جل جلالہ	اَلْمُجِیْبُ جل جلالہ	اَلْوَاسِعُ جل جلالہ	اَلْحَکِیْمُ جل جلالہ
نگاہ رکھنے والا	قبول کرنے والا	وسعت دینے والا	بہت دانا
اَلْوَدُوْدُ جل جلالہ	اَلْمَجِیْدُ جل جلالہ	اَلْبَاعِثُ جل جلالہ	اَلشَّہِیْدُ جل جلالہ
محبت کرنے والا	بزرگ	بھیجنے والا رسولوں کا	ہر چیز کا مشاہدہ کرنے والا
اَلْحَقُّ جل جلالہ	اَلْوَکِیْلُ جل جلالہ	اَلْقَوِیُّ جل جلالہ	اَلْمَتِیْنُ جل جلالہ
حق	کارساز	توانا	مضبوط

اَلْوَلِیُّ جل جلالہ	اَلْحَمِیْدُ جل جلالہ	اَلْمُحْصِیْ جل جلالہ	اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ
دوست	جس کی حمد کی گئی	گننے والا	آغاز کرنے والا
اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ	اَلْمُحْیِیْ جل جلالہ	اَلْمُمِیْتُ جل جلالہ	اَلْحَیُّ جل جلالہ
دوبارہ لوٹانے والا	زندہ کرنے والا	مارنے والا	زندہ
اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہ	اَلْوَاجِدُ جل جلالہ	اَلْمَاجِدُ جل جلالہ	اَلْوَاحِدُ جل جلالہ
دوسروں کو زندہ رکھنے والا	پانے والا	بزرگی والا	اکیلا
اَلْاَحَدُ جل جلالہ	اَلصَّمَدُ جل جلالہ	اَلْقَادِرُ جل جلالہ	اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ
یکتا	بے نیاز	قدرت والا	قوت والا
اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ	اَلْمُؤَخِّرُ جل جلالہ	اَلْاَوَّلُ جل جلالہ	اَلْاٰخِرُ جل جلالہ
آگے کرنے والا	پیچھے کرنے والا	سب سے پہلے	سب سے پیچھے
اَلظَّاهِرُ جل جلالہ	اَلْبَاطِنُ جل جلالہ	اَلْوَالِیُ جل جلالہ	اَلْمُتَعَالِیْ جل جلالہ
آشکارا	پوشیدہ	مالک	سب سے بلند
اَلْبَرُّ جل جلالہ	اَلتَّوَّابُ جل جلالہ	اَلْمُنْتَقِمُ جل جلالہ	اَلْعَفُوُّ جل جلالہ
احسان کرنے والا	توبہ قبول کرنے والا	بدلہ لینے والا	معاف فرمانے والا
اَلرَّؤُوْفُ جل جلالہ	مَالِكُ الْمُلْكِ جل جلالہ	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جل جلالہ	
بہت مہربان	سارے ملکوں کا مالک	بزرگی اور انعام والا	

اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْغَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُغْنِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ
انصاف کرنے والا	جمع کرنے والا	غنی	غنی کرنے والا
اَلْمُعْطِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
عطا فرمانے والا	باز رکھنے والا	ضرر پہنچانے والا	نفع دینے والا
اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْهَادِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَاقِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ
روشنی والا	راہ دکھانے والا	نیا پیدا کرنے والا	ہمیشہ رہنے والا
اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	
مالک	سب کی رہنمائی کرنے والا	بڑا تحمل کرنے والا	
اَلَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ		
وہ ذات جس کی مثل کوئی چیز نہیں وہی سب کچھ سننے والا	دیکھنے والا ہے		
غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	نِعْمَ الْمَوْلٰى جَلَّ جَلَالُهٗ		
تیری بخشش کے طلبگار ہیں اے ہمارے رب اور تیری طرف ہی لوٹنا ہے	تو بہترین دوست ہے		
وَنِعْمَ النَّصِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	سَمِيْعٌ جَلَّ جَلَالُهٗ	بَصِيْرٌ جَلَّ جَلَالُهٗ	عَلِيْمٌ جَلَّ جَلَالُهٗ
اور بہترین مددگار ہے	سب کچھ سننے والا	سب کچھ دیکھنے والا	سب کچھ جاننے والا
قَدِيْرٌ جَلَّ جَلَالُهٗ	مُرِيْدٌ جَلَّ جَلَالُهٗ	مُتَكَلِّمٌ جَلَّ جَلَالُهٗ	
ہر چیز پر قدرت والا	ارادہ فرمانے والا	کلام کرنے والا	

هٰذَا الدُّعَآءُ الْكَبِيْرُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مٰلِكَ
يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا حَيُّ
يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبُّ اُوْ اُمْ هُوْ اُمْ رَهِيْنَ نَسْرِيْنَ
پَرِيْنَ اَشِيْ پَرَمْ هَنْسَا اُوْ اَمْ اَنْمُوْا
مُجْرَانِيَهٗ مَلِيْكَهٗ اَمِلِيْكَهٗ اَدَابَهٗ اَمْهَابَهٗ
وَارِيْسَا اَشْمُنْكَا فَجْرُوْ مُنْكَا وَشَبْيَكِيْ وَارِيْ
اٰوَرِيَا اَمْ هُوْ كَلَامَا مُلُوْكَا اَسْمِيْنَ اَشْجِيْنَ
كَتَانَهٗ بِهَانَهٗ مَهَابَهٗ هِيَهٗ دَرَنْكَهٗ سَلْكَاكَهٗ

ؑ یہ اسماء و الفاظ عبرانی زبان میں ہیں چونکہ بزرگانِ دین کے معمولات سے ہیں لہٰذا تبرکاً پڑھے جاتے ہیں۔

وَسَلْكَهَاكَهْ وَيُلْكَاكَهْ وَيُلْكَهَاْلَهْ وَاُجَلْ مِرَاُيَا

خِرَاُيَا هَمُتَّايَا شَاُيَاْ وَنَشِيْكَاُ وَنَشِيْكِيْ

يَادِرْ يَوْيَاُ يَادِرِيْ وَاَنَاهِيَا وَمِنَّيَا يَامَلِكْتَنَا

شَمِيْنَهْ كَهَهْ كَهْ هَمَهْ هَمَمَهْ مَتَهْ وَتَهْ

كَتَهْ نَشُتَنَهْ شَيُنَهْ عَنِيْنَهْ مُلْطَهْ وَطَهْ

وَتُهَيَا حَيَايَاُ مَتَايَاُ وَاُدِيْ يُوْدِيْ كَيْدِيْ

كَبَيْدِيْ فَشُكَايَاُ فَشُكَيَايَا بِمَطَايَهْ مَرْنَكَا

شَمِيْنِيْ مُلُوِيْ مَتَّا مَطَنَّا مَضَا دِيُوَهْ اَخِيْنَهْ

شَنْكَهْ خِيْكَ جَرَا جَرَايَا اِكْرَا اِكُرَايَا

بَرْ بَرَايَا مِرَايَا كِرَايَا شَمِنْكِيْ فَجُرُوْيَا شَمُهِيَا

وَاَرْثِيَا شُوْبَهْ جَرْبَهْ وَمُنْكَا خَزُنْكَا عَزُنْكَا

مَكَنْكَا مَهُنَابَهْ دِيُوَهْ دِرْيَاُ شَنْكَاُ فَشُكِيْنَا

وَنَشِيْنَا مَرِيْنَا عَمَنْكَارِ شَمَنْكَارِ كَمَنْكَارِ
فَثَلِيْخَهُ فَثَلِيْخَهُ وَمَاطِلِيْ كَارِنْ جُوْرِنْ
جُرْنِيْ مَرُوْثَا ثَبُوْثَا لَوْسَا مُقَدَّسَا سَرَاسَا
هِيْرِيَا هَبْتَهُ شَادِيْ مُنَادِيْ فَرْدُ فَرَايَا
شَايَا هَايَهُ دِيُوْهُ پَرْيَا طَفِيْكَرَا حَوَّا اَلْفِيْشَا
قَطْمُوْشَا قَطْمُوْشَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ



اَوْرَادُ الْاُسْبُوْعِ الشَّرِيْفَةِ لِسَيِّدِنَا الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ

یہ ہفتہ بھر کے اوراد ہیں جو سیدنا غوث اعظم

اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْؓ

ابو محمد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تصنیف کردہ ہیں

وِرْدِ روزِ یکشنبہ (اتوار)

روزِ یکشنبہ (اتوار) کا ورد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْجَلِيْلُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

وہی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں جو بزرگ ہے بہت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا

اَللَّطِيْفُ الْحَلِيْمُ ۝ الرَّءُوْفُ ۝ الْعَفُوُّ ۝ الْمُؤْمِنُ ۝

لطف فرمانے والا حلم والا بہت مہربان معاف کرنے والا امن دینے والا

اَلنَّصِيْرُ ۝ الْمُجِيْبُ ۝ الْمُغِيْثُ ۝ الْقَرِيْبُ ۝ السَّرِيْعُ ۝

مددگار دعا قبول کرنے والا زیادہ فریاد سننے والا نزدیک جلدی حساب لینے والا

اَلْكَرِيْمُ ۝ ذُوالْاِكْرَامِ ۝ ذُوالطَّوْلِ ۝ اَسْئَلُكَ مِنْ جَمَالِ

کرم کرنے والا عزت والا حشمت والا اے میرے رب الٰہ! جمالیہ کے

بَدِیْعِ الْاَنْوَارِ الْجَمَالِیَّۃِ وَمَا یُدْهِشُ اَلْبَابَ الذَّوَاتِ

حُسن بے مثال کا مجھے لباس پہنا جو حیرت زدہ کر دے کائنات کے ذوات کے

الْکَوْنِیَّۃِ فَتَوَجَّہَ اِلٰی حَقَآئِقِ الْمُکَوَّنَاتِ تَوَجُّہَ الْمَحَبَّۃِ

دلوں کو بس توجہ کریں میری طرف مخلوقات حقیقی ذاتی محبت کی توجہ

الذَّاتِیَّۃِ الْجَاذِبَۃِ اِلٰی شُھُوْدِ مُطْلَقِ الْجَمَالِ الَّذِیْ

جو کھینچنے والی ہو جمال مطلق کے مشاہدہ کی طرف جسے کوئی

لَا یُضَارُّہٗ قُبْحٌ وَّلَا یَقْطَعُ عَنْہُ اِیْلَامٌ وَّاجْعَلْنِیْ مَرْحُوْمًا

بدصورتی ضرر نہیں پہنچاتی اور نہ اسے کوئی دکھ منقطع کرتا ہے اور بنا دے مجھے جس پر رحم کیا گیا ہے

مِنْ کُلِّ رَحْمٍ بِحُکْمِ الْعَطْفِ الْحُبِّیِّ الَّذِیْ لَا یَشُوْبُہٗ

ہر قسم کی رحمت سے بوجہ اس مہربانی کے جس کا سرچشمہ محبت ہے جس کے ساتھ

انْتِقَامٌ وَّلَا یَنْقُصُہٗ غَضَبٌ وَّلَا یَقْطَعُ مَدَدَہٗ سَبَبٌ

انتقام کی ملاوٹ نہیں اور جس کو تیرا غضب کم نہیں کرتا نہ منقطع کرتا ہے اس کے تسلسل کو کوئی سبب

وَتَوَلَّ ذٰلِکَ بِحُکْمِ اَبَدِیَّۃٍ وَّاَزَلِیَّتِکَ اِلٰی غَیْرِ نِھَایَۃٍ

کارسازی فرما اس کی اپنے بے نہایت دوام کے حکم سے جو ابدی ہے جس کو کوئی حد

لَا تَقْطَعُھَا غَایَۃٌ یَّا رَحِیْمُ ھُوَ الرَّحِیْمُ ۞ رَبَّاہُ ۞ رَبَّاہُ ۞

قطع نہیں کرتی اے رحیم تو ہی وہ رحیم ہے اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار

غَوْثَاهُ ۝ يَا خَفِيًّا لَا يَظْهَرُ يَا ظَاهِرًا لَا يَخْفٰى لَطُفَتْ

اے میرے فریادرس اے وہ پوشیدہ جو ظاہر نہیں ہوتا اور اے وہ ظاہر جو پوشیدہ نہیں ہوتا بڑے لطیف ہیں تیرے

اَسْرَارُ وُجُوْدِكَ الْاَعْلٰى فَتُرٰى فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَّ

وجود اعلیٰ کے اسرار پس تجھے ہر موجود میں دیکھا جا سکتا ہے اور

عَلَتْ اَنْوَارُ ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ فِيْ كُلِّ

بلند ہیں تیرے ظہور اقدس کے انوار پس وہ ظاہر ہیں ہر

مَشْهُوْدٍ وَّ اَنْتَ الْحَلِيْمُ الْمَنَّانُ بِالرَّاْفَةِ وَالْعَفُوُّ السَّرِيْعُ

مشہود میں تو حلیم ہے احسان فرمانے والا مہربانی اور درگزر کے ساتھ جلدی

بِالْمَغْفِرَةِ مُؤْمِنُ الْخَائِفِيْنَ نَصِيْرُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ الْقَرِيْبُ

بخشنے والا ہے خوفزدوں کو امن دینے والا ہے فریاد کرنے والوں کا مددگار ہے

بِمَحْوِ جِهَاتِ الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ عَنْ عُيُوْنِ الْعَارِفِيْنَ ۝

عارفوں کی آنکھوں سے قرب و بعد کی سمتوں کو محو کرکے تو ان کے قریب ہے

يَا كَرِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ سَلَامٌ قَوْلًا

اے کریم اے کریم اے حشمت والے اے بزرگی والے سلامتی ہو تم پر یہ ارشاد ہے

مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

رب رحیم کی طرف سے الحمد للہ رب العالمین

وردِ روزِ دوشنبہ (پیر)

سوموار کا ورد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِيْمُ الرَّحِيْمُ الْفَعَّالُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں صاحب حلم، نہایت مہربان جو چاہے کرنے والا

اللَّطِيْفُ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِيْدُ الرَّحْمٰنُ

لطف فرمانے والا، کارساز، سراہا گیا، بہت صبر کرنے والا، ہدایت والا، بہت ہی مہربان

رَبِّ اَذِقْنِىْ مِنْ بَرْدِ حِلْمِكَ عَلٰى مَا اَبْتَهِجُ بِهٖ فِىْ

اے میرے پروردگار مجھے چکھا مجھ پر اپنے حلم کی ٹھنڈک جس سے میں خوش رہوں اپنے سارے

عَوَالِمِىْ فَلَآ اَشْهَدُ فِى الْكَوْنِ اِلَّا مَا يَقْتَضِىْ سُكُوْنِىْ

جہانوں میں پس نہ مشاہدہ کروں میں اس جہان میں بجز اس کے جو میرے سکون

وَرِضَآءِىْ فَاِنَّكَ الْحَقُّ وَاَمْرُكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ الْحَكِيْمُ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ بُرْهَانِ چِشْتِیَانِ

بحرمت شیخ المشائخ برہان چشتیاں

شَهِیْدِ الْمُحَبَّةِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ قُطْبُ الْحَقِّ

شہید محبت حضرت خواجہ قطب الحق

وَالدِّیْنِ بَخْتِیَارِ اُوْشِی کَاکِی رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ

والدین بختیار اوشی کاکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَرِیْقِ الْمُحَبَّةِ اِمَامِ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سوختہ محبت عارفین

الْعَارِفِیْنَ سُلْطَانِ الزَّاهِدِیْنَ حَضْرَتْ

کے امام زاہدوں کے بادشاہ حضرت

خَوَاجَهْ فَرِیْدِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مَسْعُوْدِ گَنْجِ شَکَرِ

خواجہ فرید الحق والدین مسعود گنج شکر

الْاَجُوْدَهْنِیْ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۵ اِلٰهِیْ

الاجودھنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ سُلْطَانِ الْعَاشِقِیْنَ

بحرمت شیخ المشائخ عاشقوں کے سلطان

سَیِّدِ الْمَحْبُوْبِیْنَ مَحْبُوْبِ اِلٰھِیْ حَضْرَتْ خَوَاجَۃْ

محبوبوں کے سردار محبوب الٰہی حضرت خواجہ

نِظَامِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدْ بَدَاوِنِیْ

نظام الحق والدین محمد بن احمد بداونی

بُخَارِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ

بخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخِ الْمَشَآئِخْ مُسْتَغْرِقِ بَحْرِ شُھُوْدِ شَمْسِ الْعَارِفِیْن

شیخ المشائخ جو شہود کے سمندر میں غرق ہیں عارفوں کے آفتاب ہیں

حَضْرَتْ خَوَاجَۃْ نَصِیْرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مَحْمُوْدِ

حضرت خواجہ نصیر الحق والدین محمود

چِرَاغِ دِھْلَوِیْ اَوْدِھِیْ چِشْتِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

چراغ دہلوی اودھی چشتی رضی اللہ تعالےٰ

عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ حَضْرَتْ

عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت

خَوَاجَۃْ شَیْخْ کَمَالِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ الْمَشْھُوْرِ بِعَلَّامَۃِ

خواجہ شیخ کمال الحق والدین جو علامہ کے لقب سے مشہور ہیں

رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حضرت خواجہ شیخ سراج الحق والدین رضی

حضرت خواجہ شیخ سراج الحق والدین رضی

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حضرت خواجہ شیخ علم الحق والدین رضی اللہ

حضرت خواجہ شیخ علم الحق والدین رضی اللہ

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت

خواجہ شیخ محمود بعرف شیخ راجن رضی

خواجہ شیخ محمود عرف شیخ راجن رضی

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حضرت خواجہ شیخ جمال الحق والدین بعرف

حضرت خواجہ شیخ جمال الحق والدین عرف

شَیْخ جمن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَتِ

شیخ جمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ

شَیْخِ الْمَشَائِخ قُطْبِ الْاَوْلِیَآءِ شَیْخ الْاَتْقِیَاءِ

شیخ المشائخ اولیاء کے قطب پرہیزگاروں کے شیخ

حَضْرَتْ خَوَاجَہ شَیْخ حَسَن مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ

حضرت خواجہ شیخ حسن محمد رضی اللہ

تَعَالیٰ عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخ مَظْھَرِ

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ مظہر اللہ

اللّٰہِ التَّامِ الصَّمَدِ حَضْرَتْ خَوَاجَہ شَیْخ

اللہ تعالیٰ الصمد کے مظہرِ کامل حضرت خواجہ شیخ

مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَتِ

محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ

شَیْخِ الْمَشَائِخ فَرْدِ الْحَقِیْقَۃِ قُطْبِ الْمَدِیْنَۃِ

شیخ المشائخ حقیقت کے یگانہ مدینہ منورہ کے قطب

الشَّرِیْفَۃِ حَضْرَتْ خَوَاجَہ یَحْیےٰ الْمَدَنِیْ رَضِیَ اللّٰہُ

حضرت خواجہ یحییٰ مدنی رضی اللہ

تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ الْمُتَخَلِّقِ

تعالی عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ جو اخلاق الٰہی

بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ وَالْمُتَّصِفِ بِاَوْصَافِ اللّٰہِ فَانِیْ

سے متخلق ہیں اور اوصاف الٰہی سے متصف ہیں فانی

فِی اللّٰہِ بَاقِیْ بِاللّٰہِ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ شَیْخِ کَلِیْمِ اللّٰہِ

فی اللہ باقی باللہ حضرت خواجہ شیخ کلیم اللہ

جِهَانْ اٰبَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ

جہان آبادی رضی اللہ تعالی عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ سِرَاجِ الْوَاصِلِیْنَ فَخْرِ

بحرمت شیخ المشائخ واصلین کے چراغ عاشقوں

الْعَاشِقِیْنَ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ شَیْخِ نِظَامِ الْحَقِّ

کے فخر حضرت خواجہ شیخ نظام الحق

وَالدِّیْنِ اَوْرَنْگْ اٰبَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ

والدین اورنگ آبادی رضی اللہ تعالی عنہ

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ فَخْرِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ اولین و آخرین کے فخر

مُحِبِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حضرت خواجہ شیخ

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عاشق صادق حضرت خواجہ شیخ

فَخْرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

فخر الحق والدین محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ قُدْوَۃِ السَّالِکِیْنَ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سالکوں کے برگزیدہ

شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ غَرِیْبِ نَوَاز حضرت خواجہ

عارفوں کے آفتاب غریب نواز حضرت خواجہ

شَیْخ نُوْرِ مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ

شیخ نور محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ سُلْطَانِ الْعَاشِقِیْنَ

بحرمت شیخ المشائخ عاشقوں کے بادشاہ

بُرْھَانِ الْمَعْشُوْقِیْنَ خَوَاجَۂِ خَوَاجُگَانِ

محبوبوں کی برہان خواجہ خواجگان

اَلْقَائِمِ مَقَامَ الْعُبُوْدِیَّۃِ قُطْبُ الزَّمَانِ حضرت

جو عبودیت کے مقام پر قائم ہیں زمانہ کے قطب ہیں حضرت

خواجہ شیخ محمد سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خواجہ شیخ محمد سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ علمِ الحق والدین

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ علم الحق والدین

شمسِ العارفین والعاشقین محبوب رب

عارفوں اور عاشقوں کے آفتاب رب العالمین

العالمین کاملِ و مکملِ حضرت خواجہ

کے محبوب خود کامل اور دوسروں کو مکمل کرنے والے حضرت خواجہ

شیخ شمس الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ٭ الٰہی

شیخ شمس الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بحرمتِ شیخ المشائخ قطبِ الاقطاب فردِ

بحرمت شیخ المشائخ قطبوں کے قطب یگانۂ

الاحباب زبدۃِ العارفین قدوۃِ السالکین

احباب عارفوں کے خلاصہ سالکوں کے برگزیدہ

مستغرقِ بحارِ المعرفۃِ والیقینِ حضرت خواجہ

معرفت و یقین کے سمندروں میں مستغرق حضرت خواجہ

شَیۡخِ مُحَمَّدِ الدِّیۡنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ اِلٰھِیۡ
شیخ محمد الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرۡمَتِ قَامِعِ الۡکُفۡرِ وَالشِّرۡکِ وَالۡبِدۡعَۃِ اَمِیۡرِ
بحرمت کفر، شرک اور بدعت کی بیخ کنی کرنے والے اللہ تعالیٰ

الۡمُجَاھِدِیۡنَ الۡاَشۡجَعِیۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ شَیۡخِ
کی راہ میں مجاہدوں، بہادروں کے امیر شیخ المشائخ

الۡمَشَآئِخِ حَضۡرَتۡ خَوَاجَہۡ مُحَمَّدۡ ضِیَاءِ الدِّیۡنِ
حضرت خواجہ محمد ضیاء الدین

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ شَیۡخِ الۡاِسۡلَامِ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ الاسلام

وَالۡمُسۡلِمِیۡنَ قَائِدِ الۡعُلَمَاءِ الرَّبَّانِیِّیۡنَ عَارِفِ
والمسلمین علماء ربانیین کے قائد شریعت و

اَسۡرَارِ الشَّرِیۡعَۃِ وَالطَّرِیۡقَۃِ شَیۡخِ الۡمَشَآئِخِ حَضۡرَتۡ
طریقت کے اسرار کے عارف شیخ المشائخ حضرت

خَوَاجَہۡ مُحَمَّدِ قَمَرِ الدِّیۡنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ
خواجہ محمد قمر الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ امیر الصابرین والصائمین محبّ الغرباء والمساکین الحریق الغریق فی حبّ اللہ حضرت خواجہ پیر امیر شاہ القریشی الہاشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ؕ الٰہی بحرمتِ العارف الربّانی الزاھد العابد المجاھد فی الجہادِ الاصغر والاکبر شیخ المشائخ حضرت پیر محمد شاہ القریشی الہاشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ عارف الاسرار الالوھیۃ مظہر الکمالاتِ المحمدیۃ حامل الحقائق القرآنیۃ غوث الحقیقۃ مجدد الشریعۃ والطریقۃ ضیاء الامۃ حضرت پیر محمد کرم شاہ القریشی الہاشمی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نوٹ: ہر شخص یہاں اپنے شیخِ طریقت کا نام لے کر اس سلسلہ کا اختتام کرے۔

سلسلہ چشتیہ نظامیہ سیالویہ اُردو

اے خداوندا! تو ذاتِ کبریا کے واسطے
رحم کر مجھ پر محمّد مصطفےٰ کے واسطے

میں ہوا ہوں سخت زار اِس بندِ محنت میں اسیر
کھول دے مشکل علی مشکل کشا کے واسطے

خواجہ بصری حسن کا نام لاتا ہوں شفیع
شیخ عبدالواحدِ اہلِ بقا کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیلِ خواجہ ابنِ عیاض
شاہ ابراہیم بلخی بادشاہ کے واسطے

حضرتِ خواجہ حُذیفہ کے لیے کُل رحم کر
پھر ہبیرالبصری صاحب ہُدیٰ کے واسطے

خواجہ مُمشاد کی خاطر مرا دل شاد کر
شیخ بُواسحاق قطبِ چشتیہ کے واسطے

خواجہ ابدال احمد بُو محمّد متقدے
خواجہ بُو یوسف صاحب صفا کے واسطے

خواجہ مودُود حق اور خواجہ حاجی شریف
خواجہ عثمان اہلِ اقتدا کے واسطے

والیٔ ہندوستاں خواجہ معینُ الدّین حسن
شیخ قطب الدّین قطبُ الاتقیا کے واسطے

کام کر شیریں طفیلِ خواجہ گنج شکر
اور نظام الدّین محبوبِ اولیاء کے واسطے

دل کو روشن کر طفیل شاہ نصیر الدین چراغ
اور کمال الدین کمال اصفیاء کے واسطے

دور کر ظلمت سراج دین و دنیا کے طفیل
اور علم الحق و دین علم الهدیٰ کے واسطے

حضرت محمود راجن سرور دنیا و دیں
اور جمال الدین جمن صاحب صفا کے واسطے

شیخ حسن اور خواجہ شیخ محمد کی طفیل
حضرت یحییٰ مدنی مقتدا کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیل شاہ کلیم اللہ ولی
اور نظام الدین مقبول خدا کے واسطے

دین و دنیا کا وسیلہ پیر عالم فخر الدین
خواجہ نور محمد رہنما کے واسطے

حضرت خواجہ سلیماں دو جہاں کے دستگیر
قبلۂ حاجات و کعبۂ مدعا کے واسطے

کرم کر مجھ پر طفیل خواجۂ عالی جناب
شیخ شمس الدین شمس چشتیا کے واسطے

صفدر میدان ولایت شیخ شمس الدین میاں | مقتدائے چشتیاں بحر صفا کے واسطے
کشتۂ عشق الٰہی شیخ بزم اصفیاء | شاہ امیر بے ریا و باصفا کے واسطے
جس کے دل کو تو نے اپنے نور سے روشن کیا | بخش دے میرے گناہ اس مدعا کے واسطے
بلبل باغ رسالت قافلہ سالار شوق | شاہ محمد شاہ نجم اہتدا کے واسطے
حضرت شاہ کرم محبوب مولا و رسول | دین و ملت کی ضیائے دلربا کے واسطے
غوثیت مکمل اور تجدید جس سے فیض یاب | استقامت کے امی کرو بقا کے واسطے

بخش دے اپنی محبت اور قطع کر دے ماسوا
برکت پیران شجرہ چشتیا کے واسطے

هٰذِهٖ سِلْسِلَةُ قَادِرِيَّةٌ

یہ سلسلہ حضراتِ قادریہ کا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ حُسَيْنِ شَهِيْدِ

اے اللہ بہ طفیل سردار مومنوں کے حسین شہید کربلا کے

رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ زَيْنِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا الٰہی بہ طفیل زین العابدین

الْعَابِدِيْنَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے اے اللہ بہ طفیل

اِمَامِ مُحَمَّدِنِ الْبَاقِرِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ

امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ

بِحَقِّ اِمَامِ جَعْفَرِنِ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی

بہ طفیل امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ

عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اِمَامِ مُوْسَی الْكَاظِمِ رَضِیَ

عنہ کے یا اللہ بہ طفیل امام موسٰے کاظم رضی

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ؕ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ عَلِیۡ مُوۡسٰی رِضَا
اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بہ طفیل علی موسیٰ رضا
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ؕ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ شَیۡخِ الۡمَشَآئِخ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے
شَیۡخ مَعۡرُوۡفِ الۡکَرۡخِیۡ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ؕ اِلٰھِیۡ
شیخ معروف کرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ
بِحُرۡمَتِ شَیۡخِ الۡمَشَآئِخ شَیۡخ اَبُوالۡحَسَن سِرِّیۡ سَقَطِیۡ
بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ ابوالحسن سری سقطی
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ؕ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ شَیۡخِ الۡمَشَآئِخ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے
الۡاَعۡظَمِ حَضۡرَتۡ شَیۡخ جُنَیۡدِ الۡبَغۡدَادِیۡ رَضِیَ
بڑے حضرت شیخ جنید بغدادی رضی
اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ؕ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ شَیۡخِ الۡمَشَآئِخ شَیۡخ اَبِیۡ
اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بہ حرمت شیخ بزرگوں کے ابو
بَکۡرِ مُحَمَّدِ شِبۡلِیۡ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ؕ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ شَیۡخ
بکر محمد شبلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ بہ طفیل بزرگ

الْمَشَائِخِ شَیْخِ اَبِی الْفَضْلِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ

بزرگوں کے شیخ ابو الفضل عبدالواحد بن عبدالعزیز

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخِ اَبِی الْفَرَحِ طَرْطُوْسِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِیْ

شیخ ابو الفرح طرطوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِ الْھَنْکَارِیِ

بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ ابو الحسن علی ھنکار کے رہنے والے

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ

اَبِیْ سَعِیْدِ عَلِیِ الْمُبَارَكِ الْمَخْزُوْمِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

ابی سعید علی مبارک مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَتْ شَیْخِ قُطْبِ رَبَّانِیْ

یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے حضرت شیخ مقبول اللہ تعالیٰ کے

غَوْثِ صَمَدَانِیْ مَحْبُوْبِ سُبْحَانِیْ سُلْطَانِ سَیِّدْ عَبْدِ الْقَادِرِ

محبوب رب العالمین بادشاہ سید عبدالقادر

جِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ

جیلانی راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ

الْمَشَآئِخِ شَیْخِ ضِیَاءِ اَبِی النَّجِیْبِ عَبْدِ الْقَاھِرِ سُھْرَوَرْدِیْ

بزرگوں کے روشنی دین کے شیخ ابی النجیب عبد القاہر سُہروردی

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخِ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرِ الْاَنْدَلُسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ

شیخ عمار بن یاسر اندلسی راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ شَیْخِ نَجْمِ الدِّیْنِ کُبْرٰے

اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ نجم الدین کبرٰے

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخِ مَجْدِ الدِّیْنِ بَغْدَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ

شیخ مجد الدین بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ شَیْخِ رَضِیِ الدِّیْنِ الْمَعْرُوْفِ

بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ رضی الدین معروف

بِعَلِیْ لَالَا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۔ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ

ساتھ علی لالا کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بہ طفیل

شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخ نُوْرِ الدِّیْنِ الْمَعْرُوْفِ بِالْکَبْرٰے

بزرگ بزرگوں کے شیخ نور الدین مشہور ساتھ کبرے کے

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۔ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخ عَلَاءِ الدَّوْلَۃِ سِمْنَانِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

شیخ علاؤ الدولہ سمنانی کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ مَحْمُوْدِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰے

اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ محمود کے راضی ہو اللہ تعالیٰ

عَنْہُ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ قُطْبِ الْاَقْطَابِ عَلِیْ

اُن سے اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے قطب قطبوں کے علی

الْہَمْدَانِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۔ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخ

ہمدانی کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بہ طفیل بزرگ

الْمَشَائِخِ شَیْخ اِسْحَاق خَتْلَانِی الْحُسَیْنِی رَضِیَ اللّٰہُ

بزرگوں کے شیخ اسحاق ختلانی حسینی کے راضی ہو اللہ

تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ سَیِّدِ
تعالیٰ ان سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ سردار
السَّادَاتِ سَیِّدِ مَحْمُوْدِ نُوْرِ بَخْشِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی
سرداروں کے سید محمود نور بخش کے راضی ہو اللہ تعالیٰ
عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَتْ
اُن سے اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے حضرت
شَیْخِ مُحَمَّدْ غِیَاثِ نُوْرِ بَخْشِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ
شیخ محمد غیاث نور بخش کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے
اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَتْ شَیْخِ مَظْهَرِ
یا اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے حضرت شیخ جگہ ظاہر ہونے انوار
الصَّمَدِ حَضْرَتْ شَیْخِ مُحَمَّدْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ
اللہ کے حضرت شیخ محمد راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے
اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمُشَائِخِ فَرْدِ الْحَقِیْقَةِ
یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے یگانے حقیقت کے
قُطْبِ الْمَدِیْنَةِ الشَّرِیْفِ یَحْیٰی مَدَنِیْ رَضِیَ
قطب مدینہ شریف کے یحییٰ مدنی کے راضی ہو

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ط اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ فَانِیْ

اللہ تعالیٰ اُن سے اَے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے فانی

فِی اللّٰہِ حَضْرَتْ شَیْخ کَلِیْمُ اللّٰہِ جِھَانْ اٰبَادِیْ

بیچ رستے اللہ تعالیٰ کے حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ط اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

سِرَاجِ الْوَاصِلِیْنَ فَخْرِ الْعَاشِقِیْنَ حَضْرَتْ

چراغ واصلوں کے فخر عاشقوں کے حضرت

شَیْخ نِظَامُ الدِّیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ط اِلٰھِیْ

شیخ نظام الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اَے اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ فَخْرِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

بطفیل بزرگ بزرگوں کے فخر پہلوں اور پچھلوں کے

مُحِبِّ النَّبِیِّ حَضْرَتْ فَخْرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مُحَمَّدْ

دوستدار نبی صاحب کے حضرت فخر حق اور دین کے محمد

اَوْرَنْگَابَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ط اِلٰھِیْ

اورنگ آبادی راضی ہو اللہ تعالیٰ ان سے اَے اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ مُحِبِّ الْعَاشِقِیْنَ مَحْبُوْبِ

بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے دوستدار عاشقوں کے محبوب

الْمَعْشُوْقِیْنَ مَظْهَرِ اللّٰهِ الْاَحَدِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ

معشوقوں کے جگہ ظاہر ہونے انوار اللہ تعالیٰ کے حضرت خواجہ

صَاحِبْ خَوَاجَهْ نُوْرْ مُحَمَّدْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

صاحب خواجہ نور محمد کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ سُلْطَانِ الْعَاشِقِیْنَ

اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے بادشاہ عاشقوں کے

بُرْهَانِ الْمَعْشُوْقِیْنَ الْقَائِمِ مَقَامِ الْعُبُوْدِیَّةِ

دلیل معشوقوں کے قائم مقام عبودیت کے

قُطْبِ الزَّمَانْ خَوَاجَهٔ خَوَاجِگَانْ حَضْرَتْ

قطب زمانہ کے بزرگ بزرگوں کے حضرت

مُحَمَّدْ سُلَیْمَانْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ

محمد سلیمان کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے اے اللہ

بِحُرْمَتِ شَمْسِ الْفَلَكِ وَالْمِلَّةِ وَالدِّیْنِ حَضْرَتْ

بہ طفیل آفتاب آسمان کے اور مذہب اور دین کے حضرت

شَیخ شَمسِ الدِّینِ رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنہُ
اِلٰھِی بِحُرمَۃِ شَیخ المَشَآئخ قُطبِ الاَقطَابِ فَردِ
الاَحبَابِ زُبدَۃِ العَارِفِینَ قُدوَۃِ السَّالِکِینَ مُستَغرِقِ بِحَارِ
المَعرِفَۃِ وَالیَقِینِ حَضرَت خَواجہ مُحَمَّد دِین رَضِیَ
اللهُ تَعَالیٰ عَنہُ اِلٰھِی بِحُرمَۃِ شَیخ المَشَآئخ رَئِیسِ
المُجَاھِدِینَ سَنَدِ السَّالِکِینَ بُرھَانِ الصِّدقِ وَالیَقِینِ حَضرَت
خَواجہ مُحَمَّد ضِیَاءُ الدِّینِ رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنہُ اِلٰھِی بِحُرمَۃِ
شَیخ المَشَآئخ شَیخِ الاِسلَامِ وَالمُسلِمِینَ عَارِفِ اَسرَارِ الشَّرِیعَۃِ وَ
الطَّرِیقَۃِ وَالحَقِیقَۃِ سَیِّدِنَا الشَّیخِ خَواجہ مُحَمَّد قَمَرِ الدِّینِ رَضِیَ اللهُ
تَعَالیٰ عَنہُ اِلٰھِی بِحُرمَۃِ شَیخ المَشَآئخ اَمِیرِ الصَّابِرِینَ وَالصَّائِمِینَ مُحِبِّ
الغُرَبَاءِ وَالمَسَاکِینِ الحَرِیقِ الغَرِیقِ فِی حُبِّ اللهِ حَضرَت خَواجہ پِیر اَمِیر شَاہ رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنہُ
اِلٰھِی بِحُرمَۃِ شَیخ المَشَآئخ المُجَاھِدِ فِی سَبِیلِ اللهِ مُحِبِّ اللهِ وَرَسُولِہٖ
زُبدَۃِ السَّالِکِینَ حَضرَت خَواجہ الحَافِظ پِیر مُحَمَّد شَاہ رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنہُ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مختصر سوانح حیات مشائخ چشت اہلِ بہشت

خواجہ خواجگان شیخ المشائخ حضرت خواجہ سیّد معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلۂ طریقت سولہ واسطوں سے حبیب رب العالمین رحمۃ للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم سے مل جاتا ہے۔ ان کے بعد امیر المومنین امام الاولیا حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ الکریم (سالِ وفات ۴۰ھ) سے ہوتا ہوا حضرت خواجہ خواجگان کے پیر و مرشد حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ تک اس طرح پہنچتا ہے:۔

		سال وصال ۱۱ ہجری
۲۔	نائب علی المرتضیٰ حضرت خواجہ ابو محمد حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ	
۳۔	سیّد الکاملین حضرت خواجہ عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۷
۴۔	قدوۃ الاولیا حضرت خواجہ فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ	۱۸۷
۵۔	سلطان الاولیا حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ	۲۶۵
۶۔	برہان الکاملین حضرت خواجہ سدید الدین حذیفہ مرعشی رحمۃ اللہ علیہ	۲۷۶
۷۔	افتخار الابرار حضرت خواجہ امین الدین ابو ہبیرہ البصری رحمۃ اللہ علیہ	۲۸۷
۸۔	زبدۃ السالکین حضرت خواجہ ممشاد علو الدینوری رحمۃ اللہ علیہ	۲۹۸
۹۔	منہاج العارفین سرسلسلہ چشتیہ حضرت خواجہ ابو اسحاق شامی رحمۃ اللہ علیہ	۳۲۹
۱۰۔	قدوۃ الابرار حضرت خواجہ قدوۃ الدین ابو احمد ابدال چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۳۵۵
۱۱۔	سراج السالکین حضرت خواجہ ناصح الدین ابو محمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۴۱۱
۱۲۔	شیخ المشائخ حضرت ناصر الحق والدین حضرت ابو یوسف چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۴۵۹
۱۳۔	زبدۃ الاصفیا حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۵۲۷
۱۴۔	سلطان الکاملین حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی رحمۃ اللہ علیہ	۶۱۲
۱۵۔	قدوۃ الاولیا حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ	۶۱۷

حضرت خواجہ عثمان ہرونی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ تھے جن سے شمس العارفین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ سترہ واسطوں سے مل جاتا ہے۔ حضرت خواجہ خواجگان سے حضرت شمس العارفین تک مشائخ چشت اہل بہشت کے مختصر حالات درج ذیل ہیں۔

۱۔ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

والد ماجد کا اسم گرامی غیاث الدین۔ ۵۳۰ھ میں ایران کے علاقہ سیستان میں پیدا ہوئے سلسلہ نسب گیارہ واسطوں سے سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ پندرہ سال کے تھے کہ والد ماجد نے انتقال فرمایا۔

بخارا تشریف لے گئے جہاں آپ نے حفظ قرآن اور علوم ظاہری کی تعلیم حاصل کی تعلیم سے فراغت کے بعد عراق تشریف لے گئے جہاں حضرت خواجہ عثمان ہرونی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے بیس سال مرشد کامل کی خدمت میں رہے۔ پھر مدینہ شریف حاضر ہوئے۔ جہاں ایک روز روضہ اطہر سے آواز آئی۔ کہ ہندوستان کی ولایت تمہارے سپرد ہے اجمیر جاؤ اور وہاں اپنا مسکن بناؤ۔ چنانچہ ۱۰ محرم الحرام ۵۶۱ھ کو اجمیر میں رونق افروز ہوئے۔

آپ کا وصال سلطان التمش کے دور میں ۶ رجب ۶۳۳ھ کو ہوا۔ عمر مبارک ۹۷ برس تھی۔ جس روز وصال ہوا اُس شب اکثر اہل اللہ نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع اصحاب تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں۔ خدا کا دوست معین الدین دنیا سے آتا ہے اس کا استقبال کو آئے ہیں۔

۲۔ قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ

۵۸۲ھ میں ماوراء النہر کے ایک قصبہ اوش میں پیدا ہوئے۔ ڈیڑھ سال کے تھے کہ والد ماجد سید کمال الدین نے انتقال فرمایا۔ پانچ سال کے ہوئے تو والدہ ماجدہ نے ایک ہمسایہ کے ساتھ بھیجا کہ معلم کے

حوالے کر آئے۔

علوم ظاہری کی تحصیل کے بعد حضرت خواجہ خواجگان معین الدین چشتی سے بیعت ہوئے۔ اور سترہ سال کی عمر میں خرقہ و اجازت حاصل کیا۔ ہر شب سو رکعت نفل کے علاوہ تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا آپ کا معمول مبارک تھا۔

ایک مرتبہ کسی شخص سے یہ شعر سنا ۔

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را — ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

یہ سن کر چار روز تک اسی حالت میں رہے اور پانچویں روز ۱۴ ربیع الاول ۶۳۳ھ کو وصال فرمایا مزار مبارک دہلی میں زیارت گاہ خلائق ہے۔

۲۔ شیخ شیوخ العالم حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

والد ماجد کا اسم گرامی شیخ جمال الدین ۵۶۹ھ میں کھتوال (موجودہ نام کوٹھے وال) مضافاتِ ملتان میں پیدا ہوئے آپ کا سلسلۂ نسب امیر المومنین حضرت فاروق اعظم سے ملتا ہے۔ آپ کے دادا قاضی شعیب ہلاکو کے زمانہ میں اپنے وطن مالوف کابل کو چھوڑ کر لاہور تشریف لائے۔ دہلی میں بادشاہ کو خبر ہوئی تو اس نے منصب پیش کیا مگر آپ نے منظور نہ فرمایا اور ملتان تشریف لے گئے۔ علوم ظاہری کی تحصیل آپ نے ملتان میں قاضی منہاج الدین کی مسجد میں فرمائی اور وہیں قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی بیعت کی۔ آپ کے دادا پیر خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی نے بھی آپ کی بہت تعریف کی ہے۔ ایک مرتبہ قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی سے فرمایا کہ قطب الدین تم نے ایک بڑے شہباز کو مقید کیا ہے۔

آپ کا وصال ۵ محرم الحرام ۶۶۴ھ کو پاک پتن شریف میں ہوا۔ اس وقت عمر مبارک ۹۵ سال تھی۔

۴۔ سُلطانُ المشائخ حضرت خواجہ نظامُ الدین اَولیا رحمۃ اللہ علیہ

۶۳۶ھ میں بدایوں میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدِ ماجد خواجہ احمد بن علی بخارا سے ہندوستان تشریف لائے۔ سادات حسینی سے ہیں۔ پانچ سال کے تھے کہ والدِ ماجد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ والدہ ماجدہ نے جو اپنے وقت کی صالحہ اور باخدا خاتون تھی اس دُرِّ یتیم کی پرورش اور دینی و اخلاقی تربیت کا مروّت اور پدرانہ شفقت کے ساتھ اہتمام کیا۔ کتابیں پڑھنے کے قابل ہوئے تو مولانا علاؤ الدین اصولی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ قدوری ختم کی تو مولانا اصولی نے دستارِ فضیلت باندھی۔ سولہ سال کی عمر میں دہلی آگئے اور مولانا شمس الدین خوارزمی کے حلقۂ درس میں شامل ہوئے۔ علامہ کمال الدین زاہد سے مشارق الانوار کا درس لیا اور حدیث کی اجازت حاصل کی تحصیلِ علم سے فراغت کے بعد آپ نے دربارِ شاہی میں ملازمت کے لئے درخواست دی خیال تھا کہ بدایوں کے قاضی مقرر ہو جائیں گے ان دنوں دہلی میں حضرت شیخ نجیب الدین متوکل کی بزرگی کا چرچا تھا آپ ان کی خدمت میں دُعا کی غرض سے حاضر ہوئے حضرت شیخ نے آپ کو دیکھتے ہی فرمایا یا نظام "قاضی مشو چیزے دیگر شو"۔ پھر شیخ نے فرمایا کہ پاک پتن میں شیخ شیوخ عالم حضرت خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ حضرت پاک پتن تشریف لے گئے شیخ شیوخ عالم نے آپ کو دیکھتے ہی یہ شعر پڑھا۔

اے آتشِ فراقت دلہا کباب کردہ سیلابِ اشتیاقت جانہا خراب کردہ

اِس حاضری میں حضرت محبوبِ الٰہی شیخ کبیر سے بیعت ہو گئے عمرِ مبارک اس وقت بیس سال تھی۔ ۶۵۵ھ میں حضرت شیخ کبیر نے سندِ خلافت عطا فرمائی اور دہلی کی ولایت پر مامور فرمایا۔ دہلی میں حضرت نے بیعتِ عام کا دروازہ کھول دیا۔ لوگ جوق در جوق حاضر ہوتے اور گناہوں سے تائب ہو کر حلقۂ ارادت میں شامل ہو جاتے۔

تاریخِ فیروز شاہی میں ہے کہ حضرت کی برکت سے عوام کا رجحان دینداری کی طرف بہت ہو گیا تھا حضرت کے اکثر مُرید دو تہائی یا تین چوتھائی رات تمام سال قیام لیل میں گزارتے۔ عام لوگوں کی زبان پر بھی شراب و شاہد، فسق و فجور، قمار بازی اور فحش حرکات کا ذکر نہ آتا تھا۔ دوکانداروں میں جھوٹ، کم تولنا،

مکاری و دغا، دھوکا دہی اور نادانوں کا روپیہ مار لینا سب قطعی ختم ہو گئے تھے۔ حضرت نے سلطانی دربار سے منسلک اُمراء، دُوسرے ملازمین کی تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ یہ لوگ حضرت کی توجہ سے چاشت، اشراق کی نمازیں ادا کرتے تھے اور ایامِ بیض اور عشرۂ ذی الحجہ کے روزے رکھتے تھے۔ حضرت محبوبِ الٰہی اتباعِ سنّت کا بہت خیال رکھتے تھے اور اس کی تلقین فرماتے تھے۔ وصال سے چند روز قبل خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں نظام! تم سے ملنے کا بڑا اشتیاق ہے۔ اس خواب کے بعد حضرت وصال کے لئے بے چین رہنے لگے۔

حضرت کا وصال چہار شنبہ ۱۸ ربیع الثانی ۷۲۵ھ کو ہوا۔ مزار مبارک دہلی میں ہے۔ روضہ مبارک کی عمارت سلطان محمد بن تغلق نے بنوائی۔

۵۔ نصیر الکاملین حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ نصیر الدین محمود ۶۷۵ھ میں اودھ میں پیدا ہوئے۔ شجرۂ نسب حضرت فاروقِ اعظم سے ملتا ہے۔ آپ کے دادا شیخ عبد اللطیف بخارا سے لاہور آئے جہاں آپ کے والدِ ماجد شیخ یحییٰ متولد ہوئے جنہوں نے جوان ہو کر اودھ میں سکونت اختیار کی۔

نو برس کے تھے کہ والدِ ماجد شیخ یحییٰ فوت ہو گئے۔ والدہ نے علمِ ظاہری کے لئے مولانا عبد الکریم شیروانی کے سپرد کیا جن سے آپ نے ہدایہ اور بزدوی تک کتابیں پڑھیں۔ ان کے انتقال کے بعد مولانا افتخار الدین گیلانی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور علوم کی تکمیل کی۔ تحصیلِ علوم کے بعد مجاہدات و ریاضات میں مشغول ہوئے اور چندہ سال اہل اللہ کی خدمت میں حاضر رہے۔ چالیس برس کی عمر میں حضرت محبوبِ الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر مرید ہوئے۔ حضرت نے خلافت سے نوازا اور چراغِ دہلی کا خطاب دیا۔

وصال فیروز شاہ کے عہد میں جمعہ ۱۸ رمضان شریف ۷۵۷ ہجری کو ہوا۔ اس وقت عمرِ مبارک ۸۲ سال تھی۔ مزارِ اقدس پُرانی دہلی میں زیارت گاہِ خلائق ہے۔

۷۵۔ حضرت شیخ المشائخ خواجہ کمال الدین علامہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی کے خواہر زادہ تھے۔ والد ماجد کا اسم گرامی شیخ عبد الرحمٰن تھا۔ سلسلۂ نسب حضرت فاروق اعظم سے ملتا ہے۔ علم حدیث، فقہ، تفسیر اور اصول میں یگانۂ روزگار تھے۔ اس لئے علامہ آپ کا خطاب تھا۔ آپ کے شاگردوں میں حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت، مولانا احمد تھانیسری، مولانا عالم سنگریزہ ملتان اور مولانا عالم پانی پتی جیسے بزرگ شامل ہیں۔

شرف بیعت حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل تھا۔ خلافت حضرت چراغ دہلوی نے عطا فرمائی۔ حصول خرقۂ خلافت کے بعد احمد آباد گجرات چلے گئے۔ جہاں آپ کو قبول عظیم حاصل ہوا اور بے شمار خلقت حلقۂ ارادت میں داخل ہوئی۔

آخر عمر میں دہلی تشریف لے آئے۔ آپ کا وصال ۲۷۔ ذی قعدہ سنہ ۷۵۶ھ کو ہوا۔ مزار مبارک حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی کے روضۂ اقدس کے قریب ہے۔

۷۶۔ سراج السالکین حضرت خواجہ سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ کمال الدین علامہ کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ چار سال کی عمر میں حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی کے مرید ہوئے۔ علوم ظاہری اور باطنی اپنے والد ماجد سے حاصل کئے۔ آپ صاحب دیوان شاعر تھے۔ آپ کا یہ شعر بہت مشہور ہے۔

بادِ دیگر ہم ہمی گوید سراج   قبلۂ ما نیست الا روئے دوست

خزینۃ الاولیاء میں ہے کہ آپ حضرت چراغ دہلی کے مرید و خلیفہ تھے اور والد بزرگوار حضرت خواجہ کمال الدین علامہ سے بھی آپ کو خلافت ملی تھی۔

آپ کا وصال پنجشنبہ یکم جمادی الاول ۸۱۴ھ بوقت عشاء ہوا۔ مزار مبارک قصبہ پیراں پٹن نہروالا میں محلہ برکات پورہ (احمد آباد گجرات) میں زیارت گاہ خلق ہے۔

۸ قطب العالم حضرت خواجہ علم الدین علم الحق رحمۃ اللہ علیہ

سراج السالکین حضرت خواجہ سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ کے دوسرے صاحبزادے تھے۔ والد محترم کے مرید وخلیفہ تھے۔ انہی سے علوم ظاہری اور باطنی حاصل کیے۔ حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ارادت واجازت حاصل تھی۔ نہایت درجہ مرتاض، متبع سنت اور صاحب کشف وکرامت تھے۔ جو زبان مبارک سے ارشاد فرماتے وہی ہوتا۔ سماع سے خصوصی شغف رکھتے تھے۔ آپ کے چھوٹے بھائی خواجہ مجد الدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قطب العالم حضرت خواجہ علم الدین، مادر زاد ولی تھے۔ ہمیشہ ذکر الٰہی میں مشغول رہتے۔

چہار شنبہ ۱۰ صفر سنہ ۹۰۱ھ کو وصال فرمایا۔ پیراں پٹن (احمد آباد گجرات) میں اپنے والد ماجد کے روضہ شریف کے اندر مدفون ہیں۔ آں جناب کے بے شمار مرید وخلفاء تھے لیکن سلسلہ آپ کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ محمود راجن سے جاری ہوا۔

---

۹ حبیب معبود حضرت خواجہ محمود عرف راجن رحمۃ اللہ علیہ

آپ نے اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ علم الدین علم الحق رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ ارادت حاصل کیا اور ان کے وصال کے بعد جانشین ہوئے۔ ریاضت وکرامت میں اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔ سلسلۂ سہروردیہ اور شطاریہ میں حضرت شیخ قاون رحمۃ اللہ علیہ سے اجازت حاصل تھی نیز ایک خرقۂ خلافت چشتیہ شیخ ابی الفتح مرید وخلیفہ حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی حاصل تھا۔

آپ کا وصال جمعہ ۲۲ صفر سنہ ۹۳۲ھ کو ہوا۔ مزار مبارک پیراں پٹن میں ہے۔

آپ کے مریدین وخلفاء کی تعداد بے شمار ہے لیکن سلسلہ فرزند ارجمند حضرت خواجہ جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوا۔

۱۰۔ جمال الابرار حضرت خواجہ جمال الدین عرف جمن رحمۃ اللہ علیہ

آپ اپنے والد ماجد حضرت خواجہ محمود راجن رحمۃ اللہ علیہ کے مرید و خلیفہ تھے۔ علوم ظاہری اور باطنی انہیں سے حاصل کئے۔ مرآۃ السالکین میں ہے کہ آپ صاحب معرفت، اہل شریعت اور عالم متبحر تھے ہمیشہ ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے حضرت شیخ احمد کھٹو رحمۃ اللہ علیہ نے بھی آپ کو خاندان مغربیہ کی خلافت و اجازت سے نوازا تھا۔

۹۔ ربیع الاول ۹۴۰ھ میں کفار چاپانیر نے حملہ کر کے آپ کو شہید کر دیا۔

ع شہید خنجر تسلیم عز جاوداں دارد سے مادۂ تاریخ برآمد ہوتا ہے۔ مزار شریف احمد آباد گجرات کے محلہ شاہ پور میں دریائے سابر کے کنارے زیارت گاہ خلائق ہے۔

۱۱۔ قدوۃ الاولیا حضرت خواجہ ابو صالح حسن محمد رحمۃ اللہ علیہ

۹۲۳ھ میں احمد آباد گجرات میں پیدا ہوئے۔ والد ماجد کا اسم گرامی شیخ احمد عرف میاں جیو تھا حضرت خواجہ کمال الدین علامہ کی اولاد امجاد سے تھے۔ مرآۃ السالکین میں ہے کہ آپ مادر زاد ولی تھے۔ اور آپ نے اپنے والد ماجد کی زندگی ہی میں شہرت علمی حاصل کر رکھی تھی۔

بارہ برس کی عمر میں حضرت خواجہ جمال الدین جمن کے مرید ہوئے۔ اور اٹھارہ برس کی عمر میں علوم ظاہری و باطنی کی تکمیل کر کے ان کے خلیفہ بنے۔ آپ کو سلسلہ چشتیہ میں اپنے والد ماجد کی طرف سے خلافت حاصل ہوئی۔ علاوہ ازیں مختلف بزرگان سلاسل سے قادریہ، گازرونیہ، نوربخشیہ، ہمدانیہ، فردوسیہ اور کبرویہ وغیرہ سلسلوں میں بھی خلافت و اجازت حاصل ہوئی۔

آپ کی دیگر تصانیف کے علاوہ حاشیہ تفسیر بیضاوی، حاشیہ قوت القلوب، حاشیہ بر شرح مطالعہ، حاشیہ نزہت الارواح وغیرہ معروف ہیں۔

آپ نے ۹۵ برس کی عمر میں اکتالیس سال مسند ارشاد پر فائز رہنے کے بعد ۲۰ ذی قعدہ ۹۸۲ھ میں وصال فرمایا۔ مزار پُرانوار احمد آباد گجرات کے علاقہ شاہ پور میں ہے۔ آپ کا سلسلہ آپ کے فرزند حضرت خواجہ محمد سے جاری ہوا۔

۱۲۔ قدوۃ السالکین حضرت خواجہ شمس الدین محمد حامد رحمۃ اللہ علیہ

اسم نامی شمس الدین اور لقب محمد ہے۔ ۹۵۶ھ کو احمد آباد گجرات میں پیدا ہوئے۔ علوم ظاہری و باطنی کی تکمیل کے بعد اپنے والد ماجد حضرت خواجہ حسن محمد رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ فقر و ارادت حاصل کیا اور ان کے وصال کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ والد ماجد سے قادریہ، سہروردیہ، نقشبندیہ سلسلوں میں بھی خلافت ملی تھی نیز حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی سے فیض روحی حاصل تھا۔ آپ کے چار صاحبزادے شیخ عزیز اللہ، شیخ سراج الدین، شیخ حسن محمد اور شیخ محمود تھے لیکن سلسلہ خاندان چشتیہ نظامیہ میں آپ کا سلسلہ آپ کے پوتے حضرت خواجہ یحییٰ مدنی سے جاری ہوا۔

۲۹ ربیع الاول ۱۰۱۲ھ میں ۵۶ سال کی عمر میں وصال فرمایا۔ مزار مقدس احمد آباد گجرات میں حضرت خواجہ حسن محمد رحمۃ اللہ علیہ کے روضۂ انور کے قریب ہے۔

۱۳۔ امام الاتقیاء حضرت خواجہ ابو یوسف محی الدین یحییٰ مدنی رحمۃ اللہ علیہ

اسم نامی محی الدین، لقب یحییٰ مدنی اور کنیت ابو یوسف ہے۔ والد ماجد کا اسم گرامی شیخ محمود بن حسن تھا جو حضرت خواجہ کمال الدین علامہ کی اولاد سے تھے۔ آپ کی ولادت باسعادت ۲۰ رمضان المبارک بروز پنج شنبہ ۱۰۰۱ھ کو احمد آباد گجرات میں ہوئی۔ بیس سال کی عمر میں علوم ظاہری و باطنی میں کمال حاصل کر لیا۔ تکمیل علوم کے بعد اپنے دادا حضرت خواجہ شمس الدین محمد حامد رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ

خرقۂ ارادت حاصل کیا اور اُن کے وصال کے بعد سجادۂ مشیخت پر جلوہ افروز ہوئے۔ آخر عمر میں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رُوحانی اشارے پر مدینہ منورہ ہجرت فرمائی اور وہیں سکونت پذیر ہوئے۔ اس لئے آپ کو مدنی کہتے ہیں۔ نہایت درجہ صاحبِ ریاضت و کرامت تھے۔ ہر وقت ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتے۔ آپ کے بے شمار خلفاء تھے لیکن سلسلہ حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی سے جاری ہوا۔

چودہ سال مدینہ طیبہ میں رہنے کے بعد ۹۰ برس کی عمر میں ۸ صفر ۱۱۰۱ھ میں وصال فرمایا اور جنت البقیع میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قبۂ مبارک میں دفن ہوئے۔

۱۲۔ حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ

والد ماجد کا اسمِ گرامی نور اللہ بن شیخ احمد تھا حضرت ابوبکر صدیق کی اولاد سے تھے۔ حضرت شاہ صاحب کے اسلاف کا پیشہ معماری تھا۔ تاج محل آگرہ، لال قلعہ دہلی، جامع مسجد دہلی اور محل نواب آصف خان لاہور آپ ہی کے بزرگوں کے تعمیری شاہکار ہیں۔

حضرت شاہ صاحب ۲۴ جمادی الثانی ۱۰۶۰ھ مطابق ۱۶۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کی تعلیم و تربیت بہت اعلیٰ پیمانے پر ہوئی۔ شیخ برہان الدین المعروف بہ شیخ بہلول اور شیخ ابوالرضا الہندی (حضرت شاہ ولی اللہ کے تایا) سے علوم ظاہری کی تکمیل کی۔

شاہ صاحب کچھ عرصہ حجاز میں مقیم رہے۔ شیخ یحییٰ مدنی نے خرقۂ خلافت سے نوازا اور ظاہری و باطنی نعمت سے سرفراز کیا۔ اور حکم دیا کہ دہلی جا کر خلق کی خدمت و ہدایت کا فریضہ انجام دیں۔ شاہ صاحب نے دہلی آکر بازار خانم میں رہائش اختیار کی اور سلسلہ درس و تدریس شروع کیا۔ بہت جلد اُن کی شہرت پورے ملک میں پھیل گئی اور طلباء دُور دُور سے آکر تحصیل علم کے لئے حاضر ہونے لگے۔

شاہ صاحب کی متعدد تصانیف میں مندرجہ ذیل کتابیں اب بھی دستیاب ہو جاتی ہیں:-

۱۔ قرآن القرآن (۲) عشرہ کاملہ (۳) سواء السبیل (۴) کشکول (۵) مرقع (۶) تسنیم (۷) الہامات کلیمی۔ (۸) رسالہ تشریح الافلاک حاشی محشی بالفارسیۃ (۹) شرح القانون۔

بعض کتابوں میں ان کی تصنیف ردِ روافض کا ذکر بھی ملتا ہے جو آج کل دستیاب نہیں۔ مرزا غالب کے ایک خط سے (جو اُردوئے معلیٰ حصہ اوّل میں ہے) معلوم ہوتا ہے کہ شاہ صاحب شعر بھی کہتے تھے اور اُن کا کلام غدر کے ہنگاموں میں تلف ہو گیا۔

شاہ صاحب نے ۲۴۔ ربیع الاوّل ۱۱۴۲ھ مطابق ۱۷ اکتوبر ۱۷۲۹ء کو وصال فرمایا انتقال کے وقت یہ شعر زبان پر تھا ؎

غبارِ خاطرِ عشاق مدعا طلبی است
بخلوتے کہ عبثست یادِ دوست بے ادبی است

۱۵۔ حضرت شاہ نظام الدین اورنگ آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۸۰ھ میں کاکوری میں پیدا ہوئے حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی کے عزیز ترین مرید اور خلیفہ تھے سلسلۂ نسب حضرت شیخ شہاب الدین سُہروردی کے واسطے سے حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق تک پہنچتا ہے۔ شاہ صاحب حضرت نظام الدین سے نہایت پیار و محبت فرماتے اور ان کی ظاہری تعلیم و تربیت کی ذمہ داری قبول فرمائی۔ عرصہ تک حضرت نظام الدین، حضرت شاہ صاحب کی خدمتِ بابرکت میں رہ کر علومِ ظاہری حاصل کرتے رہے۔ ایک روز شاہ صاحب مجلس سے اُٹھے اور فرش کے کنارے تک پہنچے تو حضرت نظام الدین نے بڑھ کر فوراً جوتے اٹھائے اور صاف کر کے رکھ دیئے۔ شاہ صاحب کو یہ ادا پسند آئی اور انتہائی محبت سے فرمایا۔ نظام الدین! تو ہمارے پاس علومِ ظاہری حاصل کرنے آیا ہے یا فوائدِ باطنی، جو بہرحال زیادہ بہتر اور اچھے ہیں۔

حضرت نظام الدین نے بے ساختہ عرض کیا ؎

سپردم بتو مایۂ خویش را
تو دانی حساب کم و بیش را

یہ شعر سنتے ہی شاہ صاحب کو اپنے پیر و مرشد حضرت یحییٰ مدنی کی پیش گوئی یاد آگئی۔ انہوں نے حجاز

سے روانگی کے وقت ارشاد فرمایا تھا کہ ایک شخص ایسے موقع پر یہ شعر پڑھے گا اور وہ ہماری نسبت کا مالک ہوگا اس سے چشتیہ نظامیہ سلسلے کو بے حد ترقی ہوگی۔ فرمایا۔ آمد آں یارے کہ ما می خواستیم اور اسی وقت بیعت فرمالیا حضرت کی تصنیف نظام القلوب بہت مشہور ہے جس میں اشغال و اذکار کا تفصیلی ذکر ہے۔

حضرت نظام الدین اورنگ آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۲۔ ذی قعدہ ۱۱۴۲ھ کو اورنگ آباد میں وصال فرمایا۔

۱۶۔ مُحِبّ النّبی حضرت شاہ فخرالدّین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۲۶ھ کی بات ہے اورنگ آباد دکن میں حضرت شاہ نظام الدین کے ہاں ایک فرزند ارجمند کی ولادت ہوئی حضرت نے فوراً دہلی میں اپنے پیرو مرشد حضرت شاہ کلیم اللہ دہلوی کو اطلاع بھجوائی۔ وہ اس خبر سے بے حد مسرور ہوئے اور جواباً کہلا بھیجا کہ نظام الدین تمہارا یہ بیٹا نہایت فرخندہ فال اور خوش اقبال ہے میں تمہیں اس بچے کے شاندار مستقبل کی بشارت دیتا ہوں۔ وقت آئے گا کہ یہ بچہ شاہجہان آباد (دہلی) میں ہدایت و ارشاد کی شمع روشن کرے گا جس سے مخلوق کے سینے منور ہوں گے اور تصوف و طریقت کے میخانے میں پھر سے بہار آجائے گی۔ یہ بچہ دین حنیف کے لیے باعث فخر و صد افتخار ہوگا تم اس بچے کا نام "فخر الدین" رکھو۔

سلسلہ نسب

حضرت شاہ فخر الدین والد ماجد کی جانب سے صدیقی تھے اور والدہ ماجدہ کی طرف سے سید۔ ان کی والدہ ماجدہ محترمہ سیدہ بیگم حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان سے تھیں۔

حضرت شاہ فخر الدین کا لقب مُحِبّ النّبی تھا اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ انہوں نے خواب میں حضرت خواجہ خواجگان سید معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کو اس لقب سے مخاطب فرماتے ہوئے سُنا تھا۔

تعلیم و تربیت

حضرت شاہ نظام الدین اورنگ آبادی نے اپنے ہونہار صاحبزادہ کی تعلیم و تربیت کا انتظام نہایت اعلیٰ پیمانہ پر کیا۔ ان کے پیر و مرشد حضرت شاہ کلیم اللہ بچے کے شاندار مستقبل کی بشارت دے چکے تھے۔ پیر و مرشد ہی کے ایما پر انھوں نے وقت کے مشہور اور قابل ترین علما سے اُن کی تعلیم کی تکمیل کرائی۔

حضرت شاہ فخر الدین صاحب نے فصوص الحکم، صدرا، شمس بازغہ وغیرہ کتابیں میاں محمد جان سے پڑھیں اور ہدایہ مولٰنا عبد الحکیم سے پڑھا۔ شاہ صاحب نے بعض کتابیں اپنے والد ماجد سے پڑھیں جن میں شرح وقایہ، مشارق الانوار، نفحات الانس وغیرہ شامل ہیں۔ حدیث کی سند انھوں نے دکن کے مشہور محدث مولٰنا حافظ اسعد الانصاری المکّی سے حاصل کی۔ درسی کتابوں کے علاوہ شاہ صاحب نے دیگر علوم و فنون سے بھی واقفیت حاصل کی۔ طب اور تیر اندازی کے متعلق کتابیں پڑھیں اور فنونِ سپہ گری میں مہارت حاصل کی۔

بیعت و خلافت

حضرت شاہ نظام الدین بیٹے کی اصلاحِ باطن کے بے خصوصی توجہ فرماتے تھے۔ بچپن ہی میں انہیں مُرید کر لیا تھا۔ جب نظام الدین کا وقتِ آخر آیا تو اپنے داماد قاضی کریم الدین خان کو حکم دیا کہ مولٰنا فخر الدین کو بلاؤ۔ وہ آئے تو حضرت شاہ نظام الدین نے انہیں اپنے سینے سے چمٹا لیا۔ اور اپنی تمام باطنی نعمتیں ان کے سینے میں منتقل کر دیں۔ اس کے بعد اُن کی رُوحِ پُر فتوح عالمِ فانی سے عالمِ باقی کی طرف پرواز کر گئی۔

حضرت شاہ فخر الدین کی عمر اُس وقت سولہ سال تھی۔ انھوں نے اپنے علوم کی تکمیل ابھی نہیں کی تھی۔ والد ماجد کے وصال کے تین سال بعد تک انھوں نے سلسلۂ تعلیم جاری رکھا اور علوم کی تکمیل کی۔

دہلی میں ورودِ مسعود

آخر سنہ ۱۱۶۰ھ میں اپنے دو خادموں قاسم حبشی اور محمد حیات کے ساتھ پاپیادہ دہلی کی طرف چل پڑے۔ دہلی میں ایک بڑھیا نے آپ کو اپنے ہاں ٹھہرایا۔ بڑھیا کے مکان کے قریب ایک بُت خانہ تھا۔ شاہ

صاحب کے قیام سے بُت خانہ کی رونق ختم ہوگئی اور ہنود آپ کی عقیدت کا دم بھرنے لگے۔ یہاں سے آپ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار اقدس پر حاضر ہوئے اور درگاہ شریف کی مسجد میں معتکف ہو گئے۔ بزرگان سلسلہ کے مزارات پر حاضری دیتے ہوئے آپ حضرت شاہ کلیم اللہ کے مزار پر پہنچے حضرت شاہ کلیم اللہ کے فرزند نہایت محبت اور خلوص سے پیش آئے اور تین روز تک آپ کو مہمان ٹھہرایا۔ اس کے بعد آپ نے کٹرہ بھیل میں ایک حویلی کرایہ پر لے لی اور درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔

حضرت شاہ فخر الدین جیسا باکمال اور صاحب عرفان وحال درویش دہلی میں غیر معروف اور گمنام کیسے رہ سکتا تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے حویلی میں خلقت کا ہجوم بڑھنے لگا اور بیعت و توبہ کا سلسلہ شروع ہوگیا یہیں کٹرہ بھیل میں شہباز لامکان قبلۂ عالم حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ آپ کے حلقۂ مریدین میں داخل ہوئے۔

تصانیف

شاہ صاحب نے تین کتابیں تصنیف فرمائیں جن کے نام یہ ہیں :-

۱۔ نظام العقائد (اسلام کے بنیادی عقائد پر عالمانہ بحث)
۲۔ رسالہ مرجیہ (حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کی مشہور کتاب غنیۃ الطالبین کے ایک بیان کی شرح)
۳۔ فخر الحسن (حضرت خواجہ حسن بصری کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بیعت و خلافت کا علمی تاریخی ثبوت)

سرسید نے ان کتابوں کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کا دیکھنا آپ کی مہارت علمی پر دلیل قاطع اور برہان ساطع ہے۔

وصال

شاہ صاحب نے ۸۰ سال کی عمر میں ۲۷۔ جمادی الثانی ۱۱۹۹ھ کو وصال فرمایا۔ وصال سے ایک دن قبل زبان مبارک پر مثنوی کا یہ شعر تھا ؎

وقت آں آمد کہ من عریاں شوم چشم بگذارم سراسر جاں شوم

آپ کو حضرت قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پاک کے قریب سپرد خاک کیا گیا۔

۱۷۔ حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ صاحب مہاروی ۱۴ر رمضان المبارک ۱۱۴۲ھ کو چوٹالہ میں پیدا ہوئے۔ یہ جگہ مہار شریف سے چار کوس کے فاصلے پر مشرق کی طرف ہے۔ والد ماجد کا نام ہندال تھا جو کھرل قوم سے تعلق رکھتے تھے سلسلۂ نسب نوشیرواں عادل سے جا ملتا ہے۔

ڈیرہ غازی خان میں کچھ عرصہ قیام کرنے کے بعد خواجہ صاحب لاہور آئے۔ وہاں سے تکمیل تعلیم کے لیے دہلی تشریف لے گئے۔ اس زمانے میں وہاں نواب غازی الدین خان کے مدرسے کی بڑی شہرت تھی۔ آپ اس مدرسہ میں داخل ہو گئے اور حافظ برخوردار جی سے کافیہ پڑھنا شروع کیا۔ ابھی آپ قطبی پڑھ رہے تھے کہ حافظ صاحب کو دہلی سے باہر اپنے گھر جانا پڑا جس سے آپ کی تعلیم کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ اس کے بعد آپ کو شاہ فخر کی خدمت میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی۔ شاہ فخر کے دہلی تشریف لانے کے بعد خواجہ صاحب پہلے شخص تھے جنہوں نے ان کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔

خواجہ صاحب جب باطنی علوم کی تکمیل کر چکے تو شاہ صاحب نے فرمایا اے نور محمد خلق را با تو کار خواہد بود۔ یہ سن کر آپ بڑے حیران ہوئے عرض کیا میں ایک کمترین پنجابی ہوں کس طرح اس اعلیٰ مرتبے کے قابل سمجھا گیا۔ چند روز بعد شاہ صاحب نے خلافت عطا فرما کر انہیں مہار شریف قیام کرنے کا حکم دیا۔ رخصت کرتے وقت یہ پانچ وصیتیں فرمائیں:۔

۱۔ میری وفات کی خبر سن کر واپس دہلی نہ آنا۔
۲۔ اس ملک میں ہندوستانی لباس نہ پہننا۔
۳۔ کوئی شخص تمہیں تکلیف پہنچائے تو درگزر کرنا۔
۴۔ علماء سادات اور بابا صاحب کی اولاد کی تعظیم کرنا۔
۵۔ ایک امیر تمہارے دامن لطف سے وابستہ ہوگا اس کی نگہداشت کرنا۔

خواجہ صاحب کو اپنے مرشد کریم سے غایت درجہ عشق تھا۔ ۱۱۹۹ھ میں حضرت شاہ فخر صاحب کا وصال ہوا تو ان پر اس کا بے حد اثر ہوا۔ شاہ صاحب کے وصال کے بعد چھ برس زندہ رہے مگر کسی

طرح طبیعت کبھی بحال اور خوش نہ رہی۔ مرشد کے وصال کے فوراً بعد ان کو کاست بدنی کی شکایت ہو گئی۔ اسی اثناء میں ان کے عزیز مرید اور خلیفہ حضرت نور محمد صاحب نارووالہ نے وصال فرمایا تو یہ صدمہ دوچند ہو گیا۔ آخر ۳۔ ذی الحجہ ۱۲۰۵ھ کو آپ نے وصال فرمایا۔ نواب غازی الدین خان نے تاریخ وفات کہی ؎

حیف واویلا جہاں بے نور گشت

۱ ۲ ۰ ۵ ھ

۱۸۔ حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت تونسوی رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۸۳ھ کو گرگوجی پہاڑ میں پیدا ہوئے۔ ابھی بچے ہی تھے کہ والد بزرگوار جناب محمد زکریا عبد الوہاب بن عمر خان رحلت فرما گئے۔ ترگ میں انہیں تعلیمی اور عربی کے سوا کچھ نہ پڑھا۔ دل میں علم حاصل کرنے کا بڑا شوق تھا۔ بے سروسامانی کے عالم میں پھرتے پھراتے کوٹ مٹھن آ پہنچے۔ وہاں قاضی احمد علی رحمۃ اللہ علیہ کے درس میں شامل ہو گئے۔ اس کے بعد قبلۂ عالم نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر مرید ہوئے۔ آپ نے انہیں آداب الطالبین، فقرات عشرہ، لوائح، فصوص الحکم وغیرہ کتابیں پڑھائیں۔ ریاضت و مجاہدات سے باطنی علوم کی تکمیل کرائی۔ اور خلافت عطا فرما کر تونسہ شریف بھیج دیا۔

آپ اہل سنت و الجماعت کے ساتھ تعلق رکھنے کو بہت ضروری سمجھتے تھے اور والدین کی خدمت پر بڑا زور دیتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے کہ دین و دنیا کی کامیابی کا انحصار رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین کی متابعت کے بغیر ناممکن ہے۔ حکومت بھی اسی وقت مل سکتی ہے جب زندگی کے ہر شعبہ میں کامل ترین انسان کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اتباع ہو۔ اور روح کی کمالیت بھی اسی وقت ممکن ہے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نقش قدم پر گامزن ہو۔ سلوک و معرفت کی راہیں بغیر اتباع رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طے نہیں کی جا سکتیں۔ اعلائے کلمۃ الحق حضرت کی زندگی کا مشن تھا۔ اسد خان حاکم سنگھڑ کے بارے میں جب لوگوں نے آپ سے عرض کیا کہ وہ رعایا کے ساتھ

عدل و انصاف سے پیش نہیں آتا تو شاہ صاحب نے اُس کو ڈانٹا اور فرمایا:-

"اسد خان! ظلم ترک کر دے۔ تیری حکومت میں اگر یہی کوئی فائدہ ہے تو صرف یہ کہ اذان سننے میں آتی ہے۔ رعایا کے ساتھ عدل و انصاف کا برتاؤ کرو۔ ورنہ میں دیکھتا ہوں کہ تھوڑے دنوں ہی میں سکھوں کی فوج آنے والی ہے۔"

حضرت نے کم و بیش ستر خلفاء کو خرقۂ خلافت عطا فرمایا۔ ان خلفاء میں حاجی نجم الدین صاحب، حافظ محمد علی خیر آبادی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ نے سلسلے کی ترویج و اشاعت میں نمایاں حصہ لیا۔

حضرت کا وصال یکم صفر ۱۲۶۷ھ جمعرات کے دن ہوا۔ تونسہ شریف میں حضرت کا مزار اقدس مرجع خلائق ہے۔

۱۹۔ حضرت قبلہ شمس العارفین خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی ۱۲۱۴ھ میں سیال شریف میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ پنجاب میں سکھوں کی حکومت تھی اور مسلمانوں پر اُن کا ظلم و ستم روز بروز بڑھتا جا رہا تھا۔ خود خواجہ صاحب کے والد محترم میاں محمد یار صاحب حق گوئی اور حریت پسندی کے باعث سکھوں کے ہاتھوں گرفتار ہوئے اور ہوش رُبا مصائب برداشت کیے۔ آپ نے سات سال کی عمر میں قرآن کریم ختم کر لیا۔ اپنے ماموں میاں احمد الدین صاحب سے نام حق، کریما وغیرہ کتب پڑھیں۔ پھر مکھڈ شریف میں تیرہ برس قیام کر کے دینی علم کی تحصیل کی۔ وہاں سے فراغت کے بعد مولوی علی محمد صاحب کے حکم کے مطابق آپ کابل شریف لے گئے۔ وہاں کے مشہور و متبحر عالم حافظ دراز صاحب سے ہدایہ شریف پڑھا۔ وہاں سے فراغت کے بعد پھر مکھڈ واپس تشریف لائے۔ ان دنوں کسی اہلِ دل سے حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی کا شہرہ سُنا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور آپ کی خدمت میں حاضر رہنے لگے۔ ۳۰ سال کی عمر میں حضرت تونسوی نے اُن کو خرقۂ خلافت سے نوازا اور ہدایت فرمائی کہ بیعت کا کام پورے اہتمام سے کریں۔ اور جو

طالب ہدایت آئے اُسے خالی نہ لوٹاتا۔ آپ کا وصال ۲۴ صفر ۱۳۰۰ھ کو ہوا۔

آپ کے متعدد خلفاء تھے جنہوں نے برصغیر پاک و ہند میں اس سلسلہ کی خوب اشاعت کی۔ آپ کے خلفاء میں پیر سید حیدر علی شاہ جلالپوری، پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑوی خاص طور پر بہت مشہور ہیں۔ آپ کے ایک خلیفہ سید محمد شاہ غزنوی نے خراسان کے علاقہ میں اس سلسلہ کو بہت پھیلایا۔ آپ کے وصال کے بعد آپ کے صاحبزادہ خواجہ محمد الدین صاحب سیالوی سجادہ نشین ہوئے۔

حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ رحمۃ اللہ علیہ

بھیرہ شریف (ضلع سرگودھا) میں سلسلہ عالیہ نظامیہ کی بُنیاد حضرت خواجہ شمس العارفین کے خلیفہ حضرت امیر السالکین پیر امیر شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے رکھی۔ ۱۹۲۵ء میں حضرت پیر محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ ان کے جانشین ہوئے اور ۱۹۵۷ء میں حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ رحمۃ اللہ علیہ مسند آرائے خلافت ہوئے۔ اپنے والد گرامی کے حسن تربیت کی بدولت قدیم و جدید اور ظاہری و باطنی علوم کے جامع ہوئے۔ حضرت خواجہ ضیاء الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور اُن کے وصال کے بعد حضرت محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ سے تجدید بیعت کے بعد خرقہ خلافت حاصل کیا۔ ۱۹۵۷ء میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کی نشاۃ ثانیہ فرمائی اور روحانی المزاج علماء کی ایک کثیر جماعت تیار فرمائی۔ آپ کے فیضان سے خانقاہی سلسلہ میں علم کی دم توڑتی ہوئی روایت دوبارہ زندہ ہوگئی۔ آپ کی بھرپور کامل اور مکمل شخصیت کی وجہ سے سلسلۂ تصوف کو وقار اور اعتماد حاصل ہوا۔ روحانیت میں رضائے الٰہی کا ہمہ دم خیال، حُب رسول اللہ ﷺ، اخفائے حال اور استقامت آپ کا نشانِ امتیاز رہے۔ کشف و کرامت کے اظہار سے ہمیشہ نفور رہے۔ فقرائے زمانہ نے آپ کی غوثیت اور مجددیت کو تسلیم کیا۔ نبی پاک ﷺ کی بارگاہ سے آپ کی مقبولیت اور محبوبیت کے شواہد میسر آئے۔ بفضلہ تعالیٰ اخلاف، مریدین، تلامذہ، علم، روحانیت، خلوص اور محبت سے معمور تصانیف کی صورت میں آپ کا فیضان اکناف عالم میں پھیل رہا ہے۔ (عید قربان) ۱۰ ذوالحج ۱۴۱۹ھ (منگل، بدھ) کی درمیانی رات وصالِ الٰہی سے شاد کام ہوئے۔

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

مُسَبَّعَاتِ عَشْرَہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ۙ
سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کا بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا

مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ؕ
مالک ہے روز جزا کا تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
چلا ہم کو سیدھے راستہ پر راستہ اُن کا جن پر تو نے انعام

عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۝ؑ ، بار
فرمایا نہ اُن کا جن پر غضب ہوا اور نہ گمراہوں کا (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۝ۙ اِلٰهِ
(اے محبوب) عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں سب انسانوں کے پروردگار کی سب انسانوں کے بادشاہ کی سب انسانوں کے

النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ

معبود کی بار بار وسوسہ ڈالنے والے بار بار پسپا ہونے والے کے شر سے جو وسوسہ

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ ، بار

ڈالتا رہتا ہے لوگوں کے دلوں میں خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں سے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ

آپ عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی ہر اس چیز کے شر سے جس کو اس نے پیدا کیا اور (خصوصاً)

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ

رات کی تاریکی سے جب وہ چھا جائے اور ان کے شر سے جو پھونکیں مارتی ہیں گرہوں میں

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ ، بار

اور (میں پناہ مانگتا ہوں) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ

(اے حبیب) فرما دیجئے وہ اللہ ہے یکتا اللہ صمد ہے نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ

يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ۷ بار

جنا گیا اور نہ ہی اُس کا کوئی ہمسر ہے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَاۤ

آپ فرما دیجئے اے کافرو! میں پرستش نہیں کیا کرتا ان بتوں کی جن کی تم پرستش کرتے ہو اور نہ ہی

اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝

تم عبادت کرنے والے ہو اُس خدا کی جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں اور نہ ہی میں کبھی عبادت کرنے والا ہوں جن کی تم

وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ۷ بار

پوجا کرنے والے ہو اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ ہمیشہ زندہ ہے سب کو زندہ رکھنے والا ہے نہ اس کو اونگھ آتی ہے اور نہ

نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِىْ

نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے کون ہے جو

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

سفارش کرسکے اس کے پاس بغیر اس کی اجازت کے جانتا ہے جو ان سے پہلے (ہوچکا) اور جو ان کے بعد (ہونے والا) ہے

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ

اور وہ نہیں گھیر سکتے کسی چیز کو اس کے علم سے مگر جتنا وہ چاہے سما رکھا ہے اس کی کرسی نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ

آسمانوں اور زمین کو اور نہیں تھکاتی اُسے زمین آسمان کی حفاظت اور وہی ہے سب سے بلند

الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

عظمت والا کوئی زبردستی نہیں ہے دین میں بے شک صاف واضح ہوگئی ہے ہدایت گمراہی

الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ

سے تو جو انکار کرے شیطان کا اور ایمان لائے اللہ کے ساتھ تو اس نے

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ

پکڑ لیا مضبوط حلقہ جو ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ تعالٰی

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے اللہ مددگار ہے ایمان والوں کا نکال لے جاتا ہے انہیں اندھیروں سے

اِلَى النُّوْرِ ۬ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

۳۔ یہ دعا بھی کم از کم تین مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا (یا) اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا۔

۴۔ کسی بھی رنج و غم اور مصیبت کے وقت یہ پڑھے اور دعا مانگے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَاءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ وَغَمِّیْ۔

ترجمہ۔ الٰہی میں تیرا ہی بندہ ہوں اور تیرے ہی بندے، تیری ہی بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے۔ تیرا ہر حکم میرے حق میں نافذ ہے۔ تیرا ہر فیصلہ میرے حق میں عدل ہے میں تیرے ہر اس نام کے توسل سے جو تیرا ہے تو نے خود اس کو اپنا نام رکھا یا اس کو اپنی کتاب میں نازل فرمایا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتلایا، یا تو نے اس کو علم غیب کے خزانہ میں اپنے پاس ہی محفوظ رکھا، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار، نگاہ کا نور اور میرے غم کے ازالہ اور پریشانی کو دور کرنے کا ذریعہ بنا دے۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو بھی اللہ تعالیٰ کا بندہ کسی مصیبت یا رنج و غم میں گرفتار ہو۔ اور وہ مذکورہ بالا دعا پڑھا کرے اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مصیبت، پریشانی اور رنج و غم کو دور فرمائے گا۔ اور اس کے رنج و اندوہ کو خوشی و مسرت سے بدل دے گا۔

۵۔ کسی بھی رنج و غم یا بیماری میں گرفتار ہونے کے وقت کثرت سے یہ پڑھے۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ حدیث میں آیا ہے جو شخص یہ پڑھتا ہے اس کے لئے یہ ننانوے دکھوں بیماریوں کی دوا ہے جس میں سے سب سے ہلکی بیماری فکر و پریشانی ہے۔

۱۷۔ کسی بادشاہ یا ظالم شخص سے خوف کے وقت کی دعا

یہ دعا تین مرتبہ پڑھے:۔

اللہ اکبر اللہ اعز من خلقہ جمیعا اللہ اعز مما اخاف و احذر اعوذ باللہ الذی لا الہ الا ھو ممسک السماء ان تقع علی الارض الا باذنہ من شر عبدک فلان وجنودہ واتباعہ واشیاعہ من الجن والانس اللھم کن لی جارا من شرھم جل ثناءک وعز جارک ولا الہ غیرک۔

ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ اللہ ہی تمام مخلوق سے زیادہ قوی ہے اللہ تعالیٰ اس سے بھی زیادہ قوی ہے جس سے میں خائف ہوں اور ڈر رہا ہوں میں اس اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور جس نے اپنے حکم سے آسمان کو زمین پر آنے سے روکا ہوا ہے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں فلاں بندے کے اور اس کی فوج و لشکر کے اور اس کے پیروؤں اور خدمت گزاروں کے شر سے جن ہوں یا انسان۔ اے اللہ تو ان سب کے شر سے مجھے پناہ دینے والا بن جا۔ تیری حمد و ثنا بہت بڑی ہے اور تجھ سے پناہ لینے والا ہمیشہ غالب ہوتا ہے اور تیرے سوا کوئی بھی قابل عبادت نہیں ہے۔

۱۸۔ نمازِ حاجت کا طریقہ

۱۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی خاص حاجت ہو، یا کسی بندے سے کوئی خاص کام پیش آ جائے تو اس کو چاہیئے کہ وضو کرے خوب اچھی طرح۔ پھر دو رکعت نماز حاجت پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام بھیجے۔ اس کے بعد یہ دعا مانگے۔

لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم۔ الحمد للہ رب العالمین۔ اسئلک موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک والغنیمۃ من کل ذنب والغنیمۃ من کل بر والسلامۃ من کل اثم لا تدع لی ذنبا الا غفرتہ ولا ھما الا فرجتہ ولا حاجۃ ھی لک رضی الا قضیتھا یا ارحم الراحمین۔

ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بڑا ہی بردبار اکرم کرنے والا ہے۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ جو عرش عظیم کا رب ہے۔ سب تعریفیں ہیں اللہ رب العالمین کے لیئے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمت کے واجب کر دینے والے اسباب کا اور تیری مغفرت کو پختہ کر دینے والی خصلتوں کا اور ہر گناہ سے حفاظت کا اور ہر نیکی کی غنیمت کا اور ہر نافرمانی سے سلامتی کا۔ اے اللہ تو میرے کسی گناہ کو بغیر بخشے مت

چھوڑ اور میرے کسی فکر و پریشانی کو بغیر دور کیے مت چھوڑ۔ اور میری کسی ایسی حاجت کو جو تیری رضا کے مطابق ہو بغیر پورا کیے مت چھوڑ۔ یا ارحم الراحمین۔

نمازِ حاجت کا دُوسرا طریقہ

مذکورہ بالا طریق پر وضو کر کے نماز پڑھے۔ پھر یہ دعا مانگے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ وَشَفِّعْهُ فِیَّ۔

ترجمہ۔ اے اللہ میں تجھ سے ہی سوال کرتا ہوں اور تیری ہی طرف متوجہ ہوں۔ تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نبی رحمت کے وسیلہ سے۔ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں اور دعا کرتا ہوں تاکہ وہ پوری ہو جائے۔ اے اللہ تو میرے بارے میں آپ کی شفاعت قبول فرما۔

۱۹۔ پہلی کا چاند دیکھنے کے وقت کی دُعا

هِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ هٰذَا الشَّهْرِ وَخَیْرِ الْقَدْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ۔

(چاند کو دیکھ کر یہ تین مرتبہ کہے)

ترجمہ۔ یہ خیر و برکت اور نیکی کا چاند ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے اس ماہ کی خیر و برکت کا اور تقدیر الٰہی کی خیر و برکت کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

۲۰۔ شب قدر دیکھنے کے وقت

اور جب شب قدر دیکھنا نصیب ہو تو یہ دعا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔

ترجمہ۔ اے اللہ بے شک تو معاف کرنے والا ہے۔ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس تو مجھے

بھی مُعاف فرما دے۔

۲۱۔ آئینہ دیکھنے کے وقت

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ تو نے ہی میری صورت اتنی اچھی بنائی ہے پس تو ہی میرے اخلاق کو بھی خوب صورت بنا دے۔

۲۲۔ قرض میں گرفتار ہونے کے وقت کی دُعا

۱۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ تو مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچالے اور اپنے فضل و کرم سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔

ادائیگی قرض کے لئے یہ دُعا بکثرت پڑھا کرے۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَآءُ وَتَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِیْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ سارے ملک کے مالک تو ہی جس کو چاہتا ہے ملک دیتا ہے اور تو ہی جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا ہے۔ تو ہی جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور تو ہی جسے چاہتا ہے ذلت دیتا ہے ہر طرح کی خیر و خوبی تیرے قبضۂ قدرت میں ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے دُنیا و آخرت میں بہت بڑے رحم کرنے والے تو جس کو چاہتا ہے دُنیا و آخرت کی نعمتیں دے دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے اس کو دونوں سے محروم کر دیتا ہے۔ تو مجھ پر وہ خاص رحمت فرما کہ اس کے ذریعہ تو مجھے اپنے ماسوا کی رحمت سے بے نیاز فرما دے۔

۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

وَنَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں ہر فکر و غم سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں عاجزی اور کاہلی سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے زور و ظلم سے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ دعا پڑھتا رہتا ہے اگر ریت کے ذروں کے برابر اس پر قرض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو ادا فرما دیتا ہے۔

۲۳۔ کسی دکھ یا بیماری میں کسی کو گرفتار دیکھے تو یہ دعا مانگے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا

ترجمہ: شکر ہے اللہ تعالیٰ کا جس نے مجھے اس دکھ تکلیف سے عافیت میں رکھا جس میں تجھے مبتلا کیا اور بہت سی مخلوق پر مجھے نمایاں طور پر فضیلت دی۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص کسی کو دکھ، بیماری میں گرفتار دیکھ کر مذکورہ بالا دعا پڑھے گا وہ زندگی بھر اس دکھ تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ چاہیئے کہ وہ یہ دعا آہستہ پڑھے تاکہ مریض اور دکھی کی دل شکنی نہ ہو۔

۲۴۔ زیارت قبور کے لئے جانے کے وقت کی دعا

جب قبر کی زیارت کے لئے قبرستان جائے تو یہ کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْئَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ۔

ترجمہ: اے اس بستی کے رہنے والے مسلمانو اور مومنو تم پر سلام۔ بے شک ہم بھی انشاء اللہ تم سے عنقریب ملنے والے ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے اور تمہارے لئے عافیت کی دعا کرتے ہیں۔ تم ہم سب سے پہلے جانے والے ہو اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔

ترکیب نوافل مع ادعیہ

نوافل اشراق — اشراق کی بارہ رکعتیں ہیں

دعائے شکر اللہ:۔

بعد فاتحہ در رکعتِ اوّل آیۃ الکرسی تا خالدون و در ثانی از آمن الرسول تا تمام سورۃ و آیۃ اللہ نور السمٰوٰت والارض تا علیم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَصْبَحْتُ لَكَ لَا اَسْتَطِيْعُ دَفْعَ مَا اَكْرَهُ

اے اللہ میں نے صبح کی ہے تیرے لئے میں اس چیز کو دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتا جسے میں ناپسند کرتا ہوں

وَلَا اَمْلِكُ نَفْعَ مَا اَرْجُوْ مِنْ رَّحْمَتِكَ اَصْبَحْتُ

اور میں اس چیز کے نفع کا مالک نہیں ہوں جس کی میں تیری رحمت سے امید رکھتا ہوں میں نے صبح کی ہے

مُرْتَهِنًا بِعَمَلِىْ وَاَصْبَحَ اَمْرِىْ بِيَدِ غَيْرِىْ فَلَا فَقِيْرَ

اس حالت میں کہ اپنے عمل میں گروی ہوں اور میرا کام میرے غیر کے ہاتھ میں ہے اور کوئی فقیر مجھ سے زیادہ محتاج نہیں

اَفْقَرُ مِنِّىْ وَلَا تُشْمِتْ بِىْ عَدُوِّىْ وَلَا تَسُؤْ بِىْ

میرے دشمن کو میری حالت سے خوش نہ کر اور نہ میرے دوست کو میری حالت سے تکلیف دے

صَدِيْقِيْ وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَایَ

میری مصیبت میرے دین ، میری دُنیا اور آخرت

وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّيْ وَلَا مَبْلَغَ

میں نہ کر اور نہ بنا دُنیا کو میرا مقصدِ عظیم اور نہ میرے علم کی

عِلْمِيْ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لَّا يَرْحَمُنِيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ

نہایت اور نہ مسلط کر مجھ پر ایسے شخص کو جو رحم نہیں کرتا مجھ پر دُنیا میں اور آخرت میں اے اللہ!

اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِيْ تُزِيْلُ بِهَا النِّعَمَ وَمِنَ

میں پناہ مانگتا ہوں تیرے واسطے سے اُن گناہوں سے جن کے باعث تو نعمتوں کو زائل کر دیتا ہے اور اُن

الذُّنُوْبِ الَّتِيْ تُوْجِبُ بِهَا النِّقَمَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

گناہوں سے جن کے باعث تو عذاب کو واجب کرتا ہے تیری رحمت کے طفیل اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

دُعائے استعاذہ در رکعتِ اوّل سُورۃ فلق و در رکعتِ دوم سُورۃ ناس یک بار بخواند

دُعائے استعاذہ پہلی رکعت میں سُورۃ فلق اور دُوسری میں سُورۃ ناس ایک ایک بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ بِكَلِمٰتِكَ التَّامَّةِ

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے تیرے اسمِ اعظم کے ساتھ تیرے مکمل کلمات کے ساتھ

مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَاَعُوْذُ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

ہر زہریلے جانور سے اور ہر تکلیف دینے والے کیڑے مکوڑوں کے شر سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے اسم اعظم سے

وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ

اور تیرے مکمل کلمات سے تیرے بندوں کے شر سے اور تیرے عذاب کے

عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمٰتِكَ

شر سے اور میں پناہ مانگتا ہوں بذریعہ تیرے اسم اعظم کے اور تیرے مکمل کلمات

التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ

کے ہر شیطان راندے ہوئے سے اور ہر جابر اور سرکش کے

عَنِيْدٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمٰتِكَ التَّآمَّةِ

شر سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے اسم اعظم کے اور تیرے مکمل کلمات کے

مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا يَجْرِيْ بِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ اِنَّ رَبِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ

ہر اس چیز کے شر سے جنہیں رات اور دن لے کر آتے ہے بے شک میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے وہ اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے اس پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہ عرش عظیم کا رب ہے

اِلٰهِيْ اِنَّكَ سَلَّطْتَ عَلَيْنَا عَدُوًّا بَصِيْرًا يَّرَانَا

اے اللہ تو نے مسلط کیا ہے ہم پر ایسا دشمن جو دیکھنے والا ہے وہ اور

بِعُيُوْبِنَا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرٰهُمْ اَللّٰهُمَّ

اُس کا لشکر دیکھتا ہے ہمارے عیبوں کو وہاں سے کہ ہم اُنہیں نہیں دیکھ سکتے اے اللہ!

فَاٰيِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَقَنِّطْهُ مِنَّا

بس مایوس کر دے اُس کو ہم سے جس طرح مایوس کیا ہے تو نے اسے اپنی رحمت سے اور ناامید کر دے اسے

كَمَا قَنَّطْتَهٗ مِنْ عَفْوِكَ وَاَبْعِدْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَا اَبْعَدْتَ

ہم سے جس طرح ناامید کیا ہے تو نے اس کو اپنی بخشش سے اور دوری کر دے ہمارے درمیان اور اس کے درمیان

بَيْنَهٗ وَبَيْنَ جَنَّتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ

جس طرح دوری کر دی ہے اس کے درمیان اور اپنی جنت کے درمیان بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور دعاؤں کو

جَدِيْرٌ وَّلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

قبول کرنے والا ہے نہیں ہے ہمارے میں طاقت گناہوں سے بچنے کی اور قوت نیک عمل کرنے کی مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے جو بلند اور بزرگ ہے

دعاء استخاره در اول رکعت قل یا کافرون و در دوم سورة اخلاص یک بار بخواند

دعاء استخارہ۔ پہلی رکعت میں سورۃ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص ایک بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

اے اللہ! میں خیر طلب کرتا ہوں تجھ سے تیرے علم کے ذریعہ اور قدرت طلب کرتا ہوں تجھ سے

بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ

تیری طاقت کے ذریعہ اور مانگتا ہوں تجھ سے تیرا فضل عظیم بے شک تو

تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ

قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا تو جانتا ہے میں نہیں جانتا تو تمام غیبوں کو

الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّ لَا

جاننے والا ہے اے اللہ! نہیں مالک میں اپنے نفس کے لیے کسی ضرر کا اور نہ

نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

کسی نفع کا، نہ موت کا، نہ زندگی کا اور نہ قبر سے جی اٹھنے کا اے اللہ اگر تو

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

جانتا ہے کہ یہ بات بہتر ہے میرے لئے میرے دین میں میری معاش میں اور میرے کام کے انجام کے لحاظ سے

فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ

تو مقدر فرمادے اس کو میرے لئے اور آسان فرمادے اس کو میرے لئے پھر برکت عطا فرما مجھے اس میں اور اگر تو جانتا ہے کہ

اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

یہ کام برا ہے میرے لئے میرے دین میں، میری معاش میں، میرے کام کے انجام کے لحاظ سے

فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَيْرَ

پس پھیر دے اس کو میری طرف سے اور پھیر دے مجھے اس کی طرف سے اور مقدر کر دے میرے لئے بھلائی

حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

جہاں ہو پھر راضی کر دے مجھے اس کے ساتھ طفیل اپنی رحمت کے اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

دُعائے استجاب در اوّل رکعت سُورۃ سَبِّحِ اسْمَ یکبار و در رکعت دوم سُورۃ قدر پنج بار

یہ دعائے طلب محبت ہے۔ پہلی رکعت میں سُورہ سبح اسم ایک بار دوسری میں سُورۃ قدر پانچ بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاۤءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ

اے اللہ بنا دے اپنی محبت کو تمام چیزوں سے زیادہ محبوب میرے نزدیک اور بنا دے

خَوْفَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَاۤءِ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اِذَا اَقْرَرْتَ

اپنے خوف کو تمام چیزوں سے زیادہ ڈرانے والا میرے نزدیک اے اللہ جب تو ٹھنڈا کرے

عُيُوْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا بِدُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ بِكَ وَ

اہل دُنیا کی آنکھوں کو ان کی دُنیا کے ذریعہ تو ٹھنڈا کر میری آنکھوں کو اپنے دیدار سے اور

بِعِبَادَتِكَ وَاقْطَعْ عَنِّيْ لَذَّاتِ الدُّنْيَا بِاُنْسِكَ

اپنی عبادت سے اور منقطع کر دے مجھ سے دُنیا کی ساری لذتیں اپنے انس کے ساتھ

وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَاۤئِكَ وَاجْعَلْ طَاعَتَكَ فِيْ كُلِّ

اور اپنی ملاقات کے شوق کے ساتھ اور بنا دے اپنی فرماں برداری کو ہر چیز میں

شَیْءٍ مِّنِّیْ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ

میری طرف اے بزرگی والے اے عزت والے اے اللہ نصیب فرما مجھے

حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَحُبَّ

اپنی محبت اور اُن کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتے تھے اور ان کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتے ہیں اور ہر

عَمَلٍ یُّقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ وَاجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ

اس عمل کی محبت جو مجھے قریب کر دے تیری محبت کی طرف اور کر دے اپنی محبت کو سب چیزوں

الْاَشْیَآءِ اِلَیْنَا مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ یَا

سے زیادہ محبوب ہمارے ٹھنڈے پانی سے پیاسے کے لئے یا

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ اسْقِنِیْ بِکَاسِ مُحَمَّدٍ

ذوالجلال والاکرام اے اللہ پلا مجھے محمد مصطفےٰ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً لَّا اَظْمَأُ بَعْدَھَا اَبَدًا بِرَحْمَتِکَ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساغر سے ایسا پلا کہ اس کے بعد پھر مجھے کبھی پیاس نہ لگے اپنی رحمت کے طفیل

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ دعا شکر النہار در ہر دو رکعت سورۂ اخلاص یک بار بخواند

یا ارحم الراحمین دعا شکر النہار ہر رکعت میں ایک ایک بار سورۂ اخلاص پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الصَّبَاحِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اس کی مہربانی پر جو اس نے صبح اچھی طرح گزاری اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

حُسْنِ الْمَسَآءِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَبِيْتِ اَللّٰهُمَّ

اس کرم پر کہ شام اچھی طرح گزاری سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے عمدگی کے ساتھ رات گزرنے پر اے اللہ!

لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد جو تیرے دوام کے ساتھ دائم رہے اور تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد

لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيْئَتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ

جس کی کوئی انتہا نہیں تیری مرضی کے بغیر اور تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد جو ہر

كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا

آنکھ جھپکنے کے وقت ہو اور ہر سانس لینے کے وقت ہو سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے ایسی تعریف

دَآئِمًا عَدَدَ الْقَطَرَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْحَجَرِ وَالشَّجَرِ وَ

جو ہمیشہ رہنے والی ہے جو بارش کے قطروں، نباتات، پتھروں، درختوں اور

الْاَوْرَاقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَفَاهُ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ

پتوں کے شمار کے مطابق ہے سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو کافی ہے اس کو اور درود ہو اس کے نبی محمد پر

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِىْ بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى

صلی اللہ علیہ وسلم اے اللہ میں تیری رحمت سے امید رکھتا ہوں پس مجھے میرے نفس کے

نَفْسِیْ وَلَا اِلٰی غَیْرِکَ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَلَا اَقَلَّ مِنْ ذٰلِکَ

چھوڑ دے اور نہ کسی اور کی طرف آنکھ جھپکنے کی دیر یا اس سے بھی کم وقت میں اور

اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّهٗ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ

درست کر دے میرے لیے میری ہر حالت کو بطفیل لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ

وَتُبْ عَلَیَّ وَاغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ

اور رحمت کی توجہ فرما مجھ پر اور بخش دے میرے لیے اور رحم فرما مجھ پر بے شک تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے اے اللہ!

لَکَ الْحَمْدُ وَاِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

سب تعریف تیرے لیے ہی ہے شکایتیں تیری بارگاہ میں ہیں تجھی سے مدد مانگی گئی ہے برائی سے بچنے کی طاقت اور نیکی

اِلَّا بِکَ برائے حق والدین در ہر دو رکعت آیۃ الکرسی یک بار و سورۃ اخلاص سہ بار بخواند

کرنے کی قوت تیرے ساتھ۔ دو نفل حق والدین کے لیے ہیں ہر رکعت میں ایک بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْ بِیْ وَبِوَالِدَیَّ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ

اے لطیف! لطف و کرم فرما میرے ساتھ اور میرے والدین کے ساتھ تمام حالتوں میں

کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی یَا عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ وَاغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ

جس طرح دوست رکھتا ہے تو اور پسند کرتا ہے تو اے سب کچھ جاننے والے اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو

إِنَّكَ عَلىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

زِ نُورِ شمسِ سُلیمان

۱ ۹ ۲ ۱ ھ

عیان مُحمّد الدِین



دُعاءِ بدءِ دلائل الخیرات

دلائل الخیرات کی ابتدا کرتے وقت یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو رب العالمین ہے کافی ہے مجھے اللہ تعالیٰ اور وہ بہترین کارساز ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ

نہیں کوئی طاقت اور نہ قوت (گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی) بجز مدد اللہ تعالیٰ کے جو اعلیٰ اور عظیم ہے اے اللہ!

اِنِّیْ اَبْرَءُ مِنْ حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ اِلٰی حَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ

میں بیزار ہوتا ہوں اپنی طاقت اور قوت سے تیری طاقت اور قوت کی طرف

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! میں قرب حاصل کرتا ہوں تیری طرف درود بھیج کر اپنے آقا محمد پر

عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی

جو تیرے بندے، تیرے نبی، تیرے رسول اور تمام رسولوں کے سردار ہیں صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ اِمْتِثَالًا

اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وعلیہم اجمعین تیرے

لِاَمْرِكَ وَتَصْدِيْقًا لَّهٗ وَمَحَبَّةً فِيْهِ وَشَوْقًا اِلَيْهِ وَ

حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اور نبی محترم کی تصدیق کرتے ہوئے آپ کے ساتھ محبت کرتے ہوئے آپ کی طرف اظہار شوق

تَعْظِيْمًا لِّقَدْرِهٖ وَلِكَوْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلًا

کرتے ہوئے اور ان کی شان کی تعظیم کرتے ہوئے اور اس لئے بھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کے اہل ہیں

لِّذٰلِكَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ

پس قبول فرما اس درود کو میری طرف سے اپنے فضل کے ساتھ اور بنا دے مجھے اپنے

الصّٰلِحِيْنَ وَوَفِّقْنِيْ لِقِرَاءَتِهَا عَلَى الدَّوَامِ بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ

نیک بندوں سے اور توفیق بخش مجھے اس کی تلاوت کی ہمیشہ اس کے مرتبہ کے طفیل جو تیری جناب میں ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے ہمارے آقا محمد پر آپ کی آل پر آپ کے تمام اصحاب پر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے جو عظمت والا ہے اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے اور ہر حمد کا سزاوار ہے

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

کافی ہے مجھے اللہ تعالیٰ اور وہ بہترین وکیل ہے

اعوذ اور بسم اللہ کے ساتھ سورۃ اخلاص۔ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس، سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرے۔ پھر بسم اللہ شریف کے ساتھ اسماء الحسنیٰ کا ورد کرے۔

دُعَاءٌ يُقْرَءُ قَبْلَ الشُّرُوْعِ

یہ دُعا جو شروع سے پہلے پڑھی جاتی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ مُنَّ عَلَيْنَا بِصَفَاءِ الْمَعْرِفَةِ وَهَبْ لَنَا صَحِيْحَ

اے اللہ تعالیٰ احسان فرما ہم پر اپنی معرفت کی صفائی کے ساتھ اور بخش ہمیں صحیح

الْمُعَامَلَةِ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَصِدْقَ

معاملہ ہمارے درمیان اور اپنے درمیان اہل سنت والجماعت کے طریقے کے مطابق اپنی ذات پر

التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ وَامْنُنْ عَلَيْنَا بِكُلِّ

سچا توکل اور حسن ظن عطا فرما اور ہم پر ایسے احسان فرما جو ہمیں

مَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْكَ مَقْرُوْنًا بِالْعَفْوِ فِي الدَّارَيْنِ

تیرے قریب کردیں تیری ذات کی طرف اس حال میں کہ دارین میں تیری عفو اور بخشش ہمارے ساتھ ہو

يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

یا رب العالمین

مصنّفِ دلائل الخیرات شریف کے مختصر سوانح حیات

دلائل الخیرات شریف کے عظیم مصنف کا اسمِ گرامی الشیخ الامام العارف الکامل قطب الاقطاب فرید العصر ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملالی ہے۔ آپ حسنی سادات سے تھے اور اکیس واسطوں سے آپ کا سلسلۂ نسب حضرت سیّدنا امام حسن بن علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ورضی اللہ عنہ وعنھم اجمعین سے جا ملتا ہے۔ آپ کے والد قبیلہ جزولہ اور سملالہ کے امیر لوگوں میں شمار کیے جاتے تھے۔ جن کی سکونت ضلع سوس اقصیٰ ملک بربر افریقہ تھی آپ نے مدینہ فاس میں علم حاصل کیا اور جامعہ قرویین کے کتب خانہ میں سالہا سال عزلت گزینی اور مطالعہ کے بعد آپ نے دلائل الخیرات کو مرتب کیا پھر آپ فاس سے ساحلی علاقہ کی طرف تشریف لائے اور وہاں کے عارف کامل شیخ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی۔ پھر ریاضت وعبادت کے لیے آپ چودہ سال خلوت گزین رہے۔ اس طویل خلوت میں مدارج سلوک طے کرنے کے بعد دین کی تبلیغ اور نشر واشاعت کے لیے آپ نے جلوت اختیار کی۔ بے شمار لوگ آپ کے دستِ حق پرست پر تائب ہوئے اور آپ کا چرچا اکنافِ عالم میں پہنچ گیا اور آپ سے بے شمار کرامات اور عظیم خوارق رونما ہوئے۔ آپ کے اوصاف وکمالات میں غور وفکر کرنے سے عقلِ انسانی دنگ رہ جاتی ہے۔ آپ کتاب وسنّت کے سختی سے پابند تھے اور ہر وقت اوراد ووظائف میں مشغول رہتے۔ آسفی شہر کے والی نے آپ کو وہاں سے نکال دیا۔ آپ نے موضع آفوغال جو سطرازہ کے علاقوں میں ایک مشہور بستی ہے وہاں آکر اقامت اختیار کی اور اپنے مریدین کی تربیت میں مشغول رہنے لگے۔ آپ کی برکت سے ان کے دل انوارِ الٰہی سے جگمگانے لگے اور اسرار ومعارفِ تصوف ان پر آشکارا ہونے لگے۔ آپ ہی کی برکت سے تمام بلادِ مغرب میں لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کا شوق بے پایاں پیدا ہوا آپ کی شہرت ملک کے کونے کونے میں پہنچی اور آپ کے معتقدین بستی بستی میں پائے جانے لگے۔ آپ کی برکت سے ملک اور اہلِ ملک کو حیاتِ نو ارزانی ہوئی اور طریقہ تصوف جو اس علاقہ میں مٹ چکا تھا پھر زندہ ہو گیا

آپ کے خلفاء میں ایسے ایسے کامل بزرگ تھے جنھوں نے اس سلسلے کے فیض کو دُور دراز علاقوں تک پہنچایا۔ ان میں سے ایک بزرگ ابو عبداللہ محمد الصغیر السہلی، دُوسرے الشیخ محمد عبدالکریم السندری بہت مشہور ہیں۔ آپ کی اور آپ کے مخلص تلامذہ کی کوششوں سے معرفتِ الٰہی کا نُور عام ہوا اور دلوں کی دُنیا اس کے انوار سے جگمگانے لگی۔ بارہ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۱۲۶۶۶) آپ کے وہ کامل مرید تھے جو مقامِ ولایت پر فائز ہوئے۔ زہر خورانی سے آپ کا وصال صبح کی نماز کی پہلی رکعت کے دُوسرے سجدہ میں یا دُوسری رکعت کے پہلے سجدہ میں ہوا۔ ربیع الاوّل کی ۱۶ تاریخ تھی اور ۸۷۰ھ تھا۔ آپ کو آپ کی مسجد کے صحن میں نمازِ ظہر کے بعد دفن کیا گیا۔ آپ کی کوئی اولادِ نرینہ نہ تھی۔

آپ کے وصال کے ستتر (۷۷) سال بعد آپ کے جسم مبارک کو سوس سے مراکش منتقل کیا گیا اور ریاض العروس کے مقبرہ میں آپ کو دفن کیا گیا اور آپ کی مرقد پر روضہ تعمیر ہوا۔

ستتر سال کے بعد جب آپ کو آپ کی قبر سے نکالا گیا تو آپ کا جسم بالکل تروتازہ تھا جیسے آج ہی اُن کو دفن کیا گیا ہو۔ زمین نے آپ پر کوئی اثر نہ کیا تھا اور اتنی طویل مدت کے بعد آپ کے جسم پر کوئی تغیر ظہور پذیر نہیں ہوا۔ آپ کی داڑھی مبارک اور سر مبارک کے بال ایسے تھے جیسے آج ہی کسی حجام نے حجامت بنائی ہو۔ بعض لوگوں نے آپ کے چہرے پر انگلی رکھ کر دبائی، خون وہاں سے ہٹ گیا۔ اور جب انگلی اُٹھائی تو خون اپنی جگہ پر لوٹ آیا جس طرح زندہ آدمی کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ آپ کا مزار پُرانوار مراکش میں ہے جس پر پُر رعب وجلال کا سماں طاری ہے۔ لوگ زیارت کے لئے جوق در جوق حاضر ہوتے ہیں اور دلائل الخیرات بکثرت پڑھی جاتی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر آپ کے بکثرت درود پڑھنے سے آپ کی قبر سے کستوری کی خوشبو آتی ہے۔ آپ کا تعلق سلسلہ شاذلیہ سے ہے۔ دلائل الخیرات کے علاوہ تصوف میں آپ کی بہت سی تصنیفات ہیں۔

دلائل الخیرات شریف پڑھنے کا طریقہ

جو

امام المتقین قطبِ عالم حضرت شاہ غلام علی صاحب نقشبندی مجددی قادری سے منقول ہے

دلائل الخیرات شریف پڑھنے والے کو چاہیے کہ وقت شروع منزل کے ابتدا اس دعا سے کرے۔ جو صفحہ نمبر ۱۰۷ پر درج ہے یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الخ اس کے بعد تینوں قل شریف اور الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ تین تین بار پڑھے۔ پھر اسماء حسنیٰ پڑھے۔ ہر نام مبارک کے ساتھ جلّ جلالہٗ کہے اور اسماء حسنیٰ کے آخر میں دعا پڑھے جو درج ہے۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء گرامی کا یوں ورد کرے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنِ اسْمُهٗ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ہر اسم مبارک کے ساتھ سیدنا اور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اضافہ کرتا جائے۔ آخر میں اسماء گرامی کے بعد جو دعا مرقوم ہے اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بِجَاهِ نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى الخ وہ پڑھے۔ ہر روز منزل پڑھنے سے پہلے ان امور کی تلاوت ضرور کرے۔ بعد ازاں دلائل الخیرات شریف کی اس روز کی منزل پڑھے۔ اس ترتیب سے پڑھنے میں بڑا فائدہ اور کمال ثواب ہے۔ نیز یہ یاد رکھیں کہ دلائل الخیرات میں جہاں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا دوسرے انبیاء کرام علیٰ نبینا وعلیہم السلام کا نام نامی آئے اس کے اول اگرچہ لفظ سیدنا مکتوب نہ ہو تاہم پڑھنے والا سیدنا کا لفظ از خود بڑھا کر پڑھے۔ کیونکہ اس ادب و تعظیم سے نہایت قرب حاصل ہوتا ہے۔ باوضو مستقبل قبلہ بیٹھ کر پڑھنا اور اثنائے منزل میں کسی سے کلام دنیوی نہ کرنا بہت خوب ہے۔ دوشنبہ لہ کے دن ہی ختم ہوتا ہے اور اس دن ہی دوشنبہ کی منزل پڑھنا مناسب

لہ ضروری نوٹ۔ خواجگانِ چشت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے نزدیک دلائل الخیرات پڑھنے کے وہی آداب و شرائط ہیں جو اوپر مذکور ہوئے۔ صرف اتنا فرق ہے کہ یہاں پہلی منزل دوشنبہ کے بجائے جمعہ کو شروع ہوتی ہے (باقی برصفحہ آئندہ)

ہے۔ یعنی آٹھویں دن ہی ختم۔ اسی دن پہلی منزل کا شروع ہے اور جن جن درودوں یا دعاؤں کو تین تین
مرتبہ پڑھنا لکھا ہے اُن کو تین مرتبہ پڑھے۔ اس برکت والی کتاب کے پڑھنے میں دو جہان کی سعادات
حاصل ہوتی ہیں کیونکہ اس میں سب کے سب درود مبارک جمع ہیں۔ جس نے اس کا وظیفہ شروع کیا اس
کے دین و دنیا کے سب کام حسن انجام پاتے ہیں۔ جس اعتقاد و خلوص نیت کرے گا نیک نیت سے
ہی اجر حاصل ہوتا ہے۔ واللہ الموفق والمعین۔ بعد ختم دلائل الخیرات کے ایک دفعہ درود کبریت احمر
پڑھنا چاہیے۔



(بقیہ صفحہ گزشتہ) اور آخری منزل جمعہ کو ہی ختم ہوتی ہے۔ اس لئے سلسلہ چشتیہ سے جو لوگ منسلک ہیں وہ دلائل الخیرات
کی تلاوت میں اس ترتیب کو ملحوظ رکھیں۔ ہر منزل کی ابتدا میں نوٹ لکھ دیا گیا ہے کہ یہ منزل سلسلہ چشتیہ میں کس روز
پڑھی جانی چاہیے۔

فقیر محمد کرم شاہ
سجادہ نشین بھیرہ ضلع سرگودھا

مُقَدِّمَہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے اور درود و سلام ہوں ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ○ قَالَ الشَّيْخُ

محمد پر اور آپ کی آل و اصحاب پر فرمایا شیخ نے

اَلْاِمَامُ الْوَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْقُطْبُ الشَّهِيْرُ سُلْطَانُ

جو پیشوا ہیں، ولی کبیر ہیں قطب شہیر ہیں مقربین کے

الْمُقَرَّبِيْنَ وَقُطْبُ دَآئِرَةِ الْمُحَقِّقِيْنَ ○

بادشاہ ہیں محققین کے حلقہ کے قطب

وَسَيِّدُ الْعَارِفِيْنَ ○ صَاحِبُ الْكَرَامَاتِ

عارفوں کے سردار [illegible] کرامات اور

الظَّاهِرَةِ وَالْاَسْرَارِ الْبَاهِرَةِ ○ سَيِّدِيْ اَبُوْ

روشن اسرار کے مالک ہیں یعنی میرے سردار ابو

عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجَزُوْلِيُّ

عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ۝
رضی اللہ عنہ کر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِلْاِیْمَانِ وَالْاِسْلَامِ ۝
سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہماری رہنمائی فرمائی ایمان اور اسلام کی طرف

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّہٖ
اور درود و سلام ہوں ہمارے آقا محمد پر جو اللہ کے نبی ہیں

الَّذِیْ اسْتَنْقَذَنَا بِہٖ مِنْ عِبَادَۃِ الْاَوْثَانِ
جن کے طفیل اللہ نے ہمیں بتوں اور جھوٹے خداؤں کی پرستش سے

وَالْاَصْنَامِ ۝ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ النُّجَبَآءِ الْبَرَرَۃِ
نجات دی نیز آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر جو برگزیدہ نیکوکار اور

الْکِرَامِ ۝ وَبَعْدَ ھٰذَا فَالْغَرَضُ فِیْ ھٰذَا الْکِتَابِ
اہل کرم ہیں حمد و نعت کے بعد اس کتاب کی تالیف کا مقصد

ذِکْرُ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے

وَفَضَآئِلِھَا نَذْکُرُھَا مَحْذُوْفَۃَ الْاَسَانِیْدِ لِیَسْھُلَ
اور اس کے فضائل کا بیان ہے ہم انہیں ذکر کریں گے اسناد کو حذف کر دیں گے تاکہ قاری پر

حِفْظُهَا عَلَى الْقَارِئِ وَهِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ

ان کا حفظ آسان ہو جائے اور یہ اہم ترین مقاصد سے ہے

لِمَنْ يُّرِيْدُ الْقُرْبَ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ ۝

اُس خوش نصیب کے لئے جو رب العالمین کے قرب کا خواستگار ہو

وَسَمَّيْتُهٗ بِكِتَابِ

میں نے اس کتاب کا نام

دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ

دلائل الخیرات

وَشَوَارِقِ الْاَنْوَارِ

اور شوارق الانوار

فِيْ ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ ۝ اِبْتِغَآءً

فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار رکھا ہے مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ

لِمَرْضَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَحَبَّةً فِيْ رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

راضی ہو اور محبت نصیب ہو اُس کے رسول کریم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ۝

ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی

وَاللّٰهُ الْمَسْئُوْلُ اَنْ يَّجْعَلَنَا لِسُنَّتِهٖ مِنَ التَّابِعِيْنَ ۝
اور اللہ تعالیٰ سے ہی ہم التجا کرتے ہیں کہ ہمیں آپ کی سُنّت کے فرمانبرداروں

وَلِذَاتِهِ الْكَامِلَةِ مِنَ الْمُحِبِّيْنَ ۝ فَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ
اور آپ کی کامل ذات کے عشاق میں سے کرے بے شک وہ اس پر

قَدِيْرٌ ۝ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُهٗ ۝ وَهُوَ
قادر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اس کے اور نہیں کوئی بھلائی بجز اس کی بھلائی کے اور وہ

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
بہترین دوست اور بہترین مددگار ہے ہمارے پاس نیکی کرنے اور گناہ سے بچنے

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝
کی کوئی طاقت اور قوت نہیں بجز اللہ کی مدد کے جو برتر اور عظمت والا ہے

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝
تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو

فَصْلٌ فِیْ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ

یہ فصل نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر

عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۝

درود بھیجنے کے فضائل میں ہے

قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ

فرمایا اللہ نے جو غالب اور بزرگ ہے بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں

عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ

اس نبی معظم پر۔ اے ایمان والو تم بھی آپ پر درود بھیجا کرو اور بڑے ادب

سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

اور احترام سے سلام عرض کیا کرو

وَیُرْوٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جَآءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّالْبُشْرٰی تُرٰی فِیْ وَجْھِہٖ فَقَالَ

ایک روز تشریف لائے اور خوشی ظاہر ہو رہی تھی آپ کے رُخ انور سے بس آپ

اِنَّہٗ جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ لِیْ اَمَا

نے فرمایا کہ میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے ہیں اور مجھے کہا ہے کہ اے

تَرْضٰی یَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا یُصَلِّیَ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ

محمد مصطفےٰ آپ اس بات پر راضی نہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار درود

اُمَّتِکَ اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا ۝ وَلَا یُسَلِّمُ

بھیجے تو میں اس پر دس بار درود بھیجوں اور آپ کا جو امتی

عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا ۝

آپ پر ایک بار سلام بھیجے تو میں اس پر دس بار سلام بھیجوں

وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ ہوگا جو ان میں

بِیْ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً ۝ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

سے مجھ پر بہت کثرت سے درود بھیجے گا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَّتْ عَلَیْہِ الْمَلٰٓئِکَۃُ مَادَامَ

فرمایا جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے اس پر فرشتے درود بھیجتے رہتے ہیں جب تک وہ

یُصَلِّیْ عَلَیَّ فَلْیُقِلَّ عِنْدَ ذٰلِکَ اَوْ لِیُکْثِرْ وَقَالَ

مجھ پر درود بھیجتا رہے سو اب اس کی مرضی تھوڑا درود بھیجے یا زیادہ۔ رسول کریم

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی کے بخیل ہونے کے لئے

أَنْ أُذْكَرَ عِنْدَهٗ وَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ

اتنا ثبوت ہی کافی ہے کہ اس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ رسول کریم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۝

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کثرت سے درود بھیجا کرو مجھ پر جمعہ کے دن

وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِنْ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمت سے جو شخص مجھ پر

أُمَّتِيْ مَرَّةً وَّاحِدَةً كُتِبَتْ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّ

ایک مرتبہ درود پڑھے گا اس کے نامۂ عمل میں دس نیکیاں لکھی جائیں گی اور

مُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّاٰتٍ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

دس گناہ مٹا دیئے جائیں گے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْأَذَانَ وَالْإِقَامَةَ ۝

نے فرمایا جب کوئی شخص اذان اور اقامت سن کر یہ کہتا ہے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ

اے اللہ! اس کامل دعوت کے اور قائم ہونے والی نماز کے مالک!

اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ

عطا فرما اپنے محبوب (محمد) کو وسیلہ اور بزرگی اور بلند درجہ

وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ انِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ حَلَّتْ لَهٗ

اور انہیں مقامِ محمود پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے تو اس

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

کے لیے روزِ قیامت میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔ نبی رحمت نے فرمایا

وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کِتَابٍ لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِکَةُ تُصَلِّیْ

جس نے مجھ پر درود کتاب میں لکھا فرشتے اس پر اس وقت تک درود

عَلَیْهِ مَادَامَ اسْمِیْ فِیْ ذٰلِكَ الْکِتَابِ ○ وَقَالَ

پڑھتے رہیں گے جب تک میرا نام اس کتاب میں لکھا رہے گا حضرت ابو سلیمان دارانی

اَبُوْ سُلَیْمَانَ الدَّارَانِیُّ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّسْئَلَ اللّٰهَ

نے فرمایا کہ جو ارادہ کرے کہ اللہ تعالیٰ سے اپنی

حَاجَتَهٗ فَلْیُکْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ

حاجت مانگے تو اسے چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہ کثرت سے درود پڑھے

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ یَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ وَلْیَخْتِمْ

پھر اللہ سے اپنی حاجت مانگے اور چاہیے کہ ختم کرے

بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ

اپنی التجا کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے سے کیونکہ

اللّٰہُ یَقْبَلُ الصَّلٰوتَیْنِ وَھُوَ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَّدَعَ مَا

اللہ تعالیٰ دونوں درودوں کو تو قبول فرماتا ہی ہے اور اُس کا کرم گوارا نہیں کرتا کہ درمیان

بَیْنَہُمَا ○ وَرُوِیَ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ

کی دعا کو مسترد کر دے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہے کہ حضور نے

قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ غُفِرَتْ

فرمایا جو جمعہ کے دن سو مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا اُس کی

لَہٗ خَطِیْئَۃُ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً ○ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ

اسی سال کی خطائیں بخش دی جائیں گی حضرت ابو ہریرہ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُصَلِّیْ عَلَیَّ نُوْرٌ عَلَی الصِّرَاطِ وَمَنْ

فرمایا مجھ پر درود پڑھنے والے کے لیے پل صراط پر نور ہوگا اور جو

کَانَ عَلَی الصِّرَاطِ مِنْ اَھْلِ النُّوْرِ لَمْ یَکُنْ مِّنْ

پل صراط پر اہل نور سے ہوگا وہ دوزخیوں میں سے

اَھْلِ النَّارِ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ

نہیں ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے

نَسِیَ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فَقَدْ اَخْطَأَ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ وَاِنَّمَا

فراموش کردیا مجھ پر درود پڑھنے کو اُسے بھول گیا جنت کا راستہ نسیان سے مراد ترکِ درود

اَرَادَ بِالنِّسْیَانِ التَّرْکَ وَاِذَا کَانَ التَّارِکُ مُخْطِئَ طَرِیْقِ

ہے اور جب درود کا تارک جنت کا راستہ بھول جاتا ہے تو درود پڑھنے والا

الْجَنَّۃِ کَانَ الْمُصَلِّیْ عَلَیْہِ سَالِکًا اِلَی الْجَنَّۃِ ۝ وَفِیْ

جنت کی راہ پر گامزن ہوتا ہے حضرت

رِوَایَۃِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَاءَنِیْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس

جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ لَا یُصَلِّیْ

جبریل علیہ السلام آئے اور کہا یا محمد حضور کا جو اُمتی

عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلّٰی عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ

آپ پر ایک بار درود پڑھے گا ستر ہزار

اَلْفَ مَلَکٍ وَّمَنْ صَلَّتْ عَلَیْہِ الْمَلٰٓئِکَۃُ کَانَ مِنْ

فرشتے اُس پر درود پڑھیں گے اور جس پر فرشتے درود پڑھتے ہیں وہ

أَهْلِ الْجَنَّةِ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرُكُمْ

اہل جنت سے ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جو

عَلَيَّ صَلٰوةً أَكْثَرُكُمْ أَزْوَاجًا فِي الْجَنَّةِ ۝ وَرُوِيَ

زیادہ مجھ پر درود پڑھے گا اُسے جنت میں حوریں بھی زیادہ ملیں گی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ

سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا جو شخص مجھ پر

صَلٰوةً تَعْظِيمًا لِحَقِّي خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذٰلِكَ

درود بھیجتا ہے محض میرے حق کی تعظیم بجالانے کے لیے تو اللہ تعالیٰ پیدا فرماتا ہے اس درود

الْقَوْلِ مَلَكًا لَهُ جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَالْأُخْرُ بِالْمَغْرِبِ

سے ایک فرشتہ اس کا ایک پر مشرق میں اور دوسرا مغرب میں

وَرِجْلَاهُ مَقْرُورَتَانِ فِي الْأَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰى

اور اس کے دو پاؤں گڑے ہوتے ہیں نیچے والی ساتویں زمین میں

وَعُنُقُهُ مُلْتَوِيَةٌ تَحْتَ الْعَرْشِ يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ

اور اس کی گردن لپٹی ہوتی ہے عرش کے نیچے اللہ عزّ و جلّ

وَجَلَّ لَهُ صَلِّ عَلٰى عَبْدِي كَمَا صَلّٰى عَلٰى نَبِيِّي فَهُوَ

اُسے حکم دیتے ہیں کہ درود پڑھ میرے اس بندہ پر جس طرح اس نے درود پڑھا میرے نبی پر سو وہ

يُصَلِّيْ عَلَيْهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○ وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى

قیامت تک اُس پر درُود پڑھتا رہے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ لَيَرِدَنَّ عَلَى الْحَوْضِ يَوْمَ

مروی ہے کہ آپ نے فرمایا روزِ قیامت حوضِ کوثر پر میرے

الْقِيٰمَةِ أَقْوَامٌ مَّا أَعْرِفُهُمْ إِلَّا بِكَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ ○

پاس ایسی قومیں آئیں گی جن کو میں محض اُن کے کثرتِ درُود سے پہچانتا ہوں

وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا جو مجھ پر

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ

ایک مرتبہ درُود پڑھتا ہے اللہ اُس پر دس بار

مَرَّاتٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عَشْرَ مَرَّاتٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

درُود پڑھتا ہے اور جو مجھ پر دس مرتبہ درُود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس پر

مِائَةَ مَرَّةٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِائَةَ مَرَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ

سو مرتبہ درُود پڑھتا ہے اور جو مجھ پر سو مرتبہ پڑھتا ہے اللہ تعالےٰ

عَلَيْهِ أَلْفَ مَرَّةٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ أَلْفَ مَرَّةٍ حَرَّمَ اللّٰهُ

ہزار بار اُس پر درُود پڑھتا ہے اور جو شخص مجھ پر ہزار بار درُود بھیجے اس کے جسم کو اللہ تعالےٰ

جَسَدَهٗ عَلَى النَّارِ وَثَبَّتَهٗ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي
آگ پر حرام کر دیتا ہے اور اس کو سچے قول پر ثابت قدم رکھتا ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ وَاَدْخَلَهُ
دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں سوال کے وقت قبر میں اور داخل فرمائیگا

الْجَنَّةَ وَجَاءَتْ صَلٰوتُهٗ عَلَيَّ نُوْرًا لَّهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اُسے جنت میں اور آئے گا اس کا درود جو اس نے مجھ پر بھیجا ہے نور بن کر قیامت

عَلَى الصِّرَاطِ مَسِيْرَةَ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّاَعْطَاهُ
کے دن جو پل صراط پر پانچ سو سال کی مسافت تک پھیلا ہوا ہوگا اور ہر درود کے بدلے

اللّٰهُ بِكُلِّ صَلٰوةٍ صَلَّاهَا عَلَيَّ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ قَلَّ
اللہ تعالیٰ جنت میں اُسے ایک محل دے گا تھوڑا پڑھے

ذٰلِكَ اَوْ كَثُرَ ○ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
یا زیادہ (یہ اس کی مرضی) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰى عَلَيَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوةُ مُسْرِعَةً
جو بندہ مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اس کا درود اس کے منہ سے تیزی سے

مِّنْ فِيْهِ فَلَا يَبْقٰى بَرٌّ وَّلَا بَحْرٌ وَّلَا شَرْقٌ وَّلَا غَرْبٌ
نکلتا ہے پھر کوئی باقی نہیں رہتی ہے خشکی نہ کوئی سمندر نہ مشرق اور نہ مغرب

اِلَّا وَتَمُرُّ بِهٖ وَتَقُوْلُ اَنَا صَلٰوةُ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ
مگر وہ وہاں سے گزرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں فلاں بن فلاں کا درود ہوں

صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ فَلَا يَبْقٰى
جو اس نے محمد مختار جو اللہ کی سب مخلوق سے بہتر ہے پر بھیجا ہے پس نہیں باقی رہتی

شَيْءٌ اِلَّا وَصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُخْلَقُ مِنْ تِلْكَ الصَّلٰوةِ
مگر اس پر درود بھیجتی ہے اور اس درود سے ایک پرندہ پیدا

طَائِرٌ لَّهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِيْ كُلِّ جَنَاحٍ
کیا جاتا ہے جس کے ستر ہزار بازو ہوتے ہیں اور ہر بازو میں

سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِيْ كُلِّ رِيْشَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
ستر ہزار پر ہوتے ہیں اور ہر پر میں ستر ہزار

رَأْسٍ فِيْ كُلِّ رَأْسٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ وَجْهٍ فِيْ كُلِّ
سر ہوتے ہیں اور ہر سر میں ستر ہزار چہرے ہوتے ہیں اور ہر چہرے

وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ فِيْ كُلِّ فَمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
میں ستر ہزار منہ ہوتے ہیں اور ہر منہ میں ستر ہزار

لِسَانٍ فِيْ كُلِّ لِسَانٍ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ
زبانیں اور ہر زبان ستر ہزار لغات میں اللہ کی تسبیح کرتی ہے

لُغَاتٍ وَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ○ وَعَنْ

اور اللہ تعالیٰ ان سب کا ثواب اس کے لئے لکھتا ہے حضرت

عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے کہا کہ رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن مجھ پر

مِائَةَ مَرَّةٍ جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَعَهٗ نُوْرٌ لَّوْ قُسِمَ ذٰلِكَ

سو مرتبہ درود بھیجا وہ روز قیامت آئے گا اور اس کے ساتھ نور ہوگا اگر اس کی

النُّوْرُ بَيْنَ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ لَوَسِعَهُمْ ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ

روشنی ساری مخلوق پر تقسیم کی جائے تو سب کو کافی ہو بعض اخبار میں

الْاَخْبَارِ مَكْتُوْبٌ عَلٰى سَاقِ الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَيَّ

مذکور ہے کہ عرش کے ستون پر لکھا ہے کہ جو میرا مشتاق ہوگا تو

رَحِمْتُهٗ وَمَنْ سَاَلَنِيْ اَعْطَيْتُهٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَيَّ

میں اس پر رحمت کروں گا اور جس نے مجھ سے مانگا میں اس کو عطا کروں گا اور جو میرے

بِالصَّلٰوةِ عَلٰى حَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَلَوْ

حبیب محمد مصطفیٰ پر درود بھیج کر میرا قرب حاصل کرے گا میں اس کے گناہ بخش دوں گا اگرچہ وہ

كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ۝ وَرُوِيَ عَنْ بَعْضِ
سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں بعض صحابہ
الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ أَنَّهُ قَالَ
رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ جس
مَا مِنْ مَجْلِسٍ يُصَلّٰى فِيْهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
محفل میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا
وَسَلَّمَ إِلَّا قَامَتْ مِنْهُ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ
جاتا ہے اُس سے ایک خوشبودار مہک اُٹھتی ہے جو آسمان تک
عَنَانَ السَّمَاءِ فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا مَجْلِسٌ صُلِّيَ فِيْهِ
جا پہنچتی ہے پھر فرشتے کہتے ہیں یہ وہ محفل ہے جس میں
عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۝ ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ
محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا گیا ہے بعض اخبار میں مذکور
الْأَخْبَارِ أَنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ أَوِ الْأَمَةَ الْمُؤْمِنَةَ إِذَا
ہے جب کوئی بندہ مومن یا مومن بندی حضرت
بَدَأَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا شروع کرتی ہے

فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَالسُّرَادِقَاتُ حَتّٰى اِلَى
تو کھول دیے جاتے ہیں اس کے لیے آسمانوں کے دروازے اور اُلٹ دیے جاتے ہیں
الْعَرْشِ فَلَا يَبْقٰى مَلَكٌ فِى السَّمٰوٰتِ اِلَّا صَلّٰى عَلٰى
حجابات عرش تک پس کوئی فرشتہ آسمانوں میں باقی نہیں رہتا مگر وہ
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِكَ
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجتا ہے اور مغفرت طلب کرتا ہے اس بندے
الْعَبْدِ اَوِ الْاَمَةِ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور بندی کے لیے جتنا اللہ چاہے اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ
وسلم نے جس پر مشکل ہو جائے کوئی حاجت پس اسے چاہیے کہ کثرت سے
عَلَيَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ
درود بھیجے مجھ پر کیونکہ درود دور کرتا ہے سب افکار کو، سب غموں کو، سب تکلیفوں کو
وَتُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِى الْحَوَآئِجَ ۝ وَعَنْ
اور زیادہ کرتا ہے روزیوں کو اور روا کرتا ہے سب حاجتوں کو ایک بزرگ
بَعْضِ الصّٰلِحِيْنَ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ لِىْ جَارٌ نَسَّاخٌ فَمَاتَ
سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ میرا ایک پڑوسی تھا جو کتابت کیا

فَرَأَيْتُهُ فِي الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَهُ مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ

کرتا تھا وہ مر گیا تو میں نے اُسے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے

فَقَالَ غَفَرَ لِي فَقُلْتُ لَهُ فَبِمَ ذٰلِكَ فَقَالَ كُنْتُ إِذَا

تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔ کہا مجھے بخش دیا۔ میں نے پوچھا کیسے۔ کہا کہ جب میں

كَتَبْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كِتَابٍ

حضور کا اسم مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھا کرتا تو میں درود پڑھا کرتا تھا آپ پر

صَلَّيْتُ فَأَعْطَانِي رَبِّي مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ

اس کے صلہ میں مجھے میرے رب نے وہ نعمتیں بخشیں جو نہ آنکھ نے دیکھیں نہ کان نے

سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ ۞ وَعَنْ أَنَسٍ

سنیں اور نہ کسی کے دل میں ان کا تصور ہوا حضرت انس سے مروی ہے

أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آپ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ

تم میں سے کوئی کامل مومن نہیں بن سکتا یہاں تک کہ میں اُسے محبوب تر ہو جاؤں

نَفْسِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ وَوَالِدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ۞

اس کے نفس سے، اس کے مال سے، اس کی اولاد سے، اس کے والد سے اور تمام لوگوں سے۔

وَفِیْ حَدِیْثِ عُمَرَ اَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

حدیث میں ہے حضرت عمرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ مجھے ہر چیز سے

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا نَفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیَّ فَقَالَ عَلَیْہِ

محبوب ہیں بجز میرے نفس کے جو میرے پہلو میں ہے حضور علیہ الصلوۃ

الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَا تَکُوْنُ مُؤْمِنًا حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ

والسلام نے فرمایا کہ تو مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں تمہیں تمہارے

اِلَیْکَ مِنْ نَّفْسِکَ فَقَالَ عُمَرُ وَالَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْکَ

نفس سے بھی محبوب تر نہ ہوں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے

الْکِتَابَ لَاَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِی الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیَّ

آپ پر قرآن نازل فرمایا آپ مجھے میرے نفس سے بھی اب پیارے ہو گئے ہیں

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاٰنَ یَا عُمَرُ

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب اے عمر!

تَمَّ اِیْمَانُکَ ۝ وَقِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

تیرا ایمان مکمل ہو گیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا

وَسَلَّمَ مَتٰی اَکُوْنُ مُؤْمِنًا وَفِیْ لَفْظٍ اٰخَرَ مُؤْمِنًا

میں کب مومن بنوں گا اور دوسری روایت میں ہے کہ کب

صَادِقًا قَالَ اِذَآ اَحْبَبْتَ اللّٰهَ فَقِيْلَ مَتٰى اُحِبُّ

سچا مومن ہوں گا فرمایا جب تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرو گے۔ اس نے عرض کی کب میں اللہ

اللّٰهَ قَالَ اِذَآ اَحْبَبْتَ رَسُوْلَهٗ فَقِيْلَ وَمَتٰى اُحِبُّ

سے محبت کروں گا فرمایا جب تم اس کے رسول سے محبت کرو گے عرض کی میں اس کے رسول سے

رَسُوْلَهٗ قَالَ اِذَا اتَّبَعْتَ طَرِيْقَتَهٗ وَاسْتَعْمَلْتَ

کب محبت کروں گا فرمایا جب تم ان کی راہ پہ چلو گے اور ان کی سنت پہ عمل

بِسُنَّتِهٖ وَاَحْبَبْتَ بِحُبِّهٖ وَاَبْغَضْتَ بِبُغْضِهٖ وَ

کرو گے اور اس کی محبت کے باعث کسی سے محبت کرو گے اور اس کے بغض کی وجہ سے کسی سے

وَالَيْتَ بِوَلَايَتِهٖ وَعَادَيْتَ بِعَدَاوَتِهٖ وَيَتَفَاوَتُ

بغض کرو گے اور اس کی دوستی کے لیے کسی سے دوستی کرو گے اور اس کی دشمنی کے باعث کسی کی دشمنی کرو گے

النَّاسُ فِى الْاِيْمَانِ عَلٰى قَدْرِ تَفَاوُتِهِمْ فِىْ مَحَبَّتِىْ وَ

اور متفاوت ہوتے ہیں لوگ ایمان میں جس قدر وہ میری محبت میں متفاوت ہوتے ہیں اور

يَتَفَاوَتُوْنَ فِى الْكُفْرِ عَلٰى قَدْرِ تَفَاوُتِهِمْ فِىْ بُغْضِىْ ۝

لوگ متفاوت ہوتے ہیں کفر میں جس قدر وہ میری دشمنی میں متفاوت ہوتے ہیں

اَلَا لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا مَحَبَّةَ لَهٗ ۝ اَلَا لَا اِيْمَانَ

خبردار جس کے دل میں حضور کی محبت نہیں اس کا ایمان بھی نہیں خبردار جس کے دل میں حضور

لِمَنْ لَا مَحَبَّةَ لَهٗ ۝ اَلَا لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا مَحَبَّةَ لَهٗ ۝

خبردار جس کے دل میں حضور کی محبت نہیں اس کا ایمان بھی نہیں کی محبت نہیں اس کا ایمان بھی نہیں

